https://ataunnabi.blogspot.com/

نبیِ پاک صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم کے میلاد شریف پر
نایاب کتاب

ذکرِ میلادِ رسول صلی اللہ علیہ وسلم

ترجمہ

مولد العروس

اردو۔ عربی

مصنّفہ

علامہ ابن جوزی محدّث علیہ الرحمۃ

ترجمہ

پروفیسر دوست محمد شاکر ایم اے

قادری کتب خانہ ۔ تحصیل بازار سیالکوٹ

https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/

خوشخبری

مسلک اہلسنت و جماعت کے عقائد و نظریات۔۔۔

بد مذہبوں کے باطلہ عقائد اور ان کے رد۔۔۔

اہلسنت پر کئے جانے والے اعتراضات کے جوابات پر مشتمل

کتب و رسائل، آڈیو ویڈیو بیانات اور والپیپر حاصل کرنے کے لئے

تحقیقات چینل ٹیلیگرام جوائن کریں

https://t.me/tehqiqat

https://archive.org/details/@zohaibhasanattari
Click For More Books

https://ataunnabi.blogspot.com/

نبی پاک صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے میلاد شریف پر
نایاب کتاب

ذکرِ میلادِ رسول صلی اللہ علیہ وسلم

ترجمہ

مولد العروس

اردو۔ عربی

مصنفہ

علامہ ابن جوزی محدث علیہ الرحمۃ

ترجمہ

پروفیسر دوست محمد شاکر ایم اے

قادری کتب خانہ ۰ تحصیل بازار سیالکوٹ

https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/

جملہ حقوق بحق ناشر محفوظ ہیں

نام کتابت ——————— مولد العروس
مصنف ——————— علامہ محدث ابن جوزی علیہ الرحمہ
مترجم ——————— پروفیسر دوست محمد شاکر سیالوی ایم .اے
بار ——————— اول
ناشر ——————— قادری کتب خانہ تحصیل بازار سیالکوٹ
قیمت ———————

https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/

فہرست

https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/

https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/

محدث ابنِ جوزی علیہ الرحمہ کے حالات

نام ونسب :

مصنف کتاب حضرت علامہ امام ابن جوزی رحمۃ اللہ علیہ کا اسم گرامی عبدالرحمٰن بن ابی الحسن علی بن محمد بن علی ابن عبداللہ بن حمادی بن محمد بن محمد بن جعفر الجوزی، کنیت ابوالفرج اور لقب ابنِ جوزی ہے۔
آپ کے اس مشہور زمانہ لقب کا سبب یہ ہے کہ آپ کے آبا میں آٹھویں پشت پر جعفر نامی شخص کو جوزی کے لقب سے یاد کیا جاتا تھا۔ اور ابن عماد کے بقول جوز شہر بصرہ کا ایک محلہ ہے۔
امام الحدیث علامہ ابن جوزی علیہ الرحمۃ اپنی عمر کی بمشکل تین منزلیں طے کر پائے تھے کہ شفقت پدری سے محروم ہو گئے۔ مستقبل میں دنیائے اسلام پر آفتاب علم و دانش بن کر چمکنے والے اس نونہال کی پرورش والد کے بعد پھوپھی نے کی۔ جب آپ حد شعور میں داخل ہوئے تو پھوپھی آپ کو ابوالفضل ابن ناصر کی مسجد میں چھوڑ آئیں جو رشتہ میں اُن کے ماموں تھے۔ انہوں نے اس نہایت زیرک بچے کو اپنی تربیت میں لے کر پوری توجہ سے علوم دینیہ پڑھانے شروع کیے۔ آپ نے تھوڑے سے عرصے میں حفظِ قرآن، علوم قرأت اور تحصیل علم حدیث کی منازل طے کر لیں۔ آپ نے خود فرمایا۔
"علم کی محبت بچپن ہی سے میرے دل کی گہرائیوں میں جاگزیں تھی اور میں حصولِ علم کے لیئے کسی بڑی سے بڑی مہم کو سر کرنے میں لذت محسوس کیا

https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/

کرتا تھا۔ چنانچہ اللہ نے مجھے مقام علم پر فائز کر دیا۔"

علم حدیث

یوں تو علامہ ابن جوزی جملہ علوم متداولہ میں بڑا اونچا مقام رکھتے تھے مگر جس علم میں انہیں ابدی و آفاقی شہرت حاصل ہوئی وہ علم حدیث ہے۔ اس علم میں آپ کی بہت سی تصانیف ہیں۔ حتیٰ کہ اپنے مقام علم و تجربہ پر اعتماد کی وجہ سے کہا کرتے تھے کہ:

"میرے زمانے تک رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت شدہ کوئی بھی حدیث میرے سامنے بیان کی جائے تو میں بتا سکتا ہوں کہ یہ صحت و ضعف کے کس درجے پر ہے۔"

اور یہ دعویٰ افتخار غرور پر مبنی نہیں، اظہار حق و صداقت اور تحدیث نعمت کے طور پر ہے۔ فن حدیث میں آپ کی تصانیف کثیرہ اس پہ شاہد عادل ہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی حدیث پاک سے عشق کی حد تک اپنے لگاؤ بلکہ وارفتگی کو ان الفاظ میں بیان فرمایا کرتے تھے۔

"مجھے نوعمری میں (جبکہ عام لڑکوں کو کھیل کود کے سوا کسی چیز کی خبر نہیں ہوتی) جب کبھی گھر آنے کا اتفاق ہوتا چند خشک روٹیاں توشہ دان میں ساتھ لے کر سرورِ انبیا جناب محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم کی حدیث کے حصول کے لئے نکل کھڑا ہوتا۔ متعدد مرتبہ ایسا ہوا کہ میں صبح ہی صبح نہر عیسیٰ کی طرف نکلا اور شام تک اُس کے کنارے بیٹھ کے احادیث کا متن یاد کرتا رہا مگر شام کا اندھیرا چھا جانے تک پاس رکھی ہوئی سوکھی روٹی کے دو لقمے منہ میں ڈالنے کی فرصت ہی نہیں ملی۔ بس دل میں یہی خیال اور دماغ میں یہی خمار تھا کہ بے ثبات زندگی میں بھی اور مرنے کے بعد بھی مجھے انہی الفاظ

https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/

میں یاد کیا جائے کہ ابن جوزی اللہ کے محبوب کی احادیث اور اُن کے جان نثار صحابہؓ کے احوال زندگی کا بہت بڑا حافظ تھا۔"

خلکان نے حضرت علامہ ابن جوزی رحمۃ اللہ علیہ کے حدیث مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم سے بے پناہ عشق اور اس کے ساتھ وابستہ مچلتی ہوئی تمناؤں کے اظہار کا تذکرہ ایسے وارفتہ انداز میں کیا ہے جسے سن کر دردِ عشق رکھنے والے دلوں میں محبت کے نغمے چھڑ جاتے ہیں۔

وہ فرماتے ہیں کہ علامہ ابن جوزی علیہ الرحمۃ نے حالت نزع نحیف سی آواز میں پاس بیٹھے ہوئے لوگوں سے کہا کہ وہ سارے قلم اکٹھے کیئے جائیں جن سے میں نے تمام عمر شافع محشر محبوب داور صلی اللہ علیہ وسلم کی مبارک احادیث لکھی ہیں اور اُن کے سروں پر لگی ہوئی روشنائی کھرچ لی جائے۔ جب آپ کے حکم کی تعمیل کی گئی تو اس سیاہی کا ڈھیر لگ گیا۔ پھر اُس پروانہ شمع رسالت نے بحر محبت کی گہرائیوں میں ڈوب کر یہ وصیت کی کہ مرنے کے بعد میری نعش کو غسل دینے کے لیئے تیار کردہ پانی میں یہ روشنائی ڈال دینا۔ شاید خدائے رحمان و رحیم اس جسم کو نار جہنم سے نہ جلائے جس پہ اُس کے محبوب کی حدیث کی روشنائی کے ذرے لگے ہوں۔"

وصیت کے مطابق آپ کو غسل دیا گیا تو کافی مقدار میں روشنائی پھر بھی بچ رہی تھی۔

مذکورہ بالا عبارت کو دیکھ کر اس عاشق جگر سوختہ کے حسن طلب پر صد آفرین کہنا پڑتا ہے کہ کس ادائے دل رُبائی سے فضل باری کا مطالبہ کر رہے ہیں۔ اللہ تعالےٰ کی رحمت کے اس اعتمال اور نگاہِ قدرت میں حرمتِ مصطفےٰ کے اس وثوق پر کہا جا سکتا ہے کہ جس انداز پُر نیاز سے ابن جوزی نے مطالبہ مغفرت کیا ہے خدائے رحمان نے کیوں نہ آپ کو جنت کی وسعتوں کا مالک بنا دیا ہوگا۔

[illegible] نے پیارے

https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/

محبوب صلی اللہ علیہ وسلم کی محبت کے بھی انداز عطا فرما۔

فن خطابت

خطابت کا شوق آپ کی طبع مستقیمہ میں شروع ہی سے تھا۔ عہدِ نوخیزی ہی میں اچھے واعظ تھے۔ وقت گزرنے کے ساتھ آپ کی صلاحیتوں میں روز افزوں نکھار آتا گیا۔ اور پھر اس فن میں آپ کو وہ ملکہ حاصل ہوا کہ چند لمحوں میں آپ کے چند کلمات سے لاکھوں کے مجمع میں آگ لگ جاتی، اور مجلس وعظ میں عوام الناس ہی نہیں، خلیفہ وقت بھی جملہ وزرائے سلطنت کے ساتھ پتھر کی تصویر بنا دم بخود بیٹھا ہوتا تھا۔ آپ کے وعظ سے متاثر ہو کر ہزاروں گم کردہ راہ فسق و فجور سے تائب ہو کر صراط مستقیم کے راہی بن گئے اور آپ کے دستِ حق پرست پر دو لاکھ سے زائد کفار کلمہ حق لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پڑھ کر حلقہ بگوش اسلام ہوئے۔ آپ کا دعویٰ تھا کہ "جو آنکھیں عدم ذوق اور کثرتِ گناہ سے پتھر بن گئی ہوں، دریائے وعظ کی سیلانی سے نالہ کناں ہو کر بہہ پڑتی ہیں"

حکمرانوں کی خوشنودی اور دربارِ شاہی میں رسائی کے لیئے آپ نے کبھی وعظ نہ کیا۔ خود کو ظلِ سلطانی اور مداہنتِ لسانی سے ہمیشہ دور رکھا، ساری عمر شمشیرِ وعظ اور نیزۂ قلم سے جہاد حق کیا اور اسی راہ میں جان، جان آفرین کے حوالے کر دی۔

صرف علم حدیث اور فنِ وعظ ہی میں نہیں، تمام علوم میں آپ کو منفرد مقام حاصل تھا۔

ابن جوزی کا مسلک

فہم قرآن وحدیث میں آپ کا روئے فکر و تدبر الفاظ کی ظاہریت کی طرف رہا۔ اور فطرت مستنبط عقلی استدلال کے بجائے نقل صحیح پر قناعت کناں تھی۔ یعنی آپ استخراج معانی مختلفہ کے بجائے تمسک بالالفاظ کی طرف زیادہ مائل تھے۔

https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/

مذہباً اگرچہ آپ حنبلی جانے اور پہچانے جاتے ہیں علتِ مذکورہ بالا کے باعث مختلف مذاہبِ فقہیہ اور مشہور مسالکِ اعتقادیہ میں سے کسی بھی مسلک و مذہب کو اس کی تمام تفاصیل کے ساتھ آپ نے اختیار نہیں فرمایا [1]

---

[1] یاد رہے کہ تمسک بالمعنیٰ التطبیق بین الآیتین اور ظاہراً دو مختلف الدلالت حدیثوں کے درمیان مطابقت پیدا کرنے کے لیے ضروری ہے اور کسی اختلافی مسئلے پر نقصان فہم کے باعث کتاب و سنت و اجماع سے نصِ صریح نہ ملنے کے وقت کسی علت مشترکہ کی بنا پر فرع غیر منصوصہ پر اثبات حکم کے لئے تمسک بالمعنیٰ ضروری ہے۔ جیسا کہ نبی اکرم شارع علیہ السّلام کا حکم پاک ہے۔ احادیث میں مسطور ہے کہ رسول معظم صلی اللہ علیہ وسلم حضرت معاذ ابن جبل رضی اللہ عنہ کو قاضی یمن بنا کر بھیجنے کے لئے جب مدینہ شریف سے باہر تشریف لائے تو اُن سے ارشاد فرمایا اے معاذ! تم مسند قضا پر بیٹھ کر کس دلیل سے فیصلہ کرو گے۔ عرض کی یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم، اللہ کی کتاب سے۔ آپ نے فرمایا کہ اگر کتاب سے نہ پاؤ تو؟ بولے، حدیث رسولِ خدا سے۔ پھر آپ نے آخری سوال کیا کہ اگر میری سنت سے بھی نہ پاؤ؟ حضرت معاذ ابن جبل رضی اللہ عنہ نے عرض کیا کہ پھر میں اپنی رائے سے اجتہاد کروں گا۔ تب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے خوش ہو کر ان الفاظ میں اللہ تعالیٰ کی حمد بیان کی۔

الحمدللہ الذی وَفَّقَ رسول رسول اللہ علیٰ ما یحبُّ ویرضاہُ (رواہ الترمذی وغیرہ)

ترجمہ: "سب تعریفیں اللہ کے لیے ہیں جس نے اپنے رسول کے فرستادہ کو وہ علم عطا فرمایا جو موجب رضائے الٰہی ہے۔"

اس لیئے صاحب کتاب ابن جوزی اور دیگر متمسکین بالظواہر بھی مواضع مذکورہ بہر تمسک بالمعنیٰ کے وجوب کے معترف ہیں۔ باقی ارتکاز نظر فی العبارت کی طرف زیادہ میلانِ خاطر بھی چنداں معیوب نہیں اور متن میں مذکور مسلکِ مصنف کا بھی یہی معنیٰ ہے۔

https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/

اسی لیئے حنبلی ہونے کے باوجود جماعت حنابلہ کے ائمہ آپ کی بعض آراء سے متفق نہیں۔ بلکہ یکے از ائمہ مسلک حنبلیہ علامہ ابن رجب حنبلی اپنی کتاب "طبقات الحنابلہ" میں اس طرح گویا ہیں۔

ہمارے مسلک حنبلیہ کے سربراہ آوردہ مشائخ مجتہدین وائمہ مستنبطین نے علامہ ابن جوزی کے مائل الی تاویل ہونے کی تصریح کی اور پھر ان کی آراء کا سخت رد کیا ہے۔" انتہیٰ۔

لیکن ان تمام تصریحات کے باوجود علامہ ابن جوزی کا حقیقت شناس دل اور دانائے رموزِ محبت قلم، جب عشق رسالت کی معطر وادیوں سے گزرتا ہے تو علم وحکمت اور عشق ومحبت کے پھول یوں کھلا دیتا ہے کہ عقیدت کی نظریں انہیں چوم لینے کو تڑپ جاتی ہیں۔

اس دعوے کی تصدیق اس وقت بڑی صراحت سے ہو جاتی ہے، جب ہم "الوفا" کے وہ ابواب پڑھتے ہیں جن میں زیارتِ قبر نبی، روضۂ رسول صلی اللہ علیہ وسلم سے استنقارِ مطر، گنبدِ خضریٰ میں عدالتِ محبوب کبریا میں کائنات کے جملہ مسلمین ومسلمات کے افعالِ حسنہ واعمالِ سیئہ کی پیشی اور خواب میں سرمہ مازاغ البصر والے حبیب کے دیدار جیسے عشق بھرے موضوعات کو پوری وارفتگی سے بیان کیا گیا ہے۔

استقامت وحق گوئی

کلام ابن جوزی میں پاسداریٔ حق وتبطیل باطل کا جو عنصر ہر جگہ پوری تابانی سے جلوہ گر نظر آتا ہے۔ اس کے پس منظر میں! معانِ نظر سے ہمیں اس دور کی خصوماتِ فکریہ وعداداتِ مذہبیہ کی ہلاکت خیزیاں اور کلام خدا وسنتِ مصطفےٰ سے گریز وفرار کی خوں آشامیاں دکھائی دیتی ہیں۔ ایسے دورِ پُرفتن میں سیرتِ احمد مختار پر عمل کرتے ہوئے ابن جوزی جیسے ... مبلغ اسلام نے اعلاء کلمۃ اللہ

https://archive.org/details/@zohaibhasanattari
Click For More Books

https://ataunnabi.blogspot.com/

اور تمسک بالسنۃ کا فریضہ بڑی شدت سے عائد ہوتا تھا جیسے انہوں نے کمال بے خوفی و استقامت سے ادا کیا۔

پس دیوارِ زنداں

وحید العصر علامہ عبد الرحمان ابن جوزی رحمۃ اللہ علیہ اسلام کے سچے شیدائی اور اظہار حق کے لیے لَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُونَ کی عملی تصویر تھے، حافظ ذہبی صاحبِ "میزان الاعتدال" کی کتاب تذکرۃ الحفاظ میں ہے۔

ایک بے راہرو شخص عبد السلام ابن عبد الوہاب حنبلی بڑا بد مذہب نام کا حنبلی، نہایت فتنہ خیز مگر مقرب دربارِ وزیر قصاب تھا۔ مجاہد اسلام علامہ ابن جوزی اس کی یہ فتنہ پروریاں برداشت نہ کر سکے اور تلاوت قرآن و تدریس حدیث کی غذا سے سیر پروردہ تلامیذ کو عبد السلام کے متعلق تادیبی کاروائی کا حکم دے دیا۔ نتیجۃً اس کی کتب نذرِ آتش ہوئیں اور مدرسہ اس کے قبضہ سے اسلام کے خدمت گزار ہاتھوں میں آگیا اور یوں آپ اس سرچشمۂ فتنہ و شر کو ہمیشہ کے لیئے بند کر کے بارگاہِ مصطفٰے سے سرخرو ہوئے۔

صاحبِ طبع شر خیز ابن عبد الوہاب نے اپنے مُربی وزیر قصاب شیعی کو آپ کے متعلق بھڑکانا شروع کیا کہ کبھی آپ نے ابن جوزی کی حرکات و سکنات کا بھی نوٹس لیا ہے وہ کٹر ناصبی اور اولادِ ابی بکر سے ہے اور آپ کے منصب جلیلہ کے لیئے کسی وقت بھی نقارۂ اجل دکوس رحلت بن سکتا ہے۔

بس اسی جرم لاجرم کی پاداش میں آپ کی ساری جائداد، گھر اور اس کا مکمل اثاثہ ضبط کر لیا گیا۔ اہل خانہ اور جگر کے ٹکڑے یعنی بچے بچیاں آنکھوں سے جدا کر کے دور دراز علاقوں میں پھینک دیے گئے اور آپ کو پابجولاں کشتی میں ڈال کر جیل خانہ شہر واسط کی طرف بھیج دیا گیا۔ جہاں آپ نے زنداں کی تنگ و تاریک کوٹھڑی میں پورے پانچ سال کمال صبر واستقلال سے یوں گزارے

https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/

کہ خود کھانا تیار کرتے اور اپنے ہاتھوں سے کپڑے دھوتے اور زبانِ شکر سے یہ کہتے جاتے۔

اے پروردگار! تو نے مجھ ناتواں سے اپنے دین کی اتنی خدمت لی ہے۔ میں کس زبان سے تیرا شکر ادا کروں۔

تصانیف

قدرت نے آپ کو تصنیف کا ملکہ اور موقعہ بڑی فیاضی سے عطا کیا تھا، یہاں تک کہ کثرتِ تصنیف میں آپ کا نام بطور ضرب المثل مشہور ہو گیا ابن عماد کا کہنا ہے۔

علامہ ابن جوزی سے ایک مرتبہ ان کی تعدادِ تصانیف کے متعلق سوال کیا گیا تو ان کا جواب یہ تھا کہ میری تصنیفات تین سو چالیس سے کہیں زیادہ ہے۔ جن میں کئی کتابیں بیس بیس جلدوں میں پھیلی ہوئی ہیں

اسمائے رجال کے امام فن علامہ ذہبی فرماتے ہیں کہ میں نے زندگی میں ابن جوزی جیسا صاحب تصانیف کثیرہ نہ دیکھا نہ سنا ہے۔ ابن خلکان تو یہاں تک کہہ گئے کہ حکایت کرنے والے اگرچہ ابن جوزی کی تعداد کتب کے بارے میں مبالغہ سے بھی کام لیتے ہیں لیکن پھر بھی آپ کی تالیفات کو احاطۂ تحریر میں نہیں لایا جا سکتا۔ مگر افسوس صد افسوس کہ آپ کے حالات میں رقم شدہ تعداد مصنفات ایک سو کے عدد سے تجاوز نہیں کر پائی باقی کتب کے بارے میں یہی کہا جا سکتا ہے کہ صرصرِ زمانہ نے ان پہ گردِ نسیان ڈال دی ہے۔

۱۔ المغنی، فی علوم القرآن
۲۔ فنون الافنان، فی عجائب علوم القرآن
۳۔ زاد المسیر، فی علم التفسیر
۴۔ المجتبٰی فی علوم تتعلق بالقرآن
۵۔ التفسیر الکبیر ۲ جلد اور
۶۔ اخبارُ اہل الرسوخ، بمقدار الناسخ المنسوخ۔

علم حدیث میں آپ کی یہ تصانیف ملتی ہیں۔

https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/

۱۔ الکشف، فی احادیث الصحیحین ۲۔ تہذیب المسند
۳۔ المختار، فی اخبار المختار ۴۔ مشکل الصحاح
۵۔ جامع المسانید ۶۔ الموضوعات
۷۔ الواہیات ۸۔ الضعیفا اور
۹۔ تلقیح فہوم اہل الاثر۔

اسی طرح تنقیدِ سیاسی و دینی میں آپ کی دو کتابیں، فن وعظ میں بارہ تاریخ میں تیرہ، علم کلام کے متعلق چار اور لغت و ادب کے بارے میں نو کے قریب کتابوں کی نشاندہی کی گئی ہے جن میں سے بعض دستیاب اور دوسری صرف نام کی حد تک معروف ہیں۔

تبلیغی جماعت کے مولوی زکریا صاحب سہارنپوری حکایاتِ صحابہ صـ ۹۸-۹۹ پر محدث ابن جوزی علیہ الرحمہ کے متعلق رقم طراز ہیں کہ۔

ابن جوزیؒ مشہور محدث ہیں تین سال کی عمر میں باپ کی مفارقت کی یتیمی کی حالت میں پرورش پائی لیکن محنت کی حالت یہ تھی کہ جمعہ کی نماز کے علاوہ گھر سے دور نہیں جاتے تھے۔ ایک مرتبہ منبر پر کہا کہ میں نے اپنی ان انگلیوں سے دو ہزار جلدیں لکھیں ہیں۔ ڈھائی سو سے زیادہ خود ان کی اپنی تصنیفات ہیں، کہتے ہیں کہ کوئی وقت ضائع نہیں جاتا تھا چار جز روزانہ لکھنے کا معمول تھا۔ درس کا یہ عالم تھا کہ مجلس میں بعض مرتبہ ایک لاکھ سے زیادہ شاگردوں کا اندازہ کیا گیا۔ امراء، وزراء، سلاطین تک مجلس درس میں حاضر ہوتے تھے۔ ابن جوزیؒ خود کہتے ہیں، کہ ایک لاکھ آدمی مجھ سے بعیت ہوئے اور بیس ہزار میرے ہاتھ پر مسلمان ہوئے ہیں۔ اس سب کے باوجود شیعوں کا زور تھا۔ اس وجہ سے تکلیفیں بھی اٹھانا پڑیں۔ احادیث لکھنے کے وقت میں قلموں کا تراشہ جمع کرتے رہتے تھے۔ مرتے وقت وصیت کی تھی کہ میرے

https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/

نہانے کا پانی اسی سے گرم کیا جائے۔ کہتے ہیں کہ صرف غسل میت کے پانی گرم کرنے ہی کے لیے کافی نہ تھا۔ بلکہ غسل کرنے کے بعد بچ بھی گیا تھا۔

محدث ابن جوزی علیہ الرحمہ کے متعلق علامہ ذہبی نے لکھا ہے کہ

کان من الاعیان وفی الحدیث من الحفاظ ما علمت ان احداً من العلما صنف ما صنف ھٰذا الرجل

محدث ابن جوزی علیہ الرحمہ علوم قرآن اور تفسیر میں بلند پایہ تھے اور فن حدیث میں بہت بڑے حافظ تھے۔ ان کی تصانیف اتنی کثیر اور ضخیم ہیں کہ مجھے معلوم نہیں کہ ان جیسی تصانیف علمائے اُمت میں سے کسی کی ہوں (تذکرۃ الحفاظ جلد ۴)

غیر مقلدین کے ماہنامہ "الاسلام" دہلی میں ہے کہ محدث ابن جوزی (علیہ الرحمۃ) چھٹی صدی کے اکابر و اعیان میں ایک عظیم و جلیل محدث اور خطیب کی حیثیت سے ہوتا ہے۔ آپ کے دست حق پرست پر ایک لاکھ سے زائد انسان تائب ہوئے اور ایک لاکھ سے زائد اسلام کے دامن رحمت میں آ چکے ہیں۔

(الاسلام ص ۱۳، ۱۴، فروری ۱۹۵۶ء)

زیر نظر رسالہ "مولد العروس" بیروت کے دار الکتب الشعبیۃ نے شائع کی ہے۔ اصل کتاب عربی بھی ادارہ نے ساتھ ہی شائع کر دی ہے۔

علامہ محدث ابن جوزی علیہ الرحمۃ کا میلاد نبوی پر ایک رسالہ بیان المیلاد النبوی پہلے شائع ہو چکا ہے۔ جس کو فاضل جلیل عالم نبیل حضرت علامہ غلام معین الدین صاحب نعیمی علیہ الرحمۃ نے شائع کیا۔ ایک کالم میں عربی اور دوسرے کالم میں اردو ترجمہ۔

https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/

محدث ابن جوزی علیہ الرحمہ کے ان ہر دو رسالوں کا مطالعہ کرنے کے بعد معلوم ہوتا ہے کہ حضرت کو میلاد جیسے مستحسن عمل سے کتنی عقیدت اور محبت ہے۔ بلکہ محدث ابن جوزی علیہ الرحمہ کے زیرِ نظر رسالہ "المولد العروس" کے صفحہ ۹ کی یہ تحریر بھی اس حقیقت کی عکاسی کرتی ہے۔

جَعَلَ لِمَنْ فَرِحَ بِمَوْلِدِهٖ حِجَابًا مِنَ النَّارِ وَسِتْرًا وَمَنْ اَنْفَقَ فِیْ مَوْلِدِهٖ دِرْهَمًا کَانَ الْمُصْطَفٰی صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ لَهٗ شَافِعًا وَّ مُشَفَّعًا۔

جو نبیٔ پاک صلی اللہ علیہ وسلم کے میلاد شریف کی خوشی کرے وہ خوشی دوزخ کی آگ کے لیے پردہ بن جائے گی اور جو نبیٔ پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے میلاد شریف پر ایک درہم بھی خرچ کرے۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اس کی شفاعت فرمائیں گے اور ان کی شفاعت قبول ہوگی۔

ادارہ پروفیسر دوست محمد شاکر سیالوی۔ ایم۔ اے کا شکر گذار ہے۔ جنہوں نے اس رسالہ کا اردو ترجمہ کرکے اردو خواں حضرات کے لیئے اس کے مطالعہ سے لطف اندوز ہوکر میلاد شریف کی برکات سے مالا مال ہوں۔

غیر مقلدین اہلحدیث حضرات کی مقتدر شخصیت نواب صدیق حسن بھوپالی نے بھی اپنی کتاب "الشمامۃ العنبریہ من مولد خیر البریہ ص پر واضح الفاظ میں لکھا ہے کہ

"جس کو حضرت کے میلاد کا حال سن کر فرحت حاصل نہ ہو اور شکر خدا کا حصول پر اس نعمت کے نہ کرے وہ مسلمان نہیں۔"

نواب صدیق حسن خاں بھوپالی اس کتاب کے صفحہ ۵ پر رقمطراز

https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/

ہیں کہ :-

" اس میں کیا بُرائی ہے۔ کہ اگر ہر روز ذکر حضرت نہیں کر سکتے تو ہر اسبوع یا ہر ماہ میں التزام اس کا کرلیں کہ کسی نہ کسی دن بیٹھ کر ذکر یا وعظ و سیرت و سمت و دل و ہدیٰ و ولادت و وفات آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا کریں۔ پھر ایام ماہ ربیع الاوّل کو بھی خالی نہ چھوڑیں"

دیوبندی مکتبِ فکر کے اکابر کے پیر و مرشد حاجی امداد اللہ مہاجر مکی فیصلہ ہفت مسئلہ ص۵ مطبوعہ دیوبند میں واضح الفاظ میں فرماتے ہیں کہ :-

" مشرب فقیر کا یہ ہے کہ محفل مولود میں شریک ہوتا ہوں بلکہ ذریعہ برکات سمجھ کر منعقد کرتا ہوں۔ اور قیام میں لطف و لذت پاتا ہوں"

الغرض اُمتِ مسلمہ کے مسلمہ اکابر محدثین، مفسرین محققین حضرات نے اپنی مستند کتب میں محافل میلاد شریف کی برکات تحریر فرمائی ہیں۔

ادارہ کا پروگرام ہے کہ میلادِ مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم کے موضوع پر اکابر کی نایاب کتابوں کو اصلی شکل میں مع ان کے اردو تراجم کو شائع کرے گا۔ انشاء اللہ المولیٰ۔

ملا علی قاری حنفی علیہ الرحمۃ کی تصنیف لطیف المورد الروی فی مولد النبی صلی اللہ علیہ وسلم شائع کر رہا ہے۔ جس کا ترجمہ دنیائے اسلام کی مشہور علمی شخصیت استاذ العلماء علامہ مفتی گل احمد صاحب عتیقی زید مجدہ نے فرمایا ہے۔

قارئین کرام! اپنے اپنے گھروں میں محافل میلاد شریف کا انعقاد کریں۔ سب اہلِ خانہ، عزیز و اقارب میں بیٹھ کر اس کتاب کو سنیں۔ عشقِ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں بھی اضافہ ہوگا اور میلاد شریف کی برکات بھی حاصل ہوں گی اور ناگہانی مصائب و آلام اور آفات سے بھی محفوظ رہینگے۔

https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

خطبہ

سب تعریفیں اس ذاتِ والاصفات کے لئے ہیں کہ جس نے ابتدائی اور عظیم عروسِ حضرت سے صبحِ مستنیر کو ظاہر اور واضح اور افلاکِ کمال پر جمال و جلال کے ستونوں پر چمکتے دمکتے سورج اور چاند کو طلوع فرمایا، اور سب تعریفیں اس ذاتِ والاصفات کیلئے ہیں کہ جس نے قدم یا روزِ ازل سے ہی سید الکونین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ذاتِ والاصفات کو حبیب، نجیب اور سفیر متعین فرمایا۔ اللہ سبحانہٗ نے حضور نبی محتشم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تعظیم و توقیر کو ثبت وضبط دوام بخشتے ہوئے آپ کی بے مثل رسالت کو وجود و کائنات کی تمام مخلوقات سے عہد لیا اور تسلیم کرایا

نیز اللہ سبحانہٗ نے حضور نبی معظم کے نورِ مکرّم کے جلال و جمال کمال کی رونق اور بھرپور آرائش کے لئے مقدس منزّہ بطون وارحام کو منتخب و مختص فرمایا تا کہ یہ مقدس بطون حضور پُر نور صلی اللہ علیہ وسلم کے نورِ مقدس کو اٹھائیں اور ظہورِ نورِ ازل ان کے ذریعے قرار پایا۔ اللہ سبحانہٗ نے حضرت آدم علیہ الصلوٰۃ والسلام سے لے کر حضرت آمنہ رضی اللہ عنہا تک مقدس بطون وارحام کو حضور اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے نفس نفیسہ اور نورِ ساطعہ کے موتی اور خالص شفاف چمکدار ہیرے کی رونق وارزاں بہجت کو محفوظ و مصؤن اور یوں احتیاط سے مستور و در پردہ رکھا جیسے صدف، موتی اور نگینے کی نگہداشت کیلئے سمندر کی تہہ میں ہوتا ہے گویا جہاں جہاں یہ نورِ مقدس مستور رہا وہ بطون مبارکہ ارحام منزّہ اور اصلابِ مطہّرہ سمندروں کی مانند تھے۔ اور یہاں بے مثل موتی محفوظ رہا۔ پھر اللہ

https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/

سبحانہٗ نے اِس سمندر میں سے شیریں ولذیذ دریا اور کڑوے وکھاری دریا جاری فرمائے جن کے شیریں وتلخ ہونے بس اسکی حکمت اور تقدیر کا تقاضا و فیصلہ تھا۔

اللہ سبحانہٗ نے حضور نبی مکرم ومعظم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی ذات گرامی قدر کو ہر طرح کی آلائشوں کی ڈھول تک سے بھی محفوظ رکھا اور اپنا منتخب ومصطفیٰ بنا کر ہر طرح کی رجس ونجاست کے تخیّل وتصوّر سے بھی مبرّا ومنزہ رکھ کر آپ کو طاہر و پاکیزہ، انتہائی پاک ومطہر رکھا۔

اللہ سبحانہ نے اِس طہارت وپاکیزگی کے ساتھ نور مقدّس کو حضرت آدم علیہ الصلوٰۃ والسلام کی صُلب مقدس سے حضرت نوح کی صُلب اطہر میں وہاں سے حضرت شیث علیہ الصلوٰۃ والسلام کے پاس پھر حضرت ابراہیم واسماعیل علیہما الصلوٰۃ والسلام کے پاس ارسال فرمایا اور ہر نبی معظم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے حضور پُرنور صلی اللہ علیہ وسلم کے نور کو ملجاٗ وماویٰ اور وسیلہ، واسطہ بنایا نیز تمام رسل عظام وجملہ انبیاء کرام علیہم الصلوٰۃ والسلام سے اللہ کی بارگاہ میں یہ عہد و میثاق لیا گیا کہ وہ حضور پُرنور صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کی ذاتِ اقدس پر ضرور ضرور ایمان لائیں گے اور لازمی طور پر آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی نصرت و امداد فرما کر سعادت حاصل کریں گے اِس اہم عہد ومیثاق کو بطور ریکارڈ محفوظ کتاب اللہ میں ثبت کر کے لکھا جا چکا ہے۔

گر نام محمد صلی اللہ علیہ وسلم را نیاوردے شفیع آدم
نہ آدم یافتے توبہ، نہ نوح از غرق نجیینا

پس حضور پُرنور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اسم گرامی اور نام نامی "محمد" کی حُرمت وتوقیر اور عزت کے واسطے اور جلیل القدر وسیلے سے حضرت آدم علیہ الصلوٰۃ والسلام کی لغزش قبول ہوئی۔ آپ کے جلیل القدر جاہ وبے مثل مرتبہ کے طفیل حضرت ادریس علیہ الصلوٰۃ والسلام کو اللہ سبحانہٗ نے اپنی بارگاہ میں رفعتِ مرتبت عطا فرمائی۔ حضرت نوح علیہ الصلوٰۃ والسلام کی کشتی "محمد" صلی اللہ علیہ وسلم

https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/

کے واسطے اور وسیلے سے ہی غرق ہونے سے بچی۔ حضور محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ جہاں پناہ کا واسطہ حضرت ھود علیہ الصلوٰۃ والسلام نے پکڑا، آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی ذاتِ اقدس کو حضرت ابراہیم خلیل اللہ نے وسیلہ بتایا اور حضرت اسماعیل علیہ الصلوٰۃ والسلام نے اپنی دعاؤں، تفرع اور الحاح میں آپ کا واسطہ دیا۔ حضرت موسیٰ کلیم اللہ علیہ الصلوٰۃ والسلام نے اپنی قوم کو حضور پُر نور صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات گرامی قدر کے ساتھ مشرف بہ کلام ہونے کی اطلاع وخبر دی۔ نیز آپ نے حضور پُر نور صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات اقدس کی خوشخبری سنائی۔ اور اللہ سبحانہٗ سے اس امر کی دعا فرمائی اے اللہ مجھے حضور پُر نور صلی اللہ علیہ وسلم کا امتی اور غلام بنا دے۔ اور اے اللہ مجھے حضور نبی معظم صلی اللہ علیہ وسلم کا وزیر و نائب متعین فرما!

حضرت عیسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام نے حضور پُر نور صلی اللہ علیہ وسلم کے وجود مسعود اور ظہور کی بشارت قبل از ظہور دے دی۔ اور حضرت عیسیٰ علیہ السلوٰۃ نے حضور پُر نور صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ پاک تک مہلت طلب کی اور اس کی دعا فرمائی تاکہ حضرت عیسیٰ حضور کی مدد و نصرت کر کے خوش بخت ہو سکیں۔ بہت بڑے وجلیل القدر علمائے کرام نے حضور پُر نور صلی اللہ علیہ وسلم کے متعلق خبر و اطلاع قبل از وقت دے دی۔ کاہنوں نے آپ کے ورود مسعود اور آمد کی خوشخبری کا اعلان بہت پہلے کر دیا آپ کے ظہور سے بھی پہلے جنّوں نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی رسالت پر ایمان لایا اور تصدیق کی۔ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کے نام نامی اور اسم گرامی کے ظہور ہونے سے قبل کئی آیات اور علامات رونما ہوئیں۔

آپ کے نور پاک سے فارس کی آگ بجھ گئی دنیا کے تمام بادشاہوں اور حکمرانوں سمیت لرزنے لگے اور ان شہنشاہوں کے سروں کے تاج گر پڑے۔ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کے ظہور کے وقت بحیرہ طبریا خشک ہو گیا۔

وقت ولادت معجزات کا ظہور

https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/

آپ کے وجودِ مسعود کے ظاہر ہوتے ہی بہت سے چشمے پھوٹ کر بہنے لگے ایوان کسریٰ پھٹ گیا۔ اس کے محل کے کنگرے ریزہ ریزہ ہو کر گر پڑے۔ حضور پُر نور صلی اللہ علیہ وسلم کی میلادِ مبارکہ سے سات آسمانوں کے فرشتوں نے نہ صرف باہم بشارت و خوشخبری سنائی بلکہ آپ کے ظہور سے باہم مبارک باد بھی دی۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی تکریم عزت اور شرف و توقیر کے باعث آسمان کی حفاظت اور نگہداشت کر دی گئی۔ اور آسمان پر وحی و اخبارِ غیب سننے کے لئے جانے والے شیاطین کو شہاب ثاقب مار کر ڈرایا گیا تا کہ یوں حضور پر نور صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کی عزت و تکریم کی جا سکے نیز ابلیس چلایا اور اس نے اپنے آپ کے بارے چیخ کر کہا ہائے میں تباہ و برباد اور ہلاک ہو گیا۔ اس نے اپنی ہلاکت و بربادی کا اعلان کیا۔

ترجمہ اشعار | کیا آپ کو علم ہے ایسی عظیم ہستی کے متعلق کہ جو عمدہ اور شاندار براق پر سوار ہوئے اور جن کو حضور پُر نور صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنا ندیم اور دوست بنایا حتیٰ کہ آپ بڑھتے بڑھتے سات آسمانوں سے بھی بلند تر ہو گئے۔ آپ کو قرب خداوندی حاصل ہوا آپ نے اپنے پروردگار کے ساتھ گفتگو اور کلام فرمائی تم حضور پر نور صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات گرامی قدر پر بکثرت صلوٰۃ و سلام پیش کرو۔

حضور پر نور صلی اللہ علیہ وسلم وہ ذاتِ گرامی قدر ہیں کہ جو روز ازل ہی نبوت و رسالت سے مخصوص و مختص ہیں۔ آپ کی رسالت و نبوت اس وقت بھی ثابت ہے جب کہ سیدنا حضرت آدم علیہ الصلوٰۃ والسلام کی تخلیق کا گارا ابھی مکمل نہ ہوا تھا۔

آپ صلی اللہ علیہ وسلم وہ ذات اقدس ہیں کہ جنھوں نے بہت بلندیاں اور رفعتیں پائیں حتیٰ کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم شرف و عظمت کے اعتبار سے بلند ہو گئے۔ آپ نے فخر و ناز اور تفخیم و شان و شوکت حاصل کی۔

تم حضور پُر نور صلی اللہ علیہ وسلم پر بکثرت صلوٰۃ و سلام پیش کرو۔ بلا شبہ

https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/

حضورِ پرنور صلی اللہ علیہ وسلم حضرت آمنہ رضی اللہ عنہا کے لختِ جگر، بشیر و منذر ہیں کہ جو صادق مزمل اور مدثر ہیں آپ یقیناً سابق، متقدم و متاخر ہیں جو کہ آخر اور قدم و ازل ہر اعتبار سے مفاخر و عظمتوں کے حامل ہیں۔

تم سب حضورِ پرنور صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات بابرکات پر بکثرت صلوٰۃ و سلام پیش کرو۔

اللہ سبحانہٗ نے کہ جو بلندیوں و رفعتوں والے آسمانوں کا پروردگار ہے حضورِ پرنور صلی اللہ علیہ وسلم کو اپنا مختار و مصطفیٰ بنایا۔ اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو مکرمات و فضل کے ساتھ مخصوص فرمایا۔ اللہ سبحانہٗ نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی ذاتِ گرامی قدر کو اپنے فضل و کرم وحی شریف کے ذریعے رہنمائی بخشی۔

لہٰذا تم بکثرت حضورِ پرنور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ذات گرامی قدر پر صلوٰۃ و سلام پڑھو۔

آپ صلی اللہ علیہ وسلم بلا شبہ اللہ سبحانہٗ کے منتخب برگزیدہ اور رب چُنے ہوئے مصطفیٰ ہیں اور اللہ کے رسولوں علیہم الصلوٰۃ والسلام کے خاتم ہیں اور اللہ کے فضل و کرم سے اس کے امین و مخصوص ہیں۔

اس میں کوئی مبالغہ نہیں بلکہ شاعری میں کوئی خوبی و بھلائی ہی نہیں جب تک کہ میں ان اشعار کو لڑی میں پروئے ہوئے موتیوں کی مانند حضورِ پرنور صلی اللہ علیہ وسلم کی مدح و توصیف اور منقبت و ثنا رنہ لکھوں۔

تم بکثرت حضورِ پرنور صلی اللہ علیہ وسلم پر صلوٰۃ و سلام پڑھو۔

اے ذاتِ پاک مصطفیٰ کہ جن کو اللہ سبحانہٗ نے کائنات کے لئے نور اور روشنی بنا کر ارسال فرمایا اور کائنات کے جمیع عالمین میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم منذر و بشیر قرار پائے۔

بلا شبہ یہ ہے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے جود و سخا کا قد آور و لا منتھی و لا محدود درخت رفعت کے لحاظ سے قاب قوسین تک ہے جب کہ

https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/

گہرائی کے اعتبار سے تحت الثریٰ تک پہنچا ہوا ہے۔ اور کل ہم سب مخلوق اِس جود و سخا کے درخت کے نیچے مجتمع ہوں گے۔

تم سب حضور پُر نور صلی اللہ علیہ وسلم پر بکثرت صلوٰۃ وسلام بھیجو۔

جب تک دنیا میں شان و شوکت اور اس کا قیام رہے تب تک میری طرف سے آپ پر صلوٰۃ وسلام ہو۔ اور میری طرف سے آپ کی ذات گرامی کی خدمت میں بکثرت صلوٰۃ وسلام جب تک کہ کائنات کے تنکے اور پتے متحرک رہیں۔

اس وقت تک میری طرف سے صلوٰۃ وسلام جب تک بیابان کے درختوں کے جھنڈ پر قمریاں چہچہاتی اور نغمے الاپتی رہیں اور اس وقت تک میرا صلوٰۃ و سلام آپ کی بارگاہ جہاں پناہ میں پیش ہوا کرے جب تک کہ آپ کا نور مقدس آسمان کے ستاروں کو آب و تاب بخشتا رہے۔ اور وہ آپ کے نور سے کسب ضیاء کرتے رہیں گے۔

تم سب بکثرت حضور پر نور پُر نور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ذاتِ والاصفات پر صلوٰۃ وسلام پیش کرو۔

اللہ سبحانہٗ جس کا امر غالب ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات گرامی قدر پر اس تعداد و مقدار میں صلوٰۃ وسلام بھیجے کہ جتنی مقدار و تعداد میں اس وجود و کائنات کے مخلوق اور لوگ ہیں۔

واللہ باللہ اے عاشق لوگو کہ جو حضور پر نور صلی اللہ علیہ وسلم کی ذاتِ گرامی قدر کے ذکرِ پاک سے لذت، سرور اور خوشی پاتے ہو اے محبانِ مصطفیٰ تم خواہ عازم سفر ہو خواہ مقیم بہرحال حضور پُر نور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ذات اقدس پر بکثرت صلوٰۃ وسلام بھیج کر سعادت مند بنو!!!

حضور پُر نور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم یعنی صاحبِ ناموس کی جب ولادت با سعادت ہوئی اور بارگاہ الٰہی میں آپ نے دولہے کی طرح ظہور فرمایا تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے چہرے انور ضو فشانیاں اور تابانیاں چاند کی آب و تاب

https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/

کو مات کیئے ہوئے تھیں، آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے موئے (بال) مبارک سیاہی اس قدر تھی کہ اِس کے مقابلے میں شب دیجور کی سیاہی ماند پڑ جاتی، آپ کی ذاتِ اطہر و اقدس کی جبینِ مبارک سے روشنی اور ضیاء پھوٹ کر منور و روشن کر رہی تھی۔ آپ کا قد مبارک اِس قدر مناسب و معتدل تھا کہ حسن و جمال میں یہ معیار و ضرب المثل قرار پایا بلکہ ایسا لاجواب کہ اس کی مثال دینا ممنوع و ناجائز آپ کی ناک اس طرح مشہور و معروف ہے کہ تیز کاٹنے والی تلوار کی دھار سے بھی کہیں بڑھ کر حسین و جمیل تھی۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے مبارک ہونٹ عقیق کی مانند دانت جڑے ہوئے موتیوں سے بھی عمدہ آپ کی مبارک پیشانی چاندی کی طرح رونق نور اور بہار ظاہر فرمائی تھی۔ آپ کا سینہ اطہر ایمان سے معمور و بھرپور تھا۔ آپ کے مبارک ہاتھوں سے جنت الفردوس کے شیریں پانی والے چشمے اُمنڈ آئے آپ کے مبارک پاؤں کو قدم صدق کا وہ عالی رتبہ حاصل ہے کہ جس کو سعی سعادت میں کافی تاثیر اور بے مثل استقلال حاصل ہے کائنات ساکت و منجمد اور جامد تھی لیکن حضور پُرنور صلی اللہ علیہ وسلم کی ولادت باسعادت سے لرزنے کانپنے اور جھومنے لگی اہلِ کائنات کی طرف بشیرِ وحی صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لائے۔ قاریٔ وصل نے شرفِ باریابی میسحانہ مژدہ پڑھا اور کائنات کے جم غفیر کو صدا و ندا کے ذریعے آپ کی تشریف آوری کی اطلاع دی۔

چنانچہ قرآنِ مجید فرقانِ حمید میں ہے:۔

ترجمہ اعلیٰ حضرت فاضل بریلوی رضی اللہ عنہ

یٰاَیُّهَا النَّبِیُّ اِنَّا اَرْسَلْنٰكَ	اے غیب کی خبریں بتانے
شَاهِدًا وَّ مُبَشِّرًا	والے (نبی) بے شک ہم نے
وَّ نَذِیْرًا وَّ دَاعِیًا	تمہیں بھیجا حاضر ناظر اور خوشخبری
اِلَى اللّٰهِ بِاِذْنِهٖ	دیتا ڈر سناتا اور اللہ کی طرف
وَ سِرَاجًا مُّنِیْرًا وَبَشِّرِ	اس کے حکم سے بلاتا اور چمکا

https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/

الْمُؤْمِنِينَ بِأَنَّ لَهُم	دینے والا آفتاب اور ایمان
مِّنَ اللَّهِ فَضْلًا كَبِيرًا	والوں کو خوشخبری دو کہ انکے
وَلَا تُطِعِ الْكَافِرِينَ	لئے اللہ کا بڑا فضل ہے۔ اور
وَالْمُنَافِقِينَ وَدَعْ	کافروں و منافقوں کی خوشی نہ
أَذَاهُمْ وَتَوَكَّلْ	کرو اور ان کی ایذار پر درگزر
عَلَى اللَّهِ وَكَفَىٰ	فرماؤ اور اللہ پر بھروسہ رکھو
بِاللَّهِ وَكِيلًا ۝	اللہ بس ہے کارساز۔

(آیات ۴۵ تا ۴۸ پ ۲۲، سورۂ احزاب)

نغمۂ ربیع

سراپا ہدایت و رشد کی صبح نے ساری کائنات اور عالم کو سرور و خوشی سے بھر دیا خصوصاً جب کہ حبیب معظم صلی اللہ علیہ وسلم کا چہرہ انور منیر اور منور ہو کر ظاہر و باہر ہوا اے بہار کے مہینے (شہر ربیع) تو مشرف و سعید ہوا ہے اس امر کے ساتھ کہ تو نے ایسا چاند طلوع کیا کہ جو کمال کے ساتھ کئی چاندوں سے فائق و برتر اور عظیم و جلیل القدر ہے۔ موسم بہار کا ماہِ مقدس وہ مطہر و منزہ مہینہ ہے کہ جس کے اندر حضور نبی معظم صلی اللہ علیہ وسلم کی ذاتِ گرامی کی ولادت باسعادت ہوئی۔ اور یقیناً یہ ماہِ مقدس ہمارے پاس آیا ہے خوشی فرحت و سرور کے ساتھ خوشخبری بشارت اور مبارک دیتا ہوا۔ بلاشبہ پرندوں نے مترنم آوازوں کے ساتھ اس وقت ترانہ گایا اور چہچہایا جب کہ حضور پُرنور صلی اللہ علیہ وسلم کا ظہور ہوا۔ اس وجہ سے کہ پرندے آپ کے وجودِ مسعود سے بہت خوش ہوئے۔ اور ٹہنیوں نے لپک کر تیزی کے ساتھ حضور پُرنور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی عالی قدر ذاتِ بابرکات کی بارگاہ میں مودبانہ و محترمانہ جھک کر سلام عرض کیا۔ اسی دوران بادِ نسیم مبشر و معطر ہو کر چلی کیونکہ حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات بابرکات کی آمد آمد تھی آپ اس کائنات میں بشیر و نذیر بن کر تشریف لائے۔ اور حوروں نے جنتوں کے اعلیٰ مکانات میں باہم خوشخبری و مبارکبادی اور

https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/

انہوں نے حضور پُر نور صلی اللہ علیہ وسلم کی ولادت باسعادت کے بعد اپنی منتیں اور نذریں مانی ہوئی پوری و مکمل کیں جب حبیبِ معظم صلی اللہ علیہ وسلم کا چہرہ اقدس و اطہر ظاہر ہوا تو ردئے زمین کے تمام کونے اور مقامات روشن و منور ہو گئے اور یہ سراپا تشکر و امتنان ہو کر چمکنے دمکنے کے بعد بے اختیار پکار اور بول اُٹھے۔ حضرت آمنہ رضی اللہ عنہا نے حضور پُر نور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ذات اطہر کو میلاد کے وقت سجدہ ریز پایا۔ اور یہ کہ آپ اپنی انگشت اطہر کے ساتھ آسمان کی طرف اشارہ فرما رہے تھے۔ اور حضور پُر نور صلی علیہ وسلم کی ولادت باسعادت کے وقت اونچی آواز کے ساتھ ایوان کسریٰ دھماکے کے ساتھ پھٹ گیا۔ اور یہ کائنات میں مضموم و رنجیدہ باقی رہ گیا جو لوٹ پھوٹ کر ریزہ ریزہ ہو چکا تھا۔ اور حضور پُر نور صلی اللہ علیہ وسلم کی ولادتِ با سعادت کے وقت تمام بت پرست دھڑام سے گر پڑے اور کاہن تمام کے تمام اپنی موت آپ مر گئے۔ اور جب حضرت آدم علیہ الصلوٰۃ والسلام نے حضور پُر نور صلی اللہ علیہ وسلم کے وسیلۂ جلیلہ سے دعا فرمائی تو اللہ سبحانہ نے حضرت آدم علیہ الصلوٰۃ والسلام کی شفاعت جلیلہ کو شرفِ باریابی بخشا۔ اور بلاشبہ اللہ سبحانہٗ بہت بخشنے والا غفور رحیم ہے۔ اور اسی طرح حضرت نوح علیہ الصلوٰۃ والسلام نے حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے وسیلۂ جلیلہ سے نجات پائی اور تم اس امر کی تصدیق و توثیق کے لئے اللہ سبحانہٗ سے پوچھ لو۔ اگر حضور پُر نور صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات گرامی مقدر نہ ہوتی تو موسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام نے جب مختلف امور کے معلومات اور دریافت کے لئے کوہ طور پر جب اللہ سبحانہٗ سے مخاطب ہونا چاہا تھا تو آپ اس مخاطبہ اور مکالمہ میں کامیاب نہ ہوتے اگر ذات پاک مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم نہ ہوتی تو سیدنا حضرت عیسیٰ مسیح علیہ الصلوٰۃ والسلام کو آسمان کی بلندی و رفعت پر نہ اُٹھایا جاتا اور آپ کی برکت عالیہ کے باعث ہی حضرت عیسیٰ روح اللہ مجاہد اور نذیر ہو کر اُتریں گے جو ڈرانے والے ہیں اور جہاد کو جاری

https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/

فرمانے والے ہیں۔

اور تمام انبیاء کرام علیہم الصلوٰۃ والسلام نے حضرت احمد مجتبیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کی ولادت باسعادت کی بشارت وخوشخبری کہہ سنائی یعنی کہ ان تمام ہستیوں نے ظہور پذیر ہوتے ہی سب سے پہلے آپ کی آمد آمد کا مژدہ سُنایا۔

مجوسیوں کی آگ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تشریف آوری کے باعث ذلیل وخوار ہوکر ماند پڑ گئی اور بارش برسانے والا بادل آپ کے وسیلۂ جلیلہ کے باعث بہت بارش پانی والا ہوگیا۔

کتب الہامی ودینی میں حضرت نبی معظم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ذاتِ اطہر و اقدس کی اخبار ومعلومات متواتر موجود ہیں چنانچہ حضرت آحمد مجتبیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کی ذاتِ گرامی قدر کے بارے اخبار ومعلومات کے بھید اور راز کو سب سے پہلے بحیرا راہب نے طشت ازبام کر دیا۔

اے ہادیٔ اعظم صلی اللہ علیہ وسلم کی امت تمہیں بشارت و مبارک ہو کیونکہ تم نے حضرت نبی معظم صلی اللہ علیہ وسلم کے واسطہ عالیہ اور جلیلہ کے باعث و برکت سے جنت پالی اور اہل جنت کے عمدہ لباس ونعمتیں پالیں۔

میرا پروردگار اور پالنہار حضور پُرنور صلی اللہ علیہ وسلم کی ذاتِ گرامی قدر پر ہمیشہ ہمیشہ اور دائمی طور پر صلوٰۃ وسلام بھیجے جب تک کہ یہ دنیائے فانی موجود ہو اور اللہ سبحانہٗ اس میں اضافہ وکثرت وزیادتی فرمائے۔

چنانچہ حضور پُرنور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ولادت باسعادت کے مبارک موقعہ کی رات کو ایوان کسریٰ پھٹ گیا اور کسریٰ پر انواع واقسام کی محن وآلام اور مصائب ولوائب لوٹ پڑے۔ نیز شیاطین کو اس امر سے سختی سے روک دیا گیا کہ وہ آسمان کی جانب بلند ومرتفع ہوسکیں بلکہ رفعتوں اور بلندیوں کے احوال و آثار سننے کی فطری قوتِ سماع جو شیاطین لعینہ کو رسوا کن عذاب دے کر شہابِ ثاقب مارے جاتے ہیں۔ نیز ان کے مقدر میں دائمی عذاب لکھ دیا گیا ہے۔ ایسا

https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/

سب کچھ حضور نبی معظم رسول کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام کی حرمت عزت و توقیر کے باعث ہے۔ کہ جن کے بارے میں اے اللہ تو نے اپنی کتاب محکم اور قرآن عزیز میں یہ حکم نازل فرمایا ہے:۔

ترجمہ اعلیٰ حضرت بریلوی رضی اللہ عنہ

اِنَّا زَیَّنَّا السَّمَاءَ	اور بے شک ہم نے نیچے کے
الدُّنْیَا بِزِیْنَۃِ	آسمان کو تاروں کے سنگار سے
نِ الْکَوَاکِبِ ۔	آراستہ کیا۔

(پ ۲۳ ، سورۃ صٰفّٰت ، آیت ۶)

واہ کیا رتبہ اور شان مصطفیٰ نبی معظم صلی اللہ علیہ وسلم ہے کہ جب کبھی کوئی مشتاق اور ملتجی آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ اقدس میں ذوق و شوق اور محبت و الفت رکھے اور دور دراز کے ناہموار و دشوار گزار بیابان طے کرتے کے بعد بارگاہ مصطفوی میں حاضر ہو عمدہ ترین اور لاجواب گھوڑوں کے اوپر سوار ہو جائے ۔ جب کبھی حدی خوان اور گنگنانے والا دور کا مسافر بارگاہ مصطفیٰ جہاں پناہ میں حاضر ہونے کے لئے چلے اور اس کو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے روضہ انور و اقدس کے آثار و علامات دکھائی دیں تو از خود رفتہ ، نفس گم کردہ عاشق مصطفیٰ کے عشق و محبّت کی فراوانی یوں اوج ثریا تک پہنچی ہے کہ وہ آپ کی بارگاہِ اقدس میں لپکتا اور تیزی سے حاضر ہوتا ہے ۔ اس کے وجد میں بے پناہ اضافہ و کثرت ہوتی ہے ۔ کہ اس کو مقصودِ کائنات باعث تخلیق کون و مکان صلی اللہ علیہ وسلم کی عالی بارگاہ میں حاضری نصیب ہو گی۔ اور اس کی زبان سے بے ساختہ یہ الفاظ نکلتے ہیں ۔

اے شب و روز کے تھکے ماندے مسافر حدی خوان عمدہ سواریوں کو آہستہ آہستہ سوئے منزل لے چلو کیونکہ رکابوں کے پیچھے پیچھے میرا دل بھی اڑا جاتا ہے۔ میرا دل محبت مصطفیٰ اور آپ کے عشق کے سوز سے پگھل چکا ہے اور اس شوق و محبت کے باعث میں نحیف و ناتواں ہو گیا ہوں کہ جو حضرت احمد مجتبیٰ صلی اللہ

https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/

علیہ وآلہ وسلم کی ذات والا صفات کے ساتھ مجھے میسر ہے۔

کیا مجھے کسی میدان میں حضور سرور سروراں صلی اللہ علیہ وسلم سے شرف باریابی حاصل ہوگا ؟ کیوں میری آنکھوں سے بادل برسنے کی مانند آنسوؤں کی جھڑی لگی ہوئی ہے۔

اگر حسن اتفاق اور خوش قسمتی سے گردشِ دوراں مجھے بارگاہ رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم میں وصل کی نعمت غیر مترقبہ سے نوازدے تو میرے تمام مقاصد اور جملہ اغراض و مطالب شرمندہ تعبیر ہوجائیں گے۔ میں نازاں شاداں فرحاں ہوکر حضور پُر نور صلی اللہ علیہ وسلم کے مدینہ منورہ کی خاک پاک کو بوسے دوں گا۔ اور اپنے موسلادھار بارش کی مانند بہنے والے آنسوؤں سے اس خاک پاک کو سیراب کردوں گا۔

بس اِس مقدس وادی اور اس کے مبارک مکینوں و اقامت گزینوں سے لطف اندوز ہوتا رہوں گا اور اس ذات سے مستفیض و مستفید ہوں گا کہ جو اِس روضہ انور کو منور فرما کر براجمان ہے صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم۔

یہ وہ روضہ انور (کعبے کا کعبہ) ہے کہ جو اپنے جلو میں "بدر منیر" لئے ہوئے ہے جو جب کبھی شب دیجور کی گھپ اندھیری زلفوں سے نمودار و ظہور پذیر ہوکر کائنات بھر کو بقعۂ نور بنادیتے ہیں، صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم۔

اگر ہم روزانہ حضور پُر نور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی عید میلاد منائیں تو یہ ہمارے لئے واجب ہے (کیونکہ حضور ہمارے لئے نعمت عظمیٰ ہیں اور تحدیثِ نعمت وَاَمَّا بِنِعْمَةِ رَبِّكَ فَحَدِّثْ واجب ہے اس لئے فحدّث امر ہے اور قاعدہ ہے الامر للوجوب والاستحباب مترجم)

مشرق و مغرب کی جملہ اطراف و جوانب میں حسن کے حامل اور جمال سے آراستہ چودھویں کے چاند آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ذات اقدس شوق و محبت اور عاجزی و انکساری کے ظہور کے لئے سجدہ ریز ہوتے ہیں اللہ سبحانہ کہ جو مھیمن

https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/

کی طرف سے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی عالی قدر ذات پر اس وقت تک بکثرت صلوٰۃ وسلام اور درود ہو جب تک کہ کائنات کے ستاروں کی آب وتاب باقی ہے۔

جب حضور پُرنور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی عالی قدر ذات بابرکات کی ولادت باسعادت ہوئی تو ملائکہ نے آہستہ اور اعلانیہ ہر دو طریقوں سے حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کی ولادتِ باسعادت کا اعلان کیا چنانچہ سیدنا حضرت جبرائیل علیہ الصلوٰۃ والسلام حضور پُرنور صلی اللہ علیہ وسلم کی تشریف آوری کی بشارت لائے، نیز آپ کی بعثت کی خوشی و سرور سے عرش جھوم جھوم اُٹھا۔ اور آہو چشم حوریں اپنے اپنے محلات سے نکل کر آپ کی ولادت باسعادت کے جشن میں نکل پڑیں اور وہ سرور وانبساط کے ساتھ عطر و مہک نچھاور کر رہی تھیں۔

ایک خاص فرشتے رضوان سے فردوس اعلیٰ کے آراستہ پیراستہ کرنیکا حکم فرمایا گیا۔ اور یہ حکم دیا گیا کہ فردوس اعلیٰ وعمدہ ترین محل سے پردے اٹھا دو نیز حضرت سیدہ آمنہ امینہ رضی اللہ عنھا کے بابرکت گھرانے میں "جنات عدن" کے مخصوص پرندے ارسال کرو کہ جو اپنی چونچوں کے ذریعے موتی اور جواہرات بکھیریں۔ جب سیدہ آمنہ رضی اللہ عنھا نے ایک ایسا نور اور روشنی ملاحظہ فرمائی کہ جو اپنی لپیٹ میں محلّات لیتے ہوئے تھی اور حضرت آمنہ رضی اللہ عنھا نے اس روشنی و نور بصرہ میں محلّات ملاحظہ فرمالیئے۔

ان مبارک و مسعود لمحات میں فرشتے دائرے کی صورت میں سیدہ حضرت آمنہ رضی اللہ عنھا کے اردگرد کھڑے ہو گئے انہوں نے خوشی اور فرحت کے ساتھ حضور نبی معظم صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات اقدس کے لئے اپنے پَر پھیلائے چنانچہ تسبیح وتہلیل کرنے والے فرشتگان یوں قطار اندر قطار امڈ اور اُتر آئے کہ انہوں نے بحروبر اور نشیب و فراز تمام مقامات کو بھر دیا۔ اللہ کا درود وصلوٰۃ ہو جو کہ ہمارا پروردگار اور بدیع مخلوقات ہے نور ہدیٰ طٰہٰ کی رفیع المرتبت اور عالی قدر ذات اقدس پر۔

https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/

کمال کا چودھویں کا چاند تمام لوگوں پر ظاہر و منکشف ہوا۔ اور حسن بدیع کی حامل ذاتِ اقدس و اطہر کا نور اور روشنی خوب خوب چمکی اور پھیل گئی۔ منور و روشن شدہ کائنات و عالم رونق و خوشی سے جھوم جھوم رہا ہے کیونکہ فصل ربیع اور ماہ بہار میں آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی میلادِ مبارکہ ہوئی ہے۔

آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی ولادت باسعادت کی مہک و خوشبو کستوری کی مانند پھیل گئی ہے جس کی خالص اور عمدہ نوع و قسم سے اعلیٰ مہک و عمدہ عطر پھیل جاتا ہے۔ اور مشرق و مغرب کے تمام کونوں اور وسیع مقامات پر آپ کے نور کی چمک و دمک عام پھیل رہی ہے۔ بلکہ کائنات بھر میں شفیع معظم صلی اللہ علیہ وسلم کی آب و تاب چمک دمک جاری ساری ہے۔

روم و شام کے محلات بصریٰ کے ہمراہ منور و روشن ہو چکے ہیں جبکہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ کے نور کی بلند و مرتفع روشنی کائنات بھر میں آب و تاب رکھتی ہے آپ کے نور سے سورج کسب ضیاء و فیض کرتے ہوئے سورج بلحاظ حسن و جمال فائق ہو گیا جو کہ منیر روشنی و ضیاء بخشنے والا سفیدی بکھیرنے والا اور گم گشتہ راہ کا راہنما ثابت ہوتا ہے۔

اور یوں آپ کے نور سے کسب فیض کرنے کے بعد آپ صلی اللہ علیہ وسلم خوش بختی اور سعادت کے اوقات کو طلوع کرنیکا باعث و سبب اور یقیناً آپ صلی اللہ علیہ وسلم سراپا بہار ہیں جو کہ بہار کے موسم اور ربیع الاوّل کے ماہ مقدس میں نمودار ہو گئے۔

اللہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر اس وقت تک صلوٰۃ وسلام بھیجے کہ جب تک موسم بہار کی لدی ہوئی شاندار شاخوں کے اوپر فاختہ اور قمری مختلف قسم کے راگ الاپتی و گاتی رہے۔

اور حضور پُرنور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی آل پاک، صحابہ کرام علیہم الرضوان اور آپ کے صحابہ کرام کے گروہ مقدس پر صلوٰۃ وسلام ہو کہ جو کما حقہ فضل و

https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/

فضیلت کے اہل اور عالی مرتبت و شاندار قدر والے ہیں۔

چنانچہ حضور پُرنور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی عالی قدر ذات سے نسبت اور تعلق کے باعث اکثر طرب خوشی اور فرطِ انبساط سے بے اختیار کہنا پڑتا ہے حضور پُرنور صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات بابرکات پر اللہ سبحانہٗ بدیع کا صلوٰۃ وسلام اور درود ہو نیز حضرت علامہ ابن جوزی نے فرمایا ہے۔

نورِ محمدی کا پشت در پشت منتقل ہونا

جب اللہ سبحانہٗ نے حضرت آدم علیہ الصلوٰۃ والسلام کی تخلیق فرمائی تو حضور پُرنور صلی اللہ علیہ وسلم کے نور مستور کو عیاں و آشکارا فرمایا تو آپ کا نام نامی و اسم گرامی "محمد" (صلی اللہ علیہ وسلم) ایک سطر میں ساقِ عرش پر مکتوب و مرقوم تھا اور جب یہ مقدس و مطہر نور حضرت شیث علیہ الصلوٰۃ والسلام کی ذات بابرکات میں منتقل ہوا علیہ الصلوٰۃ والسلام تو اس نور نے اپنا جمال وحسن ظاہر و عیاں فرمادیا جب یہ نور حضرت نوح علیہ الصلوٰۃ والسلام کی طرف منتقل ہوا تو حضرت نوح علیہ الصلوٰۃ والسلام نے اس نور کی برکت سے کوہ جودی پر استقرار و ٹھکانہ پایا اور جب نور پاک مصطفیٰ حضرت ابراہیم خلیل اللہ علیہ الصلوٰۃ والسلام کی صلب میں منتقل ہوا تو آپ پر آگ کا پہاڑ اور الاؤ اس نور پاک کے برکت سے گل و گلزار اور دریا بن گیا۔ جب یہ نور پاک حضرت اسماعیل علیہ الصلوٰۃ والسلام کی طرف منتقل ہوا تو اس نور پاک کی برکت سے حضرت اسماعیل علیہ الصلوٰۃ والسلام کا فدیہ دیا گیا اور حضرت اسماعیل علیہ الصلوٰۃ والسلام نے اس کے باعث صبر و تحمل پالیا۔ جب یہ نور مجسم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم حضرت عبدالمطلب کے پاس منتقل ہوا تو آپ کو تنگدستی و فقر کے بعد غنا اور امارت میسر آئی۔

اور حضور پُرنور صلی اللہ علیہ وسلم کے نور پاک کی برکت سے ابرھہ کے ہاتھیوں سمیت لشکر نے منہ کی کھائی ہوئے بھوسے کی مانند کر دیا گیا جب کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے ظہور پاک کی خوشی میں بیت اللہ الحرام جامے میں پھولے نہ سمایا اور فرطِ انبساط سے جھومتے جھومتے رقص کرنے لگا۔ نیز نور مصطفیٰ صلی اللہ علیہ

https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/

وآلہ وسلم کی برکت سے ہر طرف اور چہار سو سپیدی پھیل گئی یہ سب کچھ محض جمال و جلال کے مستور دولہے صلی اللہ علیہ وسلم کی ولادت با سعادت کا جشن و عید منانے کی ... سے تھا۔ یا رسول اللہ! یا حبیب اللہ! آپ اس وقت میرے معین و معاون اور دست گیر اعظم ہوں گے جب کہ میں بارگاہِ ربّ العزت میں حاضر ہوں گا۔

ہم پیدل اور سوار ہو کر اس بادشاہی وعظمت کے مالک کی طرف گامزن ہوئے تو ہمارے پاس زادِ راہِ مغفرت حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی منزلت وجاہِ عظیم ہی تھا۔

اے حدی خواں اور نعت کو اِس وادی میں نعتِ مصطفیٰ الاپنے کی سعادت حاصل کرو اور تمام مخلوق میں سے افضل فائق وعمدہ حضرت رسول معظم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہادی برحق کا ذکر کرو۔

جب تم حضور پرُ نور کی نعت شریف کہو گے تو جسم اطہر واقدس کے ڈھانچہ کو خوشی طرب ونازگی نصیب ہو گی جب کہ روحیں شکر و مدہوشی میں ہوں گی۔ اور اور ابن عبداللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی مدح وثنا رہوائیں بھی بیان کریں گی اہل عقل ودانش کے لئے عمدہ عمارتیں اور رقیبے دور ہیں اور احباب ورفقار حضور پرُ نور صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات گرامی کے ذکر پاک سے ازحد لطف اندوز وخوش ہیں۔

جب وہ آپ کے ذکر و نعت پاک سے سعادت مند ہوئے تو ان کی زبردست وسخت پیاس بجھ گئی وہ اپنے پیدائشی ممالک واوطان کو فراموش کر بیٹھے اور یا رسول اللہ صلی اللہ علیک وسلم آپ کے وجودِ مسعود کی برکت سے ان کے سب غم غلط ہو کر کافور ہو گئے۔

اِن عاشقانِ پاک طینت اور محبین صالحہ سرشت نے آپ کے روضۂ انور کی خاک کے ذروں کو ازحد بوسے دیئے حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کے روضۂ اقدس کی زیارت سے مستفید ہوئے اور حضور پرُ نور صلی اللہ علیہ وسلم کی عالی مرتبت

https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/

بارگاہ اقدس میں انہیں اپنے احباب در فقار بھی یاد رہے۔ ان سچے اور سچے محبین مخلصین نے اظہار خشوع کے لئے اپنے آنسو بہائے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خاطر اسی لیئے تو درخت کے خشک تنوں اور خشک لکڑی نے بھی اپنے دفورِ شوق اور محبت والفت کی فراوانی کو عیاں کرنے کیلئے آوازیں نکالیں۔

اے برادران بنی عدنان صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ جہاں پناہ میں بکثرت صلوٰۃ وسلام پیش کرو آپ وہ ذات والا صفات ہیں کہ جو منجانب اللہ قرآن مجید اور فرقانِ حمید لے کر تشریف لائے

سیدہ آمنہ کی زبان مبارک سے میلاد شریف

سیدہ حضرت آمنہ امینہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں جب میرے لخت جگر حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ولادت باسعادت ہوئی تو اس وقت آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی مبارک آنکھیں سرگیں، اطہر واقدس جسد نورانی پر تیل لگا ہوا اور آپ انتہائی خوش مسرور و مطمئن ہستی تھے۔ آپ کو خوب خوشبو لگی ہوئی تھی آپ ناف بریدہ تھے یوں اللہ سبحانہ نے آپ کی ذاتِ اقدس کے سینۂ گنجینہ کو کشادہ علوم و معرفت کا خزینہ بنایا تھا چنانچہ حضرت جبرائیل علیہ الصلوٰۃ والسلام نے حضرت نبی معظم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ذاتِ بابرکات کو اٹھالیا اور آپ کو ہمراہ لے کر بر و بحر خشکی وتری کا طواف کرایا چنانچہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی دائیں جانب سے فرشتوں نے آپ کو گھیر لیا بائیں طرف سے بھی بکثرت فرشتے مجتمع ہو گئے۔ اور انھوں نے وہ مبارک ماتھا و جبین اطہر ملاحظہ فرمائی اور اس حاجب و ابرو کو دیکھنے کی سعادت سے بہرہ ور ہوئے کہ جو اپنے حسن و جمال نور و ضیاء اور روشنی چمک دمک کے اعتبار سے اور عطر و مہک کے لحاظ سے بدرجہا بہتر فائق اور برتر تھی۔ آپ کے مبارک موتیوں جیسے دانت ایسے تھے کہ جن کے اندر بلاشبہ اللہ سبحانہ نے عاشقین و محبین کے لئے شراب طہور کا سا نشہ اور سرور و کیف رکھ دیا تھا۔ اور سیدہ حضرت آمنہ رضی اللہ عنہا نے آفاق کی رفعتوں سے ایک بلند آواز سماعت فرمائی جو آپ سے یوں مخاطب تھی۔

https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/

اے آمنہ! آپ کو بشارت و مبارک ہو۔ بلاشبہ آپ کی کوکھ سے جنم لینے والے یہ نور مجسم جد الحسنین اور ابو الزاہرا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہیں۔

ولادت باسعادت کی مبارک گھڑیوں سے بھی بہت بہت پہلے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم حضرت آمنہ رضی اللہ عنہا کے شکم انور میں اللہ سبحانہٗ کی تسبیح و تقدس بیان فرماتے تھے پس پاک ہے وہ ذات کہ جس نے ایسے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات اطہر کو عدم سے منصۂ شہود پر لاکر آپ کا ظہور فرمایا جو بلاشبہ اور لاریب سلطان الانبیاء صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہیں اور اللہ جل مجدہ نے حضور پُرنور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی قدر و منزلت اور ذکر و نعت پاک کو ملکوت میں بلند و بالا اور مرتفع فرمایا۔

اور ہر اس مسلمان کے لئے جہنم کی دہکتی بھڑکتی آگ سے پردہ و ستر بنایا کہ جو حضور پُرنور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ولادتِ باسعادت سے مسرور و خوش ہوتا ہے اور عید میلاد النبی کا انعقاد کرتا ہے (علامہ ابن جوزیؒ نے یہ روایت بالفاظ عربی یوں رقم فرمائے ہیں)

وَمَنْ اَنْفَقَ فِیْ مَوْلِدِہٖ دِرْھَمًا كَانَ الْمُصْطَفٰی صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لَہٗ شَافِعًا وَّ مُشَفَّعًا وَاَخْلَفَ اللّٰہُ عَلَیْہِ بِكُلِّ دِرْھَمٍ عَشَرًا۔ (ص ۹)	جس نے حضور پُرنور صلی اللہ علیہ وسلم کے میلاد میں ایک درھم خرچ کیا تو حضرت احمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم اس کے لئے شافع مشفع ہوں گے اور میلاد میں خرچ کئے گئے ہر درھم کے عوض اللہ سبحانہٗ اس کو دس درھم زیادہ ثواب عطا فرمائیگا۔

لہٰذا اے امتِ محمد صلی اللہ علیہ وسلم!!! بلاشبہ تمہیں بشارت اور مبارک ہو

https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/

کیونکہ تم نے حضور نبی معظم صلی اللہ علیہ وسلم کا امتی بن کر دنیا و آخرت میں خیر کثیر پالی ہے۔ اور تم اس نعمت غیر مترقبہ کے مستحق ہوئے ہو؟

کس قدر خوش قسمت و خوش نصیب ہے وہ شخص کہ حضور احمد مجتبیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی میلاد مبارکہ کی عید مناتا اور جلسوں کا انعقاد کراتا ہے یوں وہ اپنے لئے بے انتہا خوشیاں و فرحتیں سمیٹ لیتا ہے بے پناہ عزت وقار اور منزلت حاصل کرتا ہے۔ خیر کثیر حاصل کرتا اور فخر لایزل کا مستحق قرار پایا ہے۔ یوں وہ جنات عدن کا بجا طور پر استحقاق پایا ہے۔ اور عمدہ باغوں میں ایسا تاج پہن کر وارد ہوتا ہے کہ جو موتیوں سے بنا ہوا ہوتا ہے اِن موتیوں کے نیچے سبز و شاداب عمدہ خلعتیں ہوتی ہیں اس کو اتنی مقدار میں محلات اور شاندار مکانات بخش دیئے جاتے ہیں کہ جو

اور واصف کے بیان و وصف سے زائد !!

جب کہ ہر ایک محل میں ایک پاکباز نیک طینت خوبصورت ترین حور رہتی ہے پس سب بکثرت بارگاہ خیر الانام صلی اللہ علیہ وسلم میں صلوٰۃ وسلام پیش کرو کیونکہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ولادت باسعادت کے باعث نیکیاں حسنیٰ اور اچھائیاں و بھلائیاں پھیلائی گئی ہیں۔ اور جو شخص آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بارگاہ اقدس میں ایک مرتبہ صلوٰۃ وسلام پیش کرتا ہے اللہ اس کا اجر دس گنا زائد عطا فرماتا ہے۔

شعر | لگاتار و مسلسل بہنے برسنے والی پر رونق وادی اور سلیقہ دار رحموں کی جگہ کے شفا خانے میں ایک انتہائی حسین و جمیل محبوب ہے کہ جنھوں نے مجھ پر اپنی مہک و عطر اور خوشبو بسا دمہکا رکھی ہے۔ آپ کی ذات والا صفات ظریف دانا حسین و جمیل اور انتہائی خوبصورت ہے جن کے ہاتھوں سے سخاوت و کرم موسلا دھار و لگاتار برستا ہے اور آپ کی سرشت و طینت مبارکہ میں کرم و کرامت اور بخشش و سخاوت ودیعت کردہ ہے۔

https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/

آپ کی عالی قدر ذات لطیف و عمدہ ترین ہے اور چودھویں کا یہ چاند کس قدر خوشگوار و پرکشش ہے۔ جب اس کی ہیئت کذائی پر نظر کی جاتی ہے تو یہ انتہائی خوبصورتی سے کنڈلی مارے ہوئے ہوتا ہے۔

آپ ایسے رئیس و سردار ہیں کہ جو تمام عیوب و نقائص سے ثابت سالم اور منزہ ہیں آپ کی ذاتِ بابرکات انتہائی پُررونق چمکدار اور علامت و نشانی والی ہے۔

آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی ذاتِ گرامی قدر کے مبارک پاؤں کے نشانات سخت ٹھوس چٹانوں میں واضح نکھر کر نمایاں ہوئے لیکن اس کے برعکس ریت کے میدان میں آپ کے مبارک پاؤں کی کوئی نشانی و علامت باقی نہ تھی۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ذات گرامی قدر کے بال سخت سیاہ اور کالے تھے اور آپ کے موئے وگیسوئے تابدار اس قدر سیاہ تھے کہ جیسے اندھیری رات اپنی زلفیں لٹکائے اور پھیلائے تو اس کی سیاہی و کالی زلفیں بہت زیادہ سیاہ ہوتی ہیں آپ نازو انداز سے چلنے والی ہستی ہیں جو سراپا منور و روشن اور آپ کی جبینِ مبارکہ و مطہرہ ماتھا قیامت کے روز چمکے گا۔ اور اپنی تابانیاں و ضوفشانیاں بکھیرے گا۔

آپ کے ابرو مبارکہ لمبے اور ناک مطہرہ بلند بالنسے والی تنگ نتھنوں کی اعلیٰ خصوصیات کی حامل تھی۔ آپ کی آنکھوں کے اردگرد انتہائی خوبصورتی اور حسن و جمال سے سُرمہ لگایا ہوا تھا۔ آپ کے مبارک دانتوں کی آب و تاب چمک دمک یوں واضح ہے کہ آپ ان مبارک دانتوں کو ہمیشہ ہنس مکھ اور مسکراتا ہوا پائیں گے اور نہ ہی آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی محبت عشق و الفت میں مجھے کوئی لعن طعن و ملامت ہے۔

آٹھو صفت محبوب اعلیٰ زمین پر چل رہے ہیں اگر یہ اپنی گردن اور چہرے کو آگے اٹھائیں تو شکاری شیروں کو شکار و زیر دام کر لیں۔

https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/

ادھر اونٹ آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی بارگاہِ اقدس میں شکوہ کرتے ہوئے حاضر ہوا اور حبیب مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے اس اونٹ کو ظلم وستم سے نجات وچھٹکارا دیا۔

جب کہ ہرنی نے حضور پُرنور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے شوق ومحبت کی فراوانی کے ساتھ ندا وصدا لگائی دو اسے شفیع معظم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم آپ مجھے قیامت کے روز اجر وثواب دے دیں اور مجھ کو اپنی شفاعت کے ساتھ مستفیض ومستفید فرمائیں۔

اور شکاری نے جب شکار کردہ ہرنی کو پابند وفا وپیمان دیکھا تو اس نے جلدی جلدی اسلام قبول کرلیا اور اپنا گوہر مقصود پالیا۔

حضور پُرنور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی بارگاہ جہاں میں درخت دوڑتے ہوئے حاضر ہوئے تو ان کے اوپر پوری شاخیں پتے اور پرندے تھے اور سارے جہان کے درختوں نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی فرمانبرداری واطاعت کرلی۔

مکڑی کے جالوں نے حضور پُرنور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی ذات گرامی کو اپنے پردے میں لے لیا اور کماحقہ اپنے پردے میں رکھا جب کہ دروازے کے اوپر قمریاں اور فاختائیں چہچہائیں۔

آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی ذاتِ والاصفات پر دائمی اور ہمیشہ ہمیشہ صلوٰۃ وسلام ہو جب تک کہ یہ کائنات وعالم موجود ہے اور یہ صلوٰۃ وسلام تا قیامت جاری ساری رہے اور حدیثِ مصطفیٰ میں سیدنا حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ایک روایتِ مبارکہ ہے کہ آپ رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا حضور پُرنور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی تواضع اور انکساری کی بعض روایات اور امثلہ یوں تھیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم اپنی جوتی مبارک خود گانٹھ لیا کرتے تھے آپ اپنے کپڑوں کو بنفسِ نفیس جوڑ کر سی دیا کرتے تھے۔

اپنی بکری کا دودھ خود دوہتے تھے آپ نوکرانی کے ہمراہ چکی پیسنے میں امداد فرمایا

https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/

کرتے نیز اس کے ہمراہ مل کر کھانا بھی تناول فرمایا کرتے تھے آپ کی طبع مبارکہ نرم اور انتہائی مخلصانہ طور پر شرافت و عظمت کی پیکر تھی۔ آپ کا دستِ اقدس بہت ہی زیادہ سخی تھا آپ کے اخلاقِ عالی انتہائی عمدہ و بہترین تھے آپ کے بازوئے اطہر کی کہنیاں تک انتہائی مناسبت اور اعتدال سے لپٹی ہوئی تھیں۔ آپ بہت ہی حیادار ہستی تھے۔ حتیٰ کہ خشک تنے نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں اپنے وفورِ شوق اور از حد محبت کا اظہار کیا۔ اور گوہ وغیرہ جانوروں نے حضور پر نور صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہِ عالی مرتبت میں سلام پیش کیا۔ علاوہ ازیں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے مبارک قدموں کے نیچے پہاڑ لرزنے اور کانپنے لگا چنانچہ آپ کا نور سب سے زیادہ اور آپ کا سرِ انور سب پر واضح ہوا آپ کی قدر و منزلت اعلیٰ ترین ہے جب آپ کا ذکرِ پاک شیریں ترین ہے آپ کی آوازِ مبارکہ سب سے زیادہ حسین و جمیل اور خوبصورت تھی نیز آپ کا دینِ متین سب سے بڑھ کر کامل مکمل اور اتم تھا۔ آپ کی زبان فیضِ ترجمان سب سے بڑھ کر فصیح ترین آپ کی دعا سب سے بڑھ کر بارگاہ رب العزت میں شرف قبولیت پانے والی ہے۔ آپ کی امداد و نصرت سب سے بڑھ کر مؤید و تائید کنندہ ہے آپ کا اسم گرامی اور نام نامی آسمان پر احمد ہے اور زمین پر محمد ہے صلی اللہ علیہ وسلم بلا شبہ یہ نبی و فی عفیف، لطیف، راکع ساجد انتہائی حسین و جمیل ھیئت کذائی کے حامل صاحبِ عمامہ مدوّرہ مالک ہمت شریفہ، عالی درجہ و رتبہ پر فائز صادقِ لہجہ اور واضح حجت و برہان کے مالک ہیں صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم۔ آپ کے مبارک سانس اور انفاس طیب و پاکیزہ ہیں آپ کی زبان صدق و سچائی کی حاملہ ہے۔ آپ کی ذات والا صفات نہ تو قد کی بہت زیادہ طویل ہے اور نہ ہی آپ کا مبارک قد چھوٹا و قصیر ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا مولد پاک مکہ مکرمہ ہے۔ آپ کی مبارک سواری کا خچر دلدل ہے۔ آپ کی اونٹنی کو عضباء کہا جاتا تھا۔ آپ چاند سے بھی زیادہ حسین و جمیل اور خوبصورت ہستی تھے یعنی آپ طلوع و درود مسعود چاند سے بھی بڑھ کر حسین رنگ و سماں

https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/

رکھتا تھا۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی ہیبت رُعب اور دبدبہ کے باعث بھیڑیوں نے کلام وگفتگو کی۔ جب کہ درخت اور پتھر آپ کی بارگاہِ اقدس میں دوڑ کر حاضر ہوئے۔ اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے اپنی شفاعتِ عظمیٰ کو اپنی امت کے لئے منتخب فرمایا۔ حضور نبی معظم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے دستِ اقدس کی مبارک میٹھی اور ہتھیلی میں کنکروں نے تسبیح پڑھی۔ اور آپ کے مبارک ہاتھوں کی مطہرہ انگلیوں میں سے پانی کے فوارے چھوٹنے لگے چنانچہ لکڑی کے خشک تنے نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی بارگاہِ اقدس میں شوق و محبت کا اظہار کیا جب کہ مکڑی نے آپ کی ذات اقدس کے مخفی ہونے کی خاطر اپنے جالے پھیلائے۔ کبوتری نے غار کے منہ پر انڈے دے دیئے تاکہ کفار کی آنکھوں میں دھول وگرد ڈالی جاسکے۔ جب کہ اللہ سبحانہٗ جو کہ پروردگار و پالنہار ہے، نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی ذاتِ اقدس پر بکثرت صلوٰۃ وسلام ارسال فرمایا۔

اے مکی اے مکہ مکرمہ کی ہستی حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی مدح و ثنا اور تعریف ولعت مجھ پر مشکل و انتہائی نازک مسئلہ ہے۔

میرے دل کا حبیب و محبوب میری عقل و دانش کا مالک و متصرف ہو چکا ہے۔ چنانچہ اے میرے چارہ گر و چارہ ساز بھائی مجھے میرے مکی آقا صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی بارگاہِ اقدس میں لے چلو۔

مجھے محبوب کی بارگاہِ اقدس میں لے چلو ممکن ہے کہ مجھے یہ سعادت و خوش قسمتی حاصل ہو کہ میں اپنے محبوب و مقصود کو پورے جلال اور آب و تاب میں دیکھ لوں۔

کیونکہ محبوب کو محبوب کرنا پورے جلا اور روشنی بخشے گا۔ اور ان کو ملاحظہ کرنا آنکھوں کیلئے انتہائی شیریں ولذیذ اور میٹھا ہے جس طواف کرنے اور گامزن ہونے کے لئے آنکھوں پر چلوں گا اور آنکھوں کے بل حاضر ہوں گا۔ تم صبح سویرے سویرے علی الصبح حضرت نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی مزار پر انوار پر چلو جن کی ذات اقدس کے انوار و تجلیات لاتعداد و لاتحصیٰ ہیں اور آپ کی

https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/

نیت مبارکہ صالحہ و عمدہ ہے اور یوں عرض کروالے ہادی میرے دل و قلب کے مالک، آپ کی محبت والفت مجھ میں از حد بڑھ چکی ہے لہٰذا مجھ پر نظر کرم وشفقت فرمائیے!!

موسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام کا مرتبہ بلند ہوا نیز حضرت عیسیٰ نے بھی بہت زیادہ مجد و بزرگی پائی لیکن آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی ذاتِ گرامی قدر تمام انبیاء کرام علیہم الصلوٰۃ والسلام سے کہیں بڑھ کر سعادت منداور خوش بخت ہے۔

حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی شان بلند و بالا ہے اور آپ کا نور مبارک یقیناً ظاہر ہو چکا ہے آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم قرآن مجید کے ساتھ مبعوث ہوئے کہ جو کائنات بھر کو ہدایت و رشد عطا فرماتا ہے یہ بھی درست ہے کہ:۔

مقام ابراہیم یقیناً محل تعظیم ہے جہاں پر میں اپنے کریم پروردگار کو حسنِ نیت کے ساتھ پکارتا اور دعا کرتا ہوں میدان سعی میں جاؤ اور کعبہ معظمہ کا طواف میرے لئے سات دفعہ کرو لیکن میرا قصد وارادہ یہ ہے کہ میں اپنی آنکھوں کے بل چلوں اور گامزن رہوں۔

میرا مقصود و مطلوب یہ ہے کہ میں حضور پرُ نور صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت سے مشرف ہو جاؤں اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے نور پاک سے مستفید و مستفیض ہونے کی سعادت پالوں۔ آپ کے شکر گزار غلام بننے کی ایسی کیفیت پالوں کہ مجھے حضور پرُ نور صلی اللہ علیہ وسلم کا شکر گزار بندہ کہا جانے لگے۔ اور اس لئے کہ حضور نبی معظم صلی اللہ علیہ وسلم میری شفاعت فرمائیں۔

سیدنا حضرت علی رضی اللہ وکرم اللہ وجھہ سے مروی ہے، آپ رضی اللہ نے ارشاد فرمایا۔ بلا شبہ حضور نبی معظم صلی اللہ علیہ وسلم کی ولادت باسعادت بروز پیر ہوئی آپ کو نبوت ورسالت بروز پیر ملی۔ پیر کے دن ہی حضور نبی معظم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت خدیجہ الکبریٰ رضی اللہ عنھا کے ساتھ نکاح فرمایا۔ چنانچہ حضور پرُ نور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم بروز جمعرات اور پیر کو روزہ رکھتے

پیر کے دن کی اہمیت

https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/

ے۔ نیز حضور پُرنور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی ذات گرامی قدر کا وصال سوموار کے دن ہوا۔ چنانچہ حضور نبی معظم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی ذاتِ والا صفات سے مروی ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے ارشاد فرمایا:۔

مَنْ عَسُرَتْ عَلَيْهِ حَاجَةٌ فَلْيُكْثِرْ مِنَ الصَّلٰوةِ وَالسَّلَامِ عَلَيَّ۔

جس شخص کے لئے اس کی کوئی ضرورت وحاجت مشکل ومحال ہو جائے تو وہ مجھ پر بکثرت صلوٰۃ وسلام بھیجا کرے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلَاةً تُكْرِمُ بِهَا مَثْوَاهُ وَتُشَرِّفُ بِهَا عُقْبَاهُ وَتُبَلِّغُهُ مِنَ الشَّفَاعَةِ رِضَاهُ وَمُنَاهُ

اے اللہ سیدنا حضرت محمد کی بارگاہ اقدس میں ایسا صلوٰۃ وسلام پیش فرما کہ جس سے تو آپ کے ٹھکانے کو قابل تکریم وعزت بنائے اور آپ کے عقبہ کو اس صلوٰۃ وسلام کے ذریعہ مشرف فرمائے آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی ذاتِ گرامی کو شفاعت کے مقام پر پہنچا جو آپ کی رضامندی اور آبرو ہے اور بہت بڑا عالی مقام

خصائصِ نفسِ مصطفیٰ

پس بلا شبہ حضور پرنور صلی اللہ علیہ وسلم تمام مخلوق وکائنات میں سے بلحاظ نفسِ مبارکہ عمدہ وخیر اور بہترین ہستی ہیں۔ اور اے انسانو آپ کا نفس نفیس تم سب وتمام لوگوں سے افضل وعمدہ ہے۔ آپ کا قلب اطہر تم سب سے عمدہ فائق اور برتر ہے۔ آپ قول وفرمان کے اعتبار سے تم سب سے زیادہ سچے اور سچے ہیں آپ کا ہر فعل مبارکہ تم سب سے زیادہ ازکیٰ وپاک ترین ہے۔ آپ

https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/

اپنے اصل کے اعتبار سے خالص ترین اور انتہائی صاف شفاف ہیں۔ اے لوگو! بلاشبہ حضور پرنور صلی اللہ علیہ وسلم تم سب سے بڑھ کر اور کہیں زیادہ وعدہ وفا فرمانے والی ہستی ہیں۔ آپ کی مجد و عظمت اور بزرگی تم سب لوگوں سے بڑھ کر مستقل پائیدار اور بڑھ کر ہے۔ آپ کا نفس نفیس و اطہر تم سب سے بڑھ کر وقار و عظمت حاصل کرنے والا ہے۔ آپ خلق مبارک اور خلق اطہر کے اعتبار سے تم سب سے بڑھ کر احسن و عمدہ اور اچھے ہیں۔ آپ کی فرع شاخ تم سب سے کہیں زیادہ اور بڑھ کر طیب پاکیزہ اور عمدہ ہے آپ کی مبارک و اطہر کلام تم سب لوگوں بڑھ کر شیریں و لذیذ اور مسرور کن ہے۔ آپ کے اعضاء مبارکہ اور افعال مقدسہ تمام لوگوں سے بڑھ کر پاکیزہ ترین ہیں۔ آپ تمام انبیاء کرام رسل عظام علیہم الصلوٰۃ و السلام اور جمیع مخلوق میں سے قدر و منزلت اور رفعتِ مقام کے اعتبار سے جلیل القدر ہیں۔ اور تمام مخلوق و کائنات میں سے آپ تمام لوگوں سے بڑھ کر فخر و ناز فرمانے والی ہستی ہیں۔ آپ تمام بنو آدم میں سب سے بڑھ کر شکرِ الٰہی فرمانے والی ہستی ہیں۔ آپ تم تمام جمیع اور سب لوگوں میں سے اعلیٰ و رافع ذکر پاک رکھنے والی ہستی ہیں آپ کا صبر و تحمل تمام مخلوق میں سے بڑھ کر حسین و جمیل اور خوبصورت ترین ہے۔ آپ آسانی لیسر اور آسائش کے اعتبار سے تم تمام مخلوق کے نزدیک ترین ہیں آپ کا مقام تم سب لوگوں سے بڑھ کر افضل و اعلیٰ ہے آپ تمام لوگوں میں سے سب سے پہلے مشرف بہ ایمان ہوئے۔ آپ بلحاظ بیان ذکر کے تم سب لوگوں سے بڑھ کر وضاحت و تشریح فرمانے والی فصیح و بلیغ ہستی ہیں۔ غرضیکہ اے مخلوق آپ ہر اعتبار سے تم سے بڑھ کر خوبصورت ترین و فائق ترین ہیں نیز آپ اپنی حیاتِ طیبہ اور مزار پرانوار ہر کیفیت میں تم سب لوگوں سے بڑھ کر منور ترین اور سب سے زیادہ روشن ہیں۔

یہ عالی مرتبت اور رفیع القدر حضرت محمد بن عبدالمطلب ابن ہاشم بن مناف بن قصّی بن کلاب بن مرۃ بن کعب ابن لوی بن غالب بن مالک بن النضر

https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/

بن کنانۃ بن خزیمۃ بن خزیمۃ بن مدرکۃ بن الیاس بن مضر بن نزار بن معد بن عدنان کہ جو حضرت اسماعیل بن ابراہیم علیہما السلام کی اولاد امجاد میں سے ہیں۔

حضور پُرنور صلی اللہ علیہ وسلم کی عالی قدر و رفعت ذاتِ اطہر کا نسب عالی وہ نسب ہے کہ جس نے ہمہ صفت موصوف ہو کر کمال اور عظمت کو پالیا ہے۔ اور اس کائنات کے اندر آپ کی ذات گرامی قدر کا حسن و جمال اس قدر زیادہ ہے کہ اس حسن و جمال کی فراوانی و کثرت کے باعث دیکھنے والوں کی عقلیں اس کی قیدی ہیں۔

حضور پُرنور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی عالی مرتبت ذاتِ اطہر کا نسب اور خاندانِ عالی وہ ہے کہ جس کے ہمراہ جمال اور حسن مکمل ہوا۔ اور رب العلیٰ نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی عالی قدر ذات کو فخر و ناز کی خلعتِ فاخرہ پہنائی و زیبِ تن کرائی۔ زہے نصیب و بختِ آمنہ رضی اللہ عنہا کہ انہیں حضور پُرنور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے حسن مبارک دیکھنے کی سعادت و خوش قسمتی حاصل ہوئی جب کے بیابانوں اور صحراؤں کے جانوروں نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی تشریف آوری اور ظہور پُرنور کی مبارک و بشارت دی۔ اور حضرت جبرائیل علیہ الصلوٰۃ والسلام نے باآوازِ بلند آسمانوں کی فضاء میں یہ اعلان کیا یہ ہیں حضرت محمد مصطفیٰ احمد مجتبیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کہ جو لوگوں کے درمیان مرسل و رسول معظم صلی اللہ علیہ وسلم متعین ہوئے ہیں۔ اور اللہ سبحانہ نے حضرت محمد مصطفیٰ احمد مجتبیٰ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی ذاتِ گرامی قدر کو فضائل و مناقب کے ساتھ مختص و مخصوص فرمایا ہے اور آپ کے فضائل کے نور روشنی سے ہی نور شریعت بلند و بالا ہوا۔

بلاشبہ حضور پُرنور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے نور مبارک سے ہی عرش کے تمام ستاروں و سیاروں نے کسبِ نور اور روشنی پائی ہے۔ اور آپ کے نورِ ابد کے باعث قدیم و پرانے زمانے سے کرسی نے روشنی اور نور حاصل کیا تھا۔

اللہ سبحانہ جل جلالہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی ذاتِ گرامی پر دائمی درود و سلام

https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/

بھیجئے جب تک کہ دنیا قائم اور موجود ہے اور اللہ سبحانہٗ نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی افضیلت وعظمت میں بے پناہ اضافہ فرمایا ہے۔

بلاشبہ حضور پُرنور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی ذاتِ گرامی کا نسب عالی ہے اور آپ کی مثل ومانند کوئی بھی دوسرا حسیب نسیب محسن ومتکرم نہیں ہے۔

میں ہر مدح وثنا گستری میں حضور حضرت احمد مجتبیٰ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی ذات کو فضیلت دیتا ہوں کیونکہ اگر مدح کی جائے تو صاحبِ فضیلت اور عالی حسب ونسب رکھنے والی ہستی کی کی جائے۔ اور حسب ونسب والی ہستی کو مقدم رکھا جائے۔

بلاشبہ حضور پُرنور صلی اللہ علیہ وسلم کی عالی قدر ذات تاج کے ساتھ جلیل القدر سے حسن وجمال کے عظیم الشان تاج کے ہمراہ مختص ومخصوص ہے آپ رونق کی نعمتوں سے حسن وجمال ہیں جو کہ آپ کی ذات والا صفات کے لئے عام ہے۔ کائنات وجملہ عام ایک حُلّے کی (پوشاک) مانند ہے جب کہ حضرت احمد مجتبیٰ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم اس کا قیمتی نقش ونگار ہیں اور آپ کے جسد اطہر کے اوپر ہدایت کے نشانات وعلامات ہیں۔

پس تم تمام رُسلِ کرام پر صلوٰۃ وسلام کا نذرانہ پیش کرو بلکہ حضور نبی معظم و مجتبیٰ صلی اللہ علیہ وسلم پر بکثرت صلوٰۃ وسلام کے تحائف پیش کرو۔

سیدنا حضرت کعب الاحبار رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے ارشاد فرمایا جب اللہ سبحانہٗ نے مخلوقات کی تخلیق کا ارادہ فرمایا نیز اس کی منشا وقضاء کا فیصلہ ہوا کہ وہ زمینوں کو بچھائے آسمانوں کو بلند و مرتفع فرمائے تو اللہ سبحانہٗ جل جلالہٗ نے اپنے نور سے ایک مٹھی بھر نور لیا اور اس کو ارشاد فرمایا اے نور تم محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات اقدس میں بدل جاؤ تو بھر نور کی مٹھی نور کے جلیل القدر ستون میں بدل گئی پھر حضور پُرنور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی عالی مرتبت ذات اقدس نے سجدہ فرمایا اور سجدہ سے سر مبارک اٹھایا

نورِ محمدی کی تخلیق

https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/

اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے ارشاد فرمایا: "الحمد اللہ"

تو اللہ سبحانہٗ نے ارشاد فرمایا میں نے اِسی غرض قصد اور وجہ سے آپ کی تخلیق فرمائی ہے اور آپ کا اسم گرامی "محمد" صلی اللہ علیہ وسلم رکھا ہے۔ میں آپ کی ذات کے وسیلے و اسطے سے ہی مخلوق کو پیدا کروں گا۔ اور آپ کی عالی قدر ذات پر سلسلہ انبیاء ورسل ختم کروں گا۔

بعد ازاں اللہ سبحانہٗ و تعالیٰ جل مجدہ نے حضرت جبرائیل علیہ الصلوٰۃ والسلام کو حکم فرمایا کہ اے جبرائیل آپ میرے پاس وہ مٹی لے کر آئیں کہ جو حضرت احمد مجتبیٰ محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کے نور مکرم میں سے ہے۔ اللہ سبحانہٗ نے اس مٹی کو پکڑا بعد ازاں اس مٹی کو اللہ سبحانہٗ نے لے لیا اور اس کو جنت کے دریاؤں و انہار میں ڈبویا و ہلایا تو ملائکہ کو بخوبی علم ہو گیا کہ بلاشبہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی عالی قدر ذاتِ اطہر واقدس سید المرسلین صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم ہے۔ نیز یہ کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم سید الاولین والآخرین ہیں یہ اس عرصہ سے بھی قبل کا ذکر ہے جب کہ حضرت آدم کی پیدائش نہ ہوئی تھی اور آدم کی پیدائش سے ایک ہزار سال پہلے حضور پُرنور صلی اللہ علیہ وسلم کو پیدا فرمایا۔

بعد ازاں اللہ سبحانہٗ نے نور محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو حضرت آدم علیٰ نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والسلام کی پیشانی مبارکہ میں اُجاگر و ظاہر فرما دیا۔

اشعار | بلاشبہ اور یقیناً رب العرش جل مجدہ کے نور اور جلوہ سے ہی حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کا نور بنایا گیا۔ جب کہ لوگ مٹی سے تخلیق ہوتے اور اس سے پیدا ہونے کے لحاظ سے مادی ہیں۔

حضور پُرنور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی ذاتِ بابرکت کے وسیلۂ جلیلہ سے ہی مقام ابراہیم چاہِ زم زم، کوہ صفا، منیٰ بیت اللہ اور وادی بطحا مشرف کے مقامات مشرف معزز و مکرم ہوئے۔

بلاشبہ حضرت نبی معظم صلی اللہ علیہ وسلم سید الکونین اور سید ہاشم ہیں چنانچہ

https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/

اس سلسلے میں حضرت احمد مجتبیٰ نبی مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کی سیادت میں کوئی شک اور پردہ نہیں ہے۔

بلاشبہ حضرت نبی معظم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ذاتِ بابرکات کے وسیلہ جلیلہ سے ہی حضرت آدم صفی اللہ علیہ الصلوٰۃ والسلام نے اپنی لغزش وخطا بخشوانے کے لئے وسیلہ واسطہ پکڑا اور حضرت حوا علیہا الصلوٰۃ والسلام نے بھی حضرت احمد مجتبیٰ کی شفاعتِ عظمٰی سے کسب فیض فرمایا جناب مصطفیٰ کی بارگاہ عالیہ سے۔

حضرت نوح علیہ الصلوٰۃ والسلام نے اپنے طوفان کے دوران حضور نبی معظم صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات گرامی قدر کا واسطہ وسیلہ پیش کیا اور جب پانی زبردست سیلاب کی صورت میں حضرت نوح پر طغیانی کرنے لگا تو حضرت احمد مجتبیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کی برکت سے حضرت نوح کی دعا کو شرفِ قبولیت عطا ہوا۔

بلاشبہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے واسطہ عالیہ اور وسیلہ جلیلہ کے باعث اس ہلاکت خیز خطرناک آگ سے بچ گئے جو آپ کے اعداء اور دشمنوں نے بھڑکائی تھی تاکہ وہ آپ حضرت ابراہیم خلیل اللہ علیہ الصلوٰۃ والسلام کو اذیت دیں۔

حضرت ادریس علیہ الصلوٰۃ والسلام نے حضور پرنور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے وسیلہ جلیلہ اور واسطہ عالیہ سے دعا فرمائی تو یوں حضرت ادریس علیہ الصلوٰۃ والسلام کا رتبہ ودرجہ اللہ سبحانہٗ کی بارگاہ اقدس میں بلند وبالا مرتفع واعلیٰ ہوگیا۔ اور حضرت ادریس علیہ الصلوٰۃ والسلام کو رتبہ عالیہ حاصل ہوا۔

حضور پُرنور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے واسطہ عالیہ اور وسیلہ جلیلہ سے ہی حضرت اسماعیل علیہ الصلوٰۃ والسلام کے مقام پر بطور فدیہ مینڈھا لایا گیا۔ اور جیسے کہ کتاب اللہ قرآن مجید کی گواہی ہے حضرت اسماعیل علیہ الصلوٰۃ والسلام کی بجائے فدیہ دیا گیا۔ یہ حضرت محمد مصطفیٰ احمد مجتبیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا واسطہ عالیہ اور جلیل القدر وسیلہ ہی تھا کہ جس کے باعث حضرت موسیٰ کلیم اللہ علیہ الصلوٰۃ

https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/

والسلام وہ طور پر اللہ رب العزت کے ساتھ ہم کلامی کا شرف اور عزت پائی خصوصاً اس وقت کہ جب جناب کلیم اللہ کو اللہ سبحانہٗ کی جانب سے ندا و صدا لگائی گئی۔ حضرت عیسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام پر نازل ہونے والی انجیل اور دوسری الہامی کتاب زبور نے حضور پُر نور کی فضیلت کی شہادت وگواہی دی چنانچہ حضرت احمد مجتبیٰ نبی مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کی ذاتِ گرامی قدر کے لئے بے شمار فضائل ومناقب اور بلندیاں ورفعتیں ہیں۔

حضور نبی معظم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی بعثت مکرمہ کی شہادت وگواہی کے بارے تورات کے الفاظ بولنے لگے جو حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کی ذاتِ اقدس کے بارے میں تھے۔ اور حضرت نبی معظم صلی اللہ علیہ وسلم کی مدح وثنا تورات میں موجود وثبت ہے۔

اللہ اکبر حضور پُر نور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کا افتخار اور ناز و بلندی کتنی مرتفع و اعلیٰ ہے۔ اور ہر لحاظ سے آپ کے بے مثل خصوصیات عقلاءِ عالم کو ورطۂ حیرت میں ڈالے ہوئے ہیں۔ اللہ تعالیٰ اور اس کی وہ مخلوق حضور پُر نور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی عالی قدر ذات پر صلوٰۃ والسلام پر ابدی و دائمی صلوٰۃ و السلام بھیجے کہ جو سات آسمانوں کے اندر موجود ہے آپ کی عالی قدر ذاتِ والاصفات پر اس وقت تک صلوٰۃ وسلام ہو جب تک اِس دنیا میں صبح وشام کا وجود باقی رہے۔

سیدنا حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنھما سے مروی ہے فرماتے ہیں مجھے اس امر کی خبر پہنچی ہے کہ حضرت آدم علیہ الصلوٰۃ والسلام کی پاک صلب میں حضرت احمد مجتبیٰ اور سیدنا حضرت یوسف علیہ الصلوٰۃ والسلام کے نور کے ساتھ مخصوص ومختص تھا جب کہ حضور پر نور محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے "نور" کی صفت وخصوصیت یہ تھی کہ آپ کے نور مقدس ومطہر میں کما حقہٗ نور کمال بہار ورونق فنازگی) نبوت، شفاعت، قرآن، شہامہ (ذکی القلب ہونا) علامہ نحامہ خوبصورت حسین زلفیں جمعہ جماعت مقام محمود حوضِ مورود اور قضیب

https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/

معاملات سلجھانے والے قادر الکلام تھی جو مخص حضور پر نور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ذا۔ قدس کے ساتھ متعین ومختص تھی۔

سیدنا حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے تو اللہ سبحانہ جل جلالہ کی طرف سے ایک منادی واعلان کرنے والے زور سے پکارے و بلائے گا خبردار وہوشیار! مخلوق میں سے جس بھی شخص کا نام محمد ہو تو اس کو کھڑا ہونا چاہئے اور مخص حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ذاتِ گرامی کے اکرام وتعظیم کی خاطر اس کو جنت میں داخل کیا جاتا ہے۔

جب کہ حدیثِ صحیح میں ہے کہ وہ مکان یا گھر جہاں پر "محمد" یا "احمد" کے اسمائے گرامی قدر ہوں گے تو ملائکہ وفرشتے اس گھر یا مکان کی زیارت کے لئے ہر دن یا رات میں ستر مرتبہ حاضر ہوتے ہیں۔

اشعار اللہ اللہ اللہ اللہ ہمارا کوئی پروردگار نہیں ہے سوائے اللہ سبحانہ کی ذاتِ اقدس واطہر کے۔ میں جب کبھی اللہ سبحانہ کو پکاروں اور بلاؤں تو اللہ جل مجدہ یہ ارشاد فرماتا ہے اے میرے بندے میں اللہ ہوں۔ ربیع کے موسم میں اللہ نے چاند کو طلوع فرمایا ہے اور اسی مقدس ماہ ربیع الاوّل میں اللہ کی دو نصرت من جانبہ آپہنچی وہ ربیع الاوّل شریف کا ماہِ مقدس کس قدر عظیم و جلیل القدر ہے۔ اور شرافت سے بھرپور و مملو ہے کہ جس میں اللہ سبحانہ نے تمام کائنات اور جمیع مخلوقات پر کرم گستری فرمائی ہے جس کرم اور بخشش سے ہم نے از حد فرحت وسرور پالیا نیز ہم اپنے مقصود ومراد کو حاصل کرنے میں کامران اور فائز المرام ہو گئے۔ یا رسول اللہ صلی اللہ علیک وسلم ہم طیب پاکیزہ عمدہ اور خوشگوار زندگیاں پا گئے اور ہم پر اللہ سبحانہ کا خصوصی فضل وکرم احسان واکرام ہو گیا ہے۔ بلاشبہ وہ دین ظاہر اور آشکارا ہو گیا ہے کہ جو سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ظہور سے موید ومستحکم ہے۔

اے بشارت ومبارک ہو محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی آمد آمد کی جن

https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/

کی ولادتِ باسعادت محض فضل الٰہی اور اس کا کرم و بخشش ہی ہے۔

۱۲ بارہ ربیع الاوّل شریف کو حضور پُر نور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی میلاد مبارکہ ہوئی جن کا مرتبہ منزلت اور قدر و وقعت بہت ہی اعلیٰ وارفع ہے بلاشبہ آقا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کی تائید و توثیق اللہ سبحانہٗ جل مجدہ نے فرمائی۔

ایسی عظیم ہستی کا میلاد ہوا ہے کہ جن کی قدر و منزلت بہت بلند و مرتفع ہے۔ اور جن کی ولادتِ باسعادت، سے بُت آواز نکال کر دھڑام سے اوندے جا گرے۔

بلاشبہ حضور محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی ذاتِ گرامی قدر کے وسیلے جلیلہ سے ایوان کسریٰ پھٹ گیا۔ اور جب نبی تہامی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی ولادتِ باسعادت ہوئی جو کہ بلاشبہ رسل کرام کے خاتم ہیں صلی اللہ علیہ وسلم دار السلام جنت کو خوب خوب آراستہ پیراستہ کیا گیا۔ ادھر اللہ کی نصرت اور مدد آپہنچی حضور نبی معظم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی ذاتِ بابرکات کو سبعِ مثانی عطا فرمائی گئیں جو آپ کا منفرد خاصہ ہیں۔ اور تمام آیاتِ قرآنی معانی لطیفہ دقیقہ کی حامل و حاوی ہیں حسن و جمال میں حضور پر نور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی ذاتِ اقدس کا کوئی ثانی و مثل نہیں ہے۔ اور حضور پُر نور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم وہ ذات ہیں کہ جن پر اللہ سبحانہ نے وحی نازل فرمائی۔ آپ اپنے عالی قدر اخلاق کے اعتبار سے تمام عالم اور دنیا میں سے بہترین و عمدہ ترین ہیں اور اپنی تخلیق فطرت پیدائش کے لحاظ سے تمام لوگوں سے زیادہ جلیل القدر ہیں۔

حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی ذات گرامی قدر کا شجر طیبہ مشرق و مغرب کے کونے کونے میں پھیلا ہوا ہے۔ اور حضرت ختمی مرتبت صلی اللہ علیہ وسلم پر اللہ کی بارگاہِ اقدس سے صلوٰۃ و سلام پیش ہو۔

اے اللہ! اپنے معظم و مکرم نبی محتشم بشیر النبی الھادی، نذیر کا واسطہ اور وسیلہ ہمارے لئے خطرات و مشکلات کے دن (روزِ محشر) آپ صلی اللہ علیہ وسلم

https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/

کے وسیلے سے آسان وسہل فرما!!! اور اے اللہ ہماری خطائیں و غلطیاں بخش دے۔

جس شخص نے بھی سید تہامہ صلی اللہ علیہ وسلم کی مدح کہی اور نعت گو یا ہوا تو اس نے میرے پروردگار سے کرامت عزت و توقیر پالی۔ نیز ایسے شخص کو اللہ سبحانہ، کی طرف سے بروز قیامت ہر طرح کی خیرات و بھلائیوں سے نوازا جائیگا۔

پھر اللہ سبحانہ، نے نور محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو دس اقسام میں منقسم و تقسیم فرمایا۔ چنانچہ نور کی قسم اوّل سے اللہ سبحانہ، نے عرش کی تخلیق فرمائی دوسری قسم سے کرسی کی تخلیق فرمائی نور کی تیسری نوع اور قسم سے لوح بنائی نور کی چوتھی قسم سے قلم کی تخلیق فرمائی پانچویں قسم سے شمس یا سورج کی تخلیق فرمائی چھٹی نوع سے قمر کو تخلیق فرمایا ساتویں قسم سے کواکب یا ستارے پیدا کیئے نور کی آٹھویں قسم سے نور مؤمنین کے تخلیق فرمائی نور کی نویں قسم سے نور قلب کی تخلیق فرمائی اور اس کی دسویں نوع سے روح محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کو تخلیق و پیدا فرمایا۔ راوی فرماتے ہیں کہ جب اللہ سبحانہ، جل مجدہ نے قلم کی تخلیق فرمائی تو اس کو ارشاد فرمایا لکھو۔ تو قلم نے دریافت کیا میں کیا لکھوں ؟ تو اللہ نے قلم کو ارشاد فرمایا: تم میری مخلوق میں میری توحید کے بارے لکھو،" لا اِلٰہَ اِلّا اللّٰہ" چنانچہ قلم نے اللہ سبحانہ، کے کلام کو ایک سو سال تک لکھا۔ اور پھر قلم مذکور ساکن ہو گئی۔ پھر اللہ سبحانہ، نے قلم کو حکم ارشاد فرمایا لکھو ؛ قلم نے دریافت کیا کہ میں کیا لکھوں ؛ تو اللہ سبحانہ، نے ارشاد فرمایا؛ لکھو محمد رسول اللہ قلم نے دریافت کیا محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم جیسی جلیل القدر اور عظیم ہستی کون ہے کہ جن کے اسم گرامی کو آپ نے اپنے نام مبارک کے ساتھ مقرون و متصل فرمایا ہے۔ تو اللہ سبحانہ نے قلم سے ارشاد فرمایا؛ اے قلم ادب و احترام سیکھو مجھے اپنی عزت و جلال کی قسم اگر حضرت محمد الرسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات گرامی قدر نہ ہوتی تو میں اپنی مخلوق میں سے کسی کی تخلیق و پیدائش نہ فرماتا۔ تو اس دوران قلم دو حصوں

https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/

میں منقسم و تقسیم ہو گئی۔ کیونکہ اس کے اوپر ہیبت الہیہ طاری ہو چکی تھی۔ اور حضور پُر نور صلی اللہ علیہ وسلم کی عالی قدر ذات کی صفاتِ عالیہ کا اثر ہو چکا تھا۔

حتیٰ کہ اس قلم کو لرزتا کانپتا ہوا دیکھا گیا جیسے کوندتی کڑکڑاتی اور لرزتی ہوئی زوردار بجلی تھی۔ پھر قلم نے لکھا محمد صلی اللہ علیہ وسلم اللہ کے برگزیدہ رسول ہیں اور جس مسلمان نے حضور نبی معظم صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات گرامی قدر پر درود شریف پڑھا اس کو اس امر کی سعادت حاصل ہو گئی کہ وہ حضور پُر نور صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہِ اقدس میں پہنچے گا۔

اے میری جان تو نے اپنی آرزوئیں اور مرادیں پا لی ہیں لہٰذا تمہیں بشارت ہو اور خاطر جمع رکھو یہ ہیں حبیب مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم اور یہ ذاتِ سید الرسل صلی اللہ علیہ وسلم ہے یہ ہیں حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کہ جن کی الفت و محبت نے میرے دل کو بھر دیا ہے۔ اور آپ ہی وہ ذاتِ پاک ہیں کہ جن کی وجہ سے میری آنکھیں بیدار اور جاگتی رہیں یہ ہیں ذاتِ پاک مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کہ جو مقام حشر میں ہمارے شفیع ہوں گے جب کہ ہم شدتِ عذاب اور سخت کربناک حالت میں حضور پُر نور صلی اللہ علیہ وسلم کی ذاتِ اقدس سے استغاثہ و امداد طلب کریں گے۔

یہ ہے وہ ذاتِ پاک مصطفیٰ کہ جو سخت کڑوے اور کھاری سمندروں کیلئے تشریف لائی اور آپ نے یہاں ان کے پانیوں میں اپنے دست اقدس سے بھگویا تو ان کا سخت کڑوا پانی شہد جیسا شیریں ولذیذ بن گیا۔

یہ ہیں مصطفیٰ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کہ جنہوں نے اکھڑی ہوئی آنکھ کو صحیح وسالم اس کے مقام پر رکھ دیا اور آپ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کے لعابِ دہن مبارک نے حضرت امام علی رضی اللہ عنہ کی مبارک آنکھ کو شفا و صحت بخش دی۔

اے انبیاء کرام کے لازوال اور بیش قیمت موتی اے علماء کے روضہ اور باغ اے ملجاء غرباء یا سید الرسل صلی اللہ علیک وسلم!!

https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/

اے میرے آقا آنے والے کل آپ میرے لئے صاحب شفاعت بنیں کل قیامت اور حساب کے دن اور مجھے دوزخ کی اس آگ کی حرارت سے بچائیں کہ جس میں پتھر پگھلیں گے نوان کے اندر سے شعلے نکلیں گے ۔

سیدنا حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے آپ نے حضور پُر نور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی ذات گرامی قدر سے یہ روایت مروی فرمائی ہے۔ کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے ارشاد فرمایا جس شخص نے مجھ پر ایک دفعہ درود و سلام پڑھا تو اللہ سبحانہٗ اس سے بڑھ کر اس پر دس گنا زیادہ رحمت بھیجے گا اور جس شخص نے مجھ پر دس دفعہ درود بھیجا تو اللہ سبحانہٗ اس پر سو دفعہ زیادہ رحمت نازل فرمائیگا۔ اور جس شخص نے مجھ پر ایک سو دفعہ صلوٰۃ وسلام بھیجا اللہ سبحانہٗ اس پر ایک ہزار دفعہ صلوٰۃ وسلام بھیجے گا اور جو شخص مجھ پر ایک ہزار دفعہ صلوٰۃ وسلام بھیجے گا تو اللہ سبحانہٗ اس درود شریف پڑھنے والے کے بالوں اور جسم پر آتش دوزخ حرام فرما دے گا۔

نیز حضور پُر نور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے ارشاد فرمایا تم میں سے جو شخص مجھ پر بکثرت صلوٰۃ وسلام بھیجے گا جنت میں اس کی ازدواج اور اس قدر بہت زیادہ اور اکثر ہوں گی ۔ اور حضور پُر نور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے ارشاد فرمایا: میں اپنی مزار پُر انوار میں زندہ حیّ اور تر و تازہ و شگفتہ ہوں جس شخص نے مجھ پر صلوٰۃ وسلام پڑھا میں اُس کو سلام فرماتا ہوں ۔

لہٰذا اے مسلمانو! تم [illegible]ت حضور پُر نور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی ذات اقدس پر بکثرت صلوٰۃ وسلام عرض کرو ۔

ترجمہ اشعار | اے لوگو! تم حضرت خیر الانام صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی ذات گرامی پر صلوٰۃ وسلام عرض کرو۔ اس ذاتِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کہ جو بدرِ تمام اور کامل چودھویں کے چاند ہیں۔ تم حضور پُر نور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی ذاتِ با برکات پر صلوٰۃ وسلام عرض کرو کہ جو سخت مشکلات کی گھڑیوں میں ہماری شفاعت فرمائیں

https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/

گے اے کاش مجھے معلوم ہوتا کہ کیا میں اس روضۂ النور کی زیارت سے مستفیض و مستفید ہو سکوں گا۔ کہ جو نورانی بقعۂ مبارکہ ہے۔ یعنی وہ مزار پر انوار کہ جس کے اندر حضرت خیر الوریٰ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی ذات گرامی قدر موجود ہے اور اپنی وفات سے قبل بارگاہ مصطفوی صلی اللہ علیہ وسلم میں حاضر ہو سکوں گا اور صلوٰۃ و سلام عرض کر سکوں گا۔

میرا شوق اور محبت تو وہ حبیب مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کی ذاتِ اقدس ہی ہے۔ اور میری موت بھی ان کے وجد سے طیب و عمدہ ہو گی۔

لہٰذا اے مصطفیٰ صلی اللہ علیک وسلم اپنی بارگاہ اقدس میں حاضری کو میرا مقدر بنا دیجئے! اے خاتم رسلِ کرام صلی اللہ علیک وسلم! اگر میں اس حبیب مکرم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی بارگاہِ جہاں پناہ میں حاضری نہ دوں تو میری زندگی میں کوئی خوشگواری اور لطف و کرم مزہ نہیں ہے۔ چنانچہ میری آنکھوں سے آنسو مسلسل بہہ رہے ہیں اور اگر میں نے بارگاہِ مصطفیٰ جہاں پناہ میں حاضری نہ دی تو میری آنکھوں سے آنسوؤں کی جھڑی لگی رہے گی۔

جب مکہ مکرمہ سے مہد اور پنگھوڑے میں حضور پُر نور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی ذاتِ گرامی قدر نے ظہور فرمایا تو چاند آپ کی ذات گرامی قدر کے باعث بے قرار ہوتا متحرک و رقص کناں تھا۔ اور حضور پُر نور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی ذات گرامی قدر کے ساتھ آلِ مضر نے تمام کائنات اور جمیع مخلوقات پر فخر و ناز فرمایا۔

چنانچہ جب حضرت حلیمہ سعدیہ رضی اللہ عنہا نے ان انوار و تجلیات کو ملاخطہ فرمایا کہ جو حضور کی ذات بابرکات سے واضح و نمایاں ہوئے۔

تو حضرت حلیمہ سعدیہ رضی اللہ عنہا حضور پُر نور صلی اللہ علیہ وسلم کی ذاتِ گرامی قدر کی طرف مائل ہو گئیں اور آپ رضی اللہ عنہا نے حضور پر نور صلی اللہ علیہ وسلم سے بار بار معانقہ فرمایا نیز حضرت حلیمہ سعدیہ رضی اللہ عنہا نے حضور پُر نور صلی اللہ علیہ وسلم کے مبارک جسد اطہر کے بار بار بوسے لئے۔

https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/

حضرت آمنہ رضی اللہ عنہا بے اختیار و بے ساختہ پکار اٹھیں اپنے خاوند کی خدمت میں عرض کرنے لگیں کہ ہم نے اللہ کی بارگاہ اقدس میں شرفِ قبولیت اور مراد و مقصود کو پا لیا ہے۔ اس رسول معظم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی ذات گرامی قدر میں کوئی شک و شبہ نہیں کیونکہ آپ کی ذات گرامی قدر کے اوپر بادل نے سایہ کر رکھا ہے۔

حضور پُرنور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی ذاتِ والاصفات ہر حال میں بے مثل رہی چنانچہ بچوں میں سے کوئی بھی آپ کی مثل نہ تھا اور بروز قیامت بھی آپ کی مثل و مانند کوئی دوسرا شخص نہ ہوگا۔ حضور پُرنور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی ذات بابرکات نے بچپن میں ایک ہی پستان سے دودھ نوش فرمایا۔ یہ آپ کا لطف و کرم اور شان و شوکت و عظمت، رعب و دبدبہ تھا۔ اے سیدی! میرا پروردگار جو کہ آسمان کا خالق و مالک ہے اللہ سبحانہٗ آپ کی ذات اقدس پر صلوٰۃ وسلام ارسال فرمائے۔

نیز آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی آل و اصحاب پر صلوٰۃ وسلام ہو رضی اللہ عنہم جب تک بادل موسلا دھار بارشیں برسایا کریں!!

نورِ محمدی کا منتقل ہونا

جب اللہ سبحانہٗ جل جلالہ نے ارادہ فرمایا کہ وہ اس درّۂ یتیم کو منصۂ شہود پر لائے تو اللہ سبحانہ نے حضرت آدم علیہ الصلوٰۃ والسلام کی ذاتِ اقدس کی تخلیق فرمائی اور ملائکہ نے حضرت آدم علیہ الصلوٰۃ وسلام کو سجدہ کیا پھر اللہ سبحانہ نے حضرت آدم علیہ الصلوٰۃ والسلام میں اپنی روح پھونکی تو سیدنا حضرت آدم علیٰ نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والسلام نے رب العزت کی بارگاہِ اقدس میں عرض کیا اے میرے پروردگار میں اپنی پیشانی میں چیونٹیوں کی سی سنسناہٹ سنتا ہوں تو اللہ سبحانہٗ جل مجدہ نے ارشاد فرمایا یہ آپ کے معنوی صاحب زادے محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی تسبیح کی آواز ہے۔ لہٰذا حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کی ذاتِ اقدس [illegible] کہ تم حضرت احمد

https://archive.org/details/@zohaibhasanattari
Click For More Books

https://ataunnabi.blogspot.com/

مجتبیٰ کے نور کو اصلاب طاہرات اور امہاتِ زاکیات پاکیزہ طاہر کے ارحام میں ہی باقی رکھو گے۔ اور حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کا نور حضرت آدم علیہ الصلوٰۃ والسلام کی مبارک پیشانی میں یوں چمک دمک رہا تھا کہ جیسے سورج اپنے کمال پر روشن و منور ہوتا ہے یا جیسے چاند اپنے پورے جوبن پر چمکتا دمکتا ہے۔ پھر یہ نور محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم حضرت حوا علیہا الصلوٰۃ والسلام کی طرف منتقل ہوا اور حضرت حوا حضرت شیث علیہ الصلوٰۃ والسلام کی ذات گرامی قدر کے ساتھ حاملہ ہوئیں یہ نور ازلی مسلسل منتقل ہوتا اور اصلاب طاہرہ میں پھرتا رہا حتیٰ کہ سیدنا حضرت عبدالمطلب رضی اللہ عنہ تک آپہنچا۔ چنانچہ سیدنا حضرت عبدالمطلب رضی اللہ عنہ جب شکار پر نکلتے تو شیر آپ کی بارگاہِ اقدس میں حاضر ہوتے اور عرض کرتے اے عبدالمطلب ہم پر سوار ہو جائیں تاکہ ہم نور محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی برکت و سعادت سے مشرف ہوں پھر عبدالمطلب رضی اللہ عنہ نے یثرب (مدینہ) کی ایک خاتون کے ساتھ نکاح فرمایا جن سے آپ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کے ساتھ حاملہ ہوئیں ۔ جو کہ حضور نبی معظم صلی اللہ علیہ وسلم کے والد گرامی قدر ہیں تو اِس دوران سیدنا حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کا حسن و جمال بڑھنے لگا۔ اور حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کے چہرہ انور میں حضور پرنور صلی اللہ علیہ وسلم کا نورِ مقدس موجود تھا جیسے کہ قمر (چودھویں کا چاند) اپنے کمال پر ہو چنانچہ اس دوران حضرت عبدالمطلب نے حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کی شادی حضرت آمنہ بنت وھب رضی اللہ عنہا سے کر دی چنانچہ کہا جاتا ہے کہ جب جناب حضرت عبداللہ نے حضرت آمنہ امینہ سے شادی کر لی تو مکہ کی خواتین میں سے ایک سَو خواتین اس افسوس کے باعث فوت ہوئیں کہ ان کا نکاح حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ سے کیوں نہ ہو سکا اور ان کو نور محمد صلی اللہ علیہ وسلم کا ازحد شوق و محبت تھا۔

ترجمہ اشعار | اے آمنہ آپ کو بشارت و مبارک ہو اور آپ ازحد قابل ستائش

سیدہ آمنہ رضی اللہ عنہا کی شان

https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/

ہیں کیونکہ عنقریب آپ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی ذات گرامی قدر کے ساتھ حاملہ ہوں گی کہ جو سید الاکوان صلی اللہ علیہ وسلم ہیں۔ اے آمنہ آپ کو بشارت و مبارک ہو کہ آپ نے مرادیں اور آرزوئیں پالی ہیں محض اس لئے کہ آپ حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی والدہ ماجدہ ہیں کہ جو اولاد عدنان کے آقا سید و سردار ہیں۔

حضرت آمنہ رضی اللہ عنہا کے لئے جنت کی نوکرانیاں آگے بڑھیں اور انہوں نے آپ کی دائیں جانب سے آپ کا دامن تھام لیا۔ وہ سب آپ کو لے کر مراتب رضوان تک لے چلیں حضرت آمنہ امینہ رضی اللہ عنہا آگے بڑھیں تو آپ کے جسد مبارکہ پر سنہری حُلّہ رکھا ہوا تھا جس کا رنگ سرخ تھا جو اپنے ارد گرد سے چمک دمک رہا تھا۔

حضرت آمنہ رضی اللہ عنہا نے نقش و نگار والے بہترین دو حُلّے زیب تن فرما لئے جو کہ رضا اور خوشنودی الٰہی کے تھے جب کہ اللہ سبحانہٗ نے آپ رضی اللہ عنہا کو دنیا کی باقی خواتین اور عورتوں پر فضیلت عطا فرمائی۔

جب آپ کی سفید پوشاک نے جلوہ ظہور فرمایا تو یوں معلوم ہوتا تھا کہ گویا سیدہ آمنہ سخت اندھیری رات میں چودھویں کا چمکتا دمکتا چاند ہیں اور یہ چاند کمی اعتبار سے تا حال ذرا بھر بھی کہنہ یا قدیم نہیں ہوا۔

اور پھر حضرت سیدہ آمنہ نے جب سبز و سرخ رنگ کا قیمتی وارزاں حُلّہ زیب تن فرمایا اور اس کے اندر جلوہ افروز ہوئیں تو آپ عمدہ ترین اور بہترین خواتین سے بھی فائق و برتر دکھلائی دینے لگیں۔ اور مختلف شاخوں سے بھی بلند و بالا نظر آنے لگیں اس دوران سیدہ حضرت آمنہ رضی اللہ عنہا کے خدام اور نوکر آپ کے سامنے آپہنچے۔ جن کے پاس سونے اور عقیان کے اگر بتیاں اور مہکنے والی خوشبو و عطر تھا۔ تو ان سنہری تھالوں میں بھری ہوئی خوشبو و مہک کو تبرک کیا گیا اور اس کی مہک و خوشبو جب پھیلنے لگی تو اس کے یہ الفاظ مبارکہ تھے پاک

https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/

ہے وہ ذاتِ اقدس کہ جس نے مجھے اس ہستی کے پاس پہنچایا اور چھوڑا ہے۔

ان خادماؤں نے جب حضرت سیدہ آمنہ امینہ رضی اللہ عنہا کی مینڈھیاں کھولیں اور آپ رضی اللہ عنہا کے مبارک بالوں کو لٹکایا تو آپ کا مبارک حسن و جمال بان کی ٹہنیوں اور شاخوں سے بھی بڑھ کر جمیل و حسین تھا۔

ان نوکرانیوں نے سیدہ حضرت آمنہ امینہ رضی اللہ عنہا کی مجالس اور مبارک نشست گاہوں کو رضا و خوشنودی کے تختوں کے اوپر رکھا تو آپ، وہاں پر ایک قیمتی حور کی مانند سب سے فائق برتر و برگزیدہ ہو گئیں۔

حضرت آمنہ امینہ رضی اللہ عنہا کی شادی میں ملائکہ آسمان سے اُترے تاکہ وہ حضرت آمنہ رضی اللہ عنہا کو مرجان کے قیمتی موتی پہنائیں۔

اے ابن عبدالمطلب آپ اُٹھیں اور کھڑے ہو جائیں اور خوبصورت ملاحت حسن رکھنے والی زوجہ مطہرہ کے چہرہ انور سے گھونگھٹ اُٹھائیں۔

اُٹھیں اور حضرت آمنہ رضی اللہ عنہا کو "سیفِ رضا" عطا کر دیں چنانچہ حضرت آمنہ رضی اللہ عنہا نے "سیف رضا" کو امان کے ساتھ تھام لیا۔

اے آمنہ آپ کو بشارت و مبارک اور تمہارے لئے رونق ہے کیونکہ آپ سید الاکوان صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی عالی قدر ذاتِ والا صفات کے ساتھ حاملہ ہیں۔

آپ حاملہ ہیں حضرت خیرِ خلق صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ اور ایسی ہستی کے ساتھ کہ جو اندھیروں کے چراغ ہیں اور وہ ذات آپ کے شکم انور میں ہے کہ جو تنزیل اور فرقان کے ساتھ مخصوص و متعین ہے۔

بلاشبہ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ذات گرامی قدر کا حمل خفیف اور انتہائی ہلکا ہے جس کے ساتھ آپ کو ذرا برابر درد نہ ہو گا۔ اور سیدہ حضرت آمنہ رضی اللہ عنہا نے جب حضور پرنور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ذات بابرکات کو جنا تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم (بغیر ختنہ کئے ہوئے) قدرتی طور پر مختون پیدا ہوئے۔ حضور پرنور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی عالی قدر ذاتِ اقدس نے سرمہ لگایا

https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/

ہوا تھا آپ کے جسدِ الانور پر تیل ملا ہوا تھا۔ اور جسد الانور سے خوشبو مہک رہی تھی۔ نیز یہ کہ حضور پرنور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم تمام رنگوں کے ساتھ اور عطرات کے ہمراہ معطر اور خوشبودار تھے اے علم الھدیٰ صلی اللہ علیک وسلم! آپ کی ذات بابرکات پر بے پناہ صلوٰۃ وسلام ہو جب تک کہ قمری عالمین اور کائنات میں قمری چہچہاتی یا گانا گاتی رہے پھر جب اللہ سبحانہٗ کا کلمہ تمام ہو چکا اور اس کی مشیت نافذ ہوئی کہ اس نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات گرامی قدر کو ظاہر فرمایا جائے اور ان کو منصۂ شہود پر لایا جائے جو کہ بشیر، نذیر، سراجِ منیر سیدنا حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے اسم گرامی اور نام نامی سے معنون و مسمی ہیں یعنی سیدنا حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم اے اللہ پاک کریم حضرت احمد مجتبیٰ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کو ہمارا شفیع معظم صلی اللہ علیہ وسلم بنا دے۔

یقیناً سیدہ آمنہ رضی اللہ عنھا آزودں اور امالی میں امینہ اور معانی کے اعتبار سے ملیحہ ہیں آپ نے تجلی فرمائی اور کما حقہ آپ منور و روشن ہو گئیں ہیں نے اللہ سبحانہٗ سے اس امر کی دعا کی کہ اللہ سبحانہٗ انہیں حضرت محمد الرسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ذاتِ اقدس مبارک فرمائے۔ حضرت آمنہ رضی اللہ عنھا نے بروز سوموار شادی کی اور آپ آراستہ پیراستہ باعثِ زینتِ کونین حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی گرامی قدر ذات کے ساتھ حاملہ ہو گئیں تم یعنی محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی ذات گرامی قدر کے ساتھ کہ جو حسنین کریمین رضی اللہ عنھما کے جد امجد ہیں کہ جنہوں نے دنیا کی زمین کو مشرف و مکرم فرمایا ہے۔ حضرت آمنہ امینہ رضی اللہ عنھا بدھ کی رات کو تجلی فرمائی اور آپ نبی انیس صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی ذات اقدس کے ساتھ حاملہ ہوئیں

چنانچہ اہل علم وتدریس کے ذریعے ہم نے آپ کے پروردگار کے آپ پر فضل وکرم اور احسان کو پہچان لیا چنانچہ جمعرات کو حضرت آمنہ رضی اللہ عنھا تجلی فرما کر حضور پرنور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی ذات گرامی قدر کے ساتھ بسرعت

https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/

حاملہ ہوئیں اور حمل شریف نے قرار پکڑا محمد رسول رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا نمودار اور طلوع ہونا بہت فخر و ناز کے ساتھ ہوا اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے عرب کی زمینوں کو مشرف معزز و مکرم فرمایا۔

قبا میں ایک خوشبودار پھول نے تجلی فرمائی جن کے اندر سے کستوری جیسی مہک اور خوشبو پھیلتی چلی گئی چنانچہ سیدہ حضرت آمنہ نبی عربی صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ حاملہ ہوئیں اور دنیا کے عظیم ترین جلیل القدر ترین بے مثل نور محمد صلی اللہ علیہ وسلم سے حاملہ ہوئیں۔

آپ کے زرد سرخ گلہائے رنگارنگ نے جب قبا میں تجلی فرمائی تو اس مقدس و منزہ مقام سے کستوری اور عنبر کی سی مہک و خوشبو آنے لگی اور حضرت آمنہ امینہ رضی اللہ عنہا جب نبی ازہر پر رونق رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی ذاتِ گرامی قدر کے ساتھ حاملہ ہوئیں تو میں نے یوں دعا کی اللہ سبحانہ کی جانب سے آپ کا حمل آپ کو مبارک اور بشارت ہو۔

راوی کا بیان ہے کہ پھر ملائکہ نے تسبیح، تہلیل، تکبیر کا اچانک شور بلند کیا اور یہ تسبیح و تہلیل ملکِ جلیل جل جلالہ کی تھی۔ پھر جنت کے دروازے کھول دیئے گئے اور جہنم کے دروازے بند کر دیئے گئے ایسا سب کچھ اس لئے محض ہوا کہ سید الاکوان سیدنا حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ولادت باسعادت ہونا تھی اے اللہ حضور پرنور صلی اللہ علیہ وسلم کی جاہ و منزلت اور عالی مرتبہ کا واسطہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو ہمارا شفیع بنادے یا کریم یا کریم "آمین" اور جب جناب حضرت سیدہ آمنہ امینہ رضی اللہ عنہا کے شکم انور میں آپ کا حمل مبارک پورا اور کامل ہو چکا تو ہر ماہ ایک منادی یہ ندا اور صدا لگایا کرتا تھا حبیب اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو حمل میں آتے ہوئے فلاں فلاں ماہ مبارکہ گزر چکے ہیں اور اس قدر عرصہ بیت چکا ہے۔

میلاد و تعریف کی خوشی پر تسبیح و تہلیل

ترجمہ اشعار: اے سیدہ آمنہ امینہ آپ کو بشارت و مبارک ہو اور پاک

https://archive.org/details/@zohaibhasanattari
Click For More Books

https://ataunnabi.blogspot.com/

ہے وہ ذاتِ اقدس کہ جس نے آپ کو حضرت محمد مصطفیٰ اور احمد مجتبیٰ صلی اللہ علیہ وسلم جیسی نعمتِ عظمیٰ عطا فرمائی ہے کہ آپ حضرت آمنہ کے شکم الوزیں داخل ہوئے اللہ جو کہ آسمانوں کا پروردگار نے آپ کو بہت ہی زیادہ مبارک اور قابل رشک نعمت سے نوازا ہے۔

یقیناً حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی ذات گرامی قدر کے ساتھ آپ کی سعادت اور خوش قسمتی بہت ہی زیادہ ہو گئی ہے جب آپ خوف اور تعظیم کی صورت میں ماہِ رجب میں حاملہ ہوئیں۔ اور آپ نے حضور پُر نور صلی اللہ علیہ وسلم کے حمل مبارک سے مشقت نہ پائی اس پاکیزہ نبی معظم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی ذات گرامی قدر کے ساتھ شعبان دوسرا ماہ ہے اس نبی عدنانی صلی اللہ علیہ وسلم کی ذاتِ گرامی قدر کا بلاشبہ حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم صاحبِ قرآن مجید ہیں جن کی شفاعت کے حصول کے لئے ہم عاجزی والحاح کریں گے کہ ہماری شفاعت فرمائیں۔

رمضان المبارک بھی خوش قسمتی اور مبارک تہنیّت کے ساتھ آپہنچا اور اعلان کر رہا ہے کہ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم ہماری شفاعت فرمائیں گے۔ اللہ کی قسم آپ کی ولادت با سعادت عید اور خوشی کی تہنیّت ہے اور یہ نعمت غیر مترقبہ اے آمنہ آپ ہی کو ملی ہے۔

شوال آپ کے لئے خوش بختی اور خوش قسمتی کا پیغام لایا ہے جب کہ آپ حضرت احمد مجتبیٰ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی ذاتِ گرامی قدر کے ساتھ حاملہ ہوئیں اور اے آمنہ آپ کو حضرت محمد الرسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ذاتِ گرامی سے کچھ بھی تکلیف نہیں پہنچی چنانچہ آپ کو آپ کے پروردگار نے مخصوص ومختص فرما لیا ہے۔ ذوالحجہ مبارکہ آپ کے حمل مبارکہ کا چھٹا ماہ ہے۔ اور اے آمنہ آپ کس قدر بخت مقدر اور قسمت والی خاتون عالیہ ہیں اللہ آپ کے امور کو سنوارنے اور سنبھالنے والی ذات اقدس ہے اور سیدی

https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/

حضرت احمد مجتبیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات الوز کے ساتھ آپ کو کامل مکمل فرمایا ہے۔

ماہِ محرم مبارک خوشیوں اور مبارکبادیوں کے ساتھ وارد ہوا ہے اور آپ کے قلبِ انور کو ماہ محرم نے آرزوؤں کے ساتھ مختص و مخصوص فرمالیا ہے اور آپ نے حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی عالی قدر ذات اقدس کے ساتھ حاملہ ہونے میں کوئی مشقت و تکلیف اور اذیت نہ پائی کیونکہ ذاتِ پاک مصطفیٰ پاک و صاف زکی اور مطہر ہے۔

جب کہ ماہِ صفر المبارک میں حضور پُر نور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے متعلق کہ جو نبی مفتخر صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم ہیں خبر و اطلاع آئی نیز یہ کہ حضور پُر نور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی ذاتِ گرامی قدر کے واسطے اور وسیلے سے چاند پھٹ کر دو ٹکڑے ہو گیا اور آپ کے پروردگار نے آپ کو مبارکباد دی تہنیت اور خوشی عطا فرمائی ہے۔ جب کہ ربیع الاوّل شریف میں حضور پُر نور صلی اللہ علیہ وسلم کی عالی قدر ذات کی ولادت باسعادت ہوئی لہٰذا آپ زیبائش و آرائش اور زیب و زینت حاصل کریں۔

اور اے آمنہ ذرا غور فرمانا کہ آپ کو کس قدر عمدہ بیش قیمت نور کی خلعت فاخرہ پہنائی گئی بلاشبہ حضرت نبی مکرم صلی اللہ علیہ وسلم مختون پیدا ہوئے یوں کہ آپ کو سُرمہ لگا ہوا تھا اور آپ کے جسد انور پر تیل بھی مَلا ہوا تھا۔ آپ کی ذاتِ گرامی کی ابرو مقرون و متصل تھی اور آپ کا حسن بے مثال مکمل پورا و بھرپور تھا۔

بلاشبہ یہ ہیں حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کہ جو نبی امت ہیں جو کہ ہمارے پاس رحمت کے ساتھ تشریف لائے ہیں ہم آپ کی فضیلت اور کرم کے باعث جنت میں مقام حاصل کریں گے۔ اور جو آپ کا بے ادب منکر ہوگا اس کو ذلت و خواری سے دوچار ہونا پڑے گا۔

https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/

راوی فرماتے ہیں کہ جب سیدہ حضرت آمنہ رضی اللہ عنہا کا حمل مبارکہ چھٹے ماہ میں داخل ہوا تو سیدنا حضرت عبدالمطلب رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اپنے صاحبزادے حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کو بلایا کہ جو حضور نبی معظم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ذات گرامی قدر کے والد ماجد تھے اور فرمایا اے میرے بیٹے اس مولود مسعود کی ولادت باسعادت کے ایام نزدیک آپہنچے ہیں لہذا آپ شہر کی طرف جلیں اور ہمارے لئے کھجور خرید لائیں تاکہ ہم اس مبارک صاحبزادے کی میلادِ مبارکہ اور ولیمہ منعقد کریں۔ چنانچہ سیدنا حضرت عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سفر کے لئے تیار اور آمادہ ہوئے۔ اور آپ نے رضی اللہ عنہ مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ کے درمیان وصال فرمایا پس پاک مطاہر ہے وہ ذاتِ اقدس کہ جو کبھی فنا نہیں ہوتی ہے۔

ترجمہ اشعار | روحیں ہمیشہ ہمیشہ آپ کی ذاتِ بابرکات کے لئے شوق محبت اور الفت رکھتی ہیں نیز یہ کہ آپ بلندیوں کی جانب کبھی تو شام کو تشریف لے جاتے ہیں اور بعض اوقات صبح کے وقت روانہ ہوتے ہیں۔

اے راہنماؤ اور سردارو اگر حضور پُر نور صلی اللہ علیہ وسلم کی عالی قدر ذاتِ گرامی قدر نہ ہوتی تو اُفقِ مکارم اور عمدہ اخلاق کی بلندیوں پر فلاح کامرانی اور کامیابی کی صبح کبھی بھی طلوع نہ ہوتی۔ فضیلت اور عظمت آپ کی محبت کے باعث ہی ملی ہے۔ اور یہ کہ حضور کے نورِ پُر نور کا چراغ ہی تمہارے لئے مفید وکار آمد اور بہترین ہے۔

اے اہل فضیلت قرشیہ (قریشیو!) کون ہے کہ جو آپ کے فخر و ناز میں آپ کا ہمسر و مقابل ہو کیونکہ آپ کو قریشی اور خاندان وعصبۂ قریش سے متعلق ہیں نیز آپ کی خوشبو و مہک معطر کرنے والی اور از حد پھیلنے والی ہے۔

تمہارے پاس ایک سراپا عزت وحرمت شخصیت تشریف لائی ہے جو نجات کا ملجا و ماوی ہیں چنانچہ آپ کے خاندان کی اس ہستی کا قصد کرنے

https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/

والا اور معافی کا خوستگار وہ خوش قسمت ہے کہ جس کو یہاں پناہ و سکون حاصل ہوتا ہے۔

اے وہ لوگو کہ جن کو حضور پُر نور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے خاندانِ عالی سے منسوب ہونے کا فخر حاصل ہے۔ تم پر ہی تمام فضائل و مناقب منتہی و مختتم ہیں چنانچہ اس امر کے متعلق تو احادیثِ صحیحہ اس کی تصدیق و تائید کرتی ہیں۔

اے آلِ طٰہٰ! تمہارے لئے یہ فخر کافی ہے کہ رفعت علو اور بلندی تمہارے ساتھ متصل عقد ہے اور یہ کہ عزت و افتخار تمہاری مرصع کمان اور تلوار ہے۔

اللہ سبحانہٗ نے تمہیں سب سے زیادہ بلند و اشرف رتبہ کے لئے مخصوص و متعین فرمالیا ہے۔ اور ملاحت بلاغت عبقریت اس عظیم و جلیل القدر مرتبہ کے ادراک سے قاصر و عاجز ہے۔ میں آپ کا ذکر پاک اور نعت پاک کہنے سے کبھی بھی کمزور نہ ہوں گا اور تمہاری الفت و محبت کا حق لعن طعن کرنے والوں نے چھپا رکھا ہے یا پھر ظاہر عیاں و آشکارا کر دی ہے۔

جب پوری کائنات اور انام آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ذاتِ اقدس کی محبت و الفت کے ساتھ مترنم ہو کر گنگنائیں تو میری وہ زبان کہ جو شکر یہ ادا کرنے والی ہے آپ کی مدح و ثنا کے ساتھ زور زور سے چیخنے چلانے والی ہے۔ اے اہل بیتِ نبوت تم ہمیشہ ہمیشہ سے ہی اہل مکارم اور اہل تقویٰ ہی رہے ہو۔ اور تمہارے پاس ارشاد و اصلاح ہے۔

تم بہت ہی عمدہ طیب و پاکیزہ رہے ہو تمہاری جناب بھی پاکیزہ و عمدہ رہی ہے اسی لئے کہ مدیح اور موصوف کی ذات خوشگوار و عمدہ ہے تو مداح و لغت خوان بھی عمدہ اور بہترین ہی ہو گا۔

راوی کا بیان ہے فرماتے ہیں کہ جب سیدنا حضرت عبد اللہ رضی اللہ عنہ کا وصال شریف ہو گیا تو ملائکہ اور فرشتوں نے زور سے چیخ لگائی اور پروردگار عالم کی بارگاہِ اقدس میں عرض کیا اے ہمارے اِلٰہ پروردگار

https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/

ہمارے آقا مولیٰ و سردار (آپ کی مخلوق میں سے آپ کے) مصطفیٰ و مجتبیٰ صلی اللہ علیہ وسلم اکیلے و منفرد رہ گئے ہیں ! اسی طرح جانوروں و خوش جنات اور انسانوں نے بھی کہا۔ اور فرشتوں جنات و جانوروں میں سے تمام یوں حضور پُر نور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی ذات اقدس کو اکیلا دیکھ کر۔ رنجیدہ و غمگین اور محزون و مفہوم ہو گئے ! کہ حضور پر نور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم اِس طرح حالتِ یتیمی میں رہ گئے ہیں۔ تو اللہ سبحانہٗ نے ارشاد فرمایا اے میرے فرشتو ! اب ٹھہر جاؤ اور اے میرے بندو ! خاموش و مسکت ہو جاؤ۔ یہ سب کچھ میری قدرت کے مطابق ہوا ہے۔ اور یہی میری تمنا و ارادہ تھا۔ کیونکہ میں حضور پُر نور صلی اللہ علیہ وسلم کو آپ کی ماں اور باپ رضی اللہ عنہما سے بھی بہت زیادہ محبوب و عزیز رکھتا ہوں۔ بلاشبہ میں حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کا خالق و ناصر ہوں۔ اور آپ کے دشمنوں کے خلاف آپ کا معاون و مددگار ہوں۔ نیز میں حضور پُر نور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی عالی قدر ذاتِ والا صفات کا رازق، حافظ، نگہبان اور دھیان رکھنے والا ہوں۔ موت میرے بندوں کے لئے حتمی لازمی اور ضروری ہے لہٰذا تم موت کا سامان و تیاری کرو کیونکہ کوئی شخص یہاں باقی نہ رہے گا اور نہ ہی کوئی زندہ رہے گا۔ پس پاک وہ ذات اقدس کہ جس نے اپنے بندوں کی قضاء قدر میں موت اور فوت لکھ دیا۔

ترجمہ اشعار | مجھے آپ کے فراق اور جدائی کا خدشہ تھا اور پس ہم جدا و الگ ہو گئے ہیں اور اگر میں آپ کے بعد مر بھی جاؤں تو مجھے اس امر کا کوئی خوف و خطرہ نہیں ہے۔ کون ہے وہ کہ جو در یتیم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی نگہداشت و حفاظت کرے اور میرے خاوند وصال فرما چکے ہیں اور ہائے افسوس مردوں کی وفات و وصال پر !!! جب خدائی اور افتراق سے قبل ہی میرا صبر بہت قلیل اور تھوڑا ہے۔ تو جدائی و افتراق کے بعد میری حالت و کیفیت کیسے ہو گی ؟ ان نازک حالات میں ہماری جدائی اور افتراق مناسب نہ تھی لیکن یہ

https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/

میرے پروردگار ذوالجلال کا حکم اور فرمان ہے جو کہ قضا وقدر میں لکھا جاچکا۔ ہمارے محبوب عزت وقار و توقیر پا گئے جن کا وصال ہو چکا اور فراق و جدائی ہمارے مقدر میں لکھا جا چکا تو ہمارا حیلہ جوئی کیا کر سکتا ہے؟ زمانے نے بہت ستم ڈھایا کہ ہم علیحدہ و جدا ہو گئے تو اب ہم نے زندہ یا باقی رہ کر کیا کرنا ہے؟ اگر محبوبوں کی ملاقات کی خوشخبری و بشارت آبھی جائے۔ تو میں اس طرح کی خوشخبری اور بشارت دینے والے پر اپنی روح اور مال بھی بخش دینے کے لئے آمادہ و تیار ہوں۔

اب ہم حضور پرُنور صلی اللہ علیہ وسلم کی ذاتِ گرامی پر صلوٰۃ وسلام بھیج کر قصہ مختصر کرتے ہیں بلاشبہ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کا اسم گرامی مخلوق میں اعلیٰ وارفع ترین اور انتہائی ارزاں و قیمتی ہے۔

دورانِ حمل انبیاء کی بشارات

راوی فرماتے ہیں کہ حضرت آمنہ کے حمل شریف کے پہلے ماہ آپ کے پاس حضرت آدم صفی اللہ علیہ الصلوٰۃ والسلام تشریف لائے اور حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم خیر الانام کے بارے مطلع فرمایا۔ حضرت سیدہ آمنہ امینہ رضی اللہ عنہا کے حمل شریف کے دوسرے ماہ حضرت آمنہ کے پاس سیدنا حضرت ادریس علیہ الصلوٰۃ والسلام تشریف لائے۔ اور سیدہ حضرت آمنہ کو حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کی فضیلت اور آپ کے شرفِ نفیس کے بارے مطلع فرمایا۔

حضرت آمنہ رضی اللہ عنہا کے حمل شریف کے تیسرے ماہ آپ کے پاس سیدنا حضرت نوح علیہ الصلوٰۃ والسلام تشریف لائے۔ اور سیدہ حضرت آمنہ رضی اللہ عنہا کو اس امر کے متعلق ارشاد فرمایا کہ اے آمنہ آپ کے صاحبزادے صاحبِ النصر اور صاحب فتوح صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم ہیں جب کہ حمل شریف کے چوتھے ماہ حضرت آمنہ امینہ رضی اللہ عنہا کے پاس حضرت ابراہیم خلیل اللہ علیہ الصلوٰۃ والسلام تشریف لائے اور انہوں نے حضرت آمنہ امینہ کو حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی قدر و منزلت اور شرفِ جلیل کے

https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/

بارے بتلایا پھر حمل شریف کے پانچویں ماہ حضرت آمنہ رضی اللہ عنہا کے پاس حضرت اسماعیل علیہ الصلوٰۃ والسلام تشریف لائے اور انہوں نے حضرت آمنہ رضی اللہ عنہا کو اس امر کے بارے مطلع فرمایا کہ آپ کے شکم النور میں جو حمل شریف ہے وہ ایسی ہستی کا ہے کہ جو صاحب مکارم اور شان و تبجیل کے سردار صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہیں

حمل شریف کے چھٹے ماہ میں حضرت آمنہ امینہ رضی اللہ عنہا کے پاس حضرت موسیٰ کلیم اللہ علیہ الصلوٰۃ والسلام تشریف لائے اور انہوں نے حضرت آمنہ کو حضرت محمد الرسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی عظیم قدر و منزلت اور جاہِ عظیم اور بہت بڑے مرتبے کے بارے بتلایا۔

حمل مبارک کے ساتویں ماہ حضرت آمنہ امینہ رضی اللہ عنہا کے پاس سیدنا حضرت داؤد علیہ الصلوٰۃ والسلام تشریف لائے۔ اور حضرت آمنہ امینہ رضی اللہ عنہا کو اس حقیقت کے بارے بتلایا کہ آپ کے شکم النور میں جو حمل شریف ہے وہ ایسی ہستی کا ہے کہ جو صاحب مقام محمود صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہیں۔ اور مالک حوضِ مورود ہیں آپ لوار معقود کو تھامنے والے ہوں گے اور روزِ محشر کو یہی ہستی شفاعتِ عظمیٰ و عظمہ کی مالک ہو گی۔

حمل شریف کے آٹھویں ماہ میں سیدہ آمنہ رضی اللہ عنہا کے پاس سیدنا حضرت سلیمان علیہ الصلوٰۃ والسلام تشریف لائے۔ اور آپ نے سیدہ حضرت آمنہ امینہ رضی اللہ عنہا کو اس امر کے بارے بتلایا کہ آپ جس عظیم الشان ہستی کے ساتھ حاملہ ہیں وہ بلاشبہ نبی آخر الزمان صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہیں۔

جب کہ سیدہ حضرت آمنہ امینہ رضی اللہ عنہا کے حمل شریف کے نویں ۹ ماہ آپ کے پاس سیدنا حضرت عیسیٰ مسیح علیہ الصلوٰۃ والسلام تشریف لائے انہوں نے حضرت آمنہ رضی اللہ عنہا کو اس امر کی خبر دی کہ آپ جس ہستی کے ساتھ حاملہ ہیں وہ بلاشبہ صاحبِ قول صحیح ہیں اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم دین رجیح کے مالک ہیں چنانچہ حاضر ہونے والے تمام انبیاء کرام اور رسل عظام علیہ الصلوٰۃ والسلام

https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/

عرض کر رہے تھے۔ اے آمنہ امینہ آپ کو بشارت و مبارک ہو کیونکہ آپ تو بلاشبہ سید الدنیا اور سید الآخرۃ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ذات گرامی قدر کے ساتھ حاملہ ہیں اور جب محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کی عالی قدر ذات کو جنم دے چکیں تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا نام نامی اور اسم گرامی محمد صلی اللہ علیہ وسلم ہی رکھنا۔

ترجمہ اشعار | اے اہل فلاح تم بکثرت صلوٰۃ وسلام پیش کرو ایسے نبی معظم و محتشم صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات پر کہ جن پر خوبصورتی اور حسن و جمال کو ناز و فخر ہے۔ جو بلاشبہ رات کے قلیل حصہ میں معراج کے لئے تشریف لے گئے اور تھوڑے سے وقت کے بعد صبح سے بہت پہلے واپس تشریف لائے۔

اے عمدہ قسم کے بھورے رنگ والے اونٹوں پر سوارو! اللہ سبحانہ کا واسطہ وسیلہ تم جلدی اور سرعت کے ساتھ حضور نبی محتشم صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہِ جہاں پناہ میں حاضر ہو جاؤ یعنی وہ ذاتِ اقدس کہ جن کا تاج انتہائی قیمتی بیش قیمت حلّہ ہے اور آپ کا فخر و نیکی صالحین بہت ہی زیادہ و کثیر ہے۔

اے بارگاہِ مصطفوی میں حاضری کا قصد کر کے چلنے والے مسافرو! تم عارضی فانی خوشبوں کی جانب ہرگز ملتفت و متوجہ نہ ہونا۔ اور تم دیگر سواریوں کے پیچھے پیچھے جلدی جلدی روانہ ہو جاؤ۔

تم تمام مخلوق اور کائنات کی افضل ترین مخلوق صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ جہاں پناہ میں حاضری کا قصد لے کر چلو یقیناً تم ہی اہل نجاح و اہل فلاح و کامرانی ہو۔ اے مبارک ہبارک حلیمہ آپ کے مقدر میں روزِ ازل سے ہی خوش بختی و خوش قسمتی حاصل ہو گئی ہے۔ اور یہ ایسی بہننی کا امتیازی نشان ہے کہ جن کے فضائل عمیمہ اور عامہ ہیں تمہیں بشارت مبارک اور خوشخبری ہو کہ تم فلاح و کامرانی اور مراد پائی ہے۔

حضور پُر نور صلی اللہ علیہ وآلہ کی ذات گرامی قدر کا سینہ گنجینہ صاف شفاف اور خالص چاندی ہے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی مبارک آنکھ تر و تازہ نرم و نازک

https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/

حیات بخش سرچشمہ ہے۔ حضور پُرنور صلی اللہ علیہ وسلم کی ذاتِ گرامی قدر کے مبارک انتہائی حسین وجمیل دانتوں سے آپ بہت بلند اور عالی مقامات واضح دعیاں ہیں حضور پُرنور صلی اللہ علیہ وسلم کے مبارک بال سیاہ یمانی ہیں اور یہ معانی کی آرائش وزیبائش کی کامل ومکمل ترین چوٹی تک واصل ہیں آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی مبارک آنکھوں کی بھنویں حیران کن حد تک انتہائی حسین وجمیل ہیں جن کی قوسیں نون اور صاد (ن - ص) سے بھی زیادہ حسین وجمیل اور انتہائی خوبصورت ہیں اور جس روز حضور پُرنور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم لوگوں کی شفاعت فرمائیں گے تو آپ کا قول مبارکہ مطلق اور شرفِ قبولیت پانے والا ہوگا۔

حضور پُرنور صلی اللہ علیہ وسلم کی مبارک پلکوں اور مقدس آنکھوں کے بال یوں خوبصورت ترین اور حسین ہیں کہ یاسمین کی کھلی ہوئی کلی سے بھی کہیں زیادہ حسین وجمیل ہیں اور آپ کی جبین مبارکہ کے نیچے ایسی قوس بنی ہوئی ہے کہ جیسے "ن" مولد کلام میں کا غذ پر خوبصورتی اور گولائی سے (ان کا حرف) لکھا جاتا ہے۔

حضور پُرنور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے گال مبارک سرخ ترین گلاب کے پھولوں سے بھی زیادہ حسین ہیں اور آپ کی نگاہ مبارک گویا عمدہ ترین ننگی تلوار سے بھی زیادہ خوبصورت ہے چنانچہ قمری نے چہچہا کر ترانہ گایا اس کے اندر باہر انتہائی خوبصورتی اور باکمال جمال موجود ہے۔ حضور پُرنور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کا چہرہ انور مخصوص امتیازی کمالات رکھتا ہے۔ جب کہ آپ کی بے مثل ذات کے مبارک کندھوں کے درمیان علامتِ نبوت ہے۔ بادلوں نے حضور سرورِ سروران صلی اللہ علیہ وسلم پر سایہ کیا اور حضور پُرنور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی عالی قدر ذات کا چہرۂ انور چمکتی دمکتی صبح کی مانند روشن آب وتاب رکھتا ہے۔ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کی مبارک ناک واضح وآشکارا خوش نمائی شگفتگی رکھتی ہے جب کہ آپ کے لعاب دہن مبارک میں لامحدود حلاوت وحیات بخش شیرینی ہے۔

https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/

بلا شبہ حضور پُر نور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی انتہائی عمدہ خصوصیات اور منفرد عالی اخلاق واوصاف میں عاشق کے لئے یہ امر پایۂ تحقیق کو جا پہنچا اور ثابت ہو گیا کہ آپ سا حسین دنیا میں کہیں بھی نہیں ہے۔

بلا شبہ حضور سرور سرورانِ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی ذاتِ والا صفات کی گردنِ مبارکہ ماوردی ردمی ہے۔ جب کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا سینۂ اقدس علوم و معارف کا خزینہ و گنجینۂ ہے۔

اور ثریا پر جیسے ستارے نمایاں ہوتے ہیں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے منفرد کمالات ایسے ہی ممیّز و نمایاں اور واضح و منفرد ہیں۔ جب دوزح کی آگ سخت و زبردست ہو گی تو حضور پر نور صلی اللہ علیہ وسلم کا شکم انور برف اور اولوں سے بھی زیادہ ٹھنڈا ہو گا۔ جو کہ بلا شبہ ابن زمزم اور ابن البطاح صلی اللہ علیہ وسلم ہیں۔

بلا شبہ حضور پُر نور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی مبارک ہتھیلی کی صفات اور خصائص مبارکہ جوہر کے سے ہیں اور آپ کی مبارک انگلیاں اِن کی زیبائش و آرائش ہیں۔ نیز آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے مبارک ناخن اِن انگلیوں کے تاج مرصع ہیں آپ کی مبارک ہتھیلیاں جود وسخا کو بے انتہا و بے حساب لٹاتی اور بکھیرتی ہیں۔

اے لوگوں کی جماعت اور گروہ اللہ کا کعبہ ہر وقت تجلی روشنی پھیلاتا ہے۔ اور جو شخص حضور پُر نور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی ذات اقدس کے ساتھ عشق و محبت اور الفت رکھتا ہے اس کو شفاعت حاصل ہو گی کیونکہ حضور پُر نور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم وہ ذاتِ اقدس ہیں کہ جن کے حوض کا پانی کبھی منتھی و مختتم نہ ہو گا۔ اور درود ہو حضرت محمد مصطفیٰ کی ذات اقدس پر ہزاروں مرتبہ کہ جن کا تذکرۂ گرامی قدر باعثِ فرحت ہوتا ہے۔ اہل صلاح و بزرگوں نے فرمایا حضور پُر نور صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ اقدس میں ایک دفعہ درود شریف پیش کرنے سے اللہ سبحانہٗ

https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/

ربیع الاول کی بارہ راتیں

دس دفعہ رحمتیں نازل فرماتا ہے۔

چنانچہ سیدہ حضرت آمنہ رضی اللہ عنہا کے حمل شریف کو نواں ماہ شروع ہوا اور یہ ماہ مقدس ربیع الاوّل شریف کا تھا۔ تو سیدہ حضرت آمنہ رضی اللہ عنہا کو انتہائی فرحت و سرور حاصل ہوا۔ اور بے پناہ خوشی و مسرت ملی ربیع الاوّل شریف کی دوسری رات کو حضرت آمنہ رضی اللہ عنہا کو اس امر کی مبارک اور بشارت حاصل ہوئی کہ آپ کی تمنائیں اور آرزوئیں پوری ہو چکی ہیں اور ربیع الاوّل کی تیسری رات کو سیدہ حضرت آمنہ رضی اللہ عنہا کو ارشاد فرمایا گیا بلاشبہ آپ کے شکم انور میں اس ہستی مبارکہ کا حمل ہے کہ جو ہمارا شکر کما حقہ ادا فرمائیں گے اور اس کا حق ادا فرمائیں گے۔

چنانچہ سیدہ حضرت آمنہ امینہ رضی اللہ عنہا نے ربیع الاوّل کی چوتھی رات کو آسمان پر تسبیحِ ملائکہ سماعت فرمائی۔ جب کہ ربیع الاوّل شریف کی پانچویں رات حضرت آمنہ رضی اللہ عنہا نے سیدنا حضرت ابراہیم خلیل اللہ علیہ الصلوٰۃ والسلام کو ملاحظہ فرمایا کہ آپ علیہ الصلوٰۃ والسلام حضرت آمنہ امینہ رضی اللہ عنہا کو ارشاد فرما رہے تھے۔ اے آمنہ آپ کو بشارت اور مبارک ہو۔ کہ آپ کے پاس صاحبِ قدر اور صاحب ثنا صلی اللہ علیہ وسلم کا ورودِ مسعود ہونے والا ہے۔ پھر ربیع الاوّل کی چھٹی رات کو ایک نور اور روشنی چمکی کہ جو موتیوں اور ہیروں سے بھی زیادہ خوبصورت و حسین و جمیل تھی۔ ربیع الاول شریف اور حمل مبارک کی ماہ کی آٹھویں رات کو ملائکہ اور فرشتوں نے سیدہ حضرت آمنہ امینہ رضی اللہ عنہا کے ارد گرد طواف فرمایا کیونکہ حضور پُرنور کی ولادت باسعادت کی گھڑیاں نزدیک آپہنچی تھیں۔ جب کہ حمل شریف کے ماہ ربیع الاوّل کی نویں شب کو حضرت آمنہ رضی اللہ عنہا کی خوش بختی اور امارت کے ایام واضح اور عیاں ہونے لگے۔ اور دسویں رات کو ملائکہ نے شکر و ثنا کے مبارک کلمات سے گونج پیدا کر دی۔ ربیع الاوّل کی گیارھویں شب کو حضرت سیدہ آمنہ امینہ رضی اللہ عنہا کی

https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/

ذاتِ بابرکات سے تھکاوٹ اور مشقت زائل ہو کر دور ہو گئی۔ چنانچہ سیدہ حضرت آمنہ رضی اللہ عنہا کا بیان ہے کہ ربیع الاول کی بارہویں شب کو مجھے شدید دردِ زِہ لاحق ہوا۔ نیز مجھ پر رعب طاری ہو گیا چنانچہ میں اپنے آپ اور اپنے نفس (مبارکہ) پر روئی میں اس کیفیت سے دوچار تھی کہ میں نے دیوار کو پھٹتے ہوئے دیکھا اس دیوار سے تین خواتین رونما ہوئیں گویا کہ طویل قد کے اونچے کھجور والے درخت تھے یہ تمام خواتین حضرت عبد مناف کی صاحبزادیوں کے مشابہ اور مماثل تھیں۔ انہوں نے سفید لباس اور تہہ بند باندھ رکھے تھے۔ ان سے کستوری جیسی مہک اور خوشبو مہکتی پھیلتی واضح تھی۔ انہوں نے مجھے انتہائی فصیح و بلیغ زبان میں السلام علیکم ارشاد فرمایا۔ اور ان کا کلام بہت ہی شیریں و لذیذ تھا۔ انہوں نے مجھے کہا آپ ہم سے خوف و وحشت محسوس نہ فرمائیں اور مت ڈریں۔ نیز قطعاً مرعوب نہ ہوں میں نے ان خواتین سے دریافت کیا آپ کون ہیں؟ تو انہوں نے مجھے جواب دیا ہم حوا، آسیہ، مریم بنت عمران رضی اللہ عنہن ہیں پھر ان خواتین کے بعد میرے پاس دس دیگر خواتین تشریف لائیں اور میں نے ان سے دریافت کیا آپ کون ہیں؟ تو انہوں نے جواب دیا ہم حورِ عین میں سے ہیں اور ہم سید المرسلین صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی ولادت باسعادت میں شامل ہونے کے لئے حاضر ہوئیں ہیں۔ سیدہ حضرت آمنہ رضی اللہ عنہا ارشاد فرماتیں ہیں کہ میرا دردِ زِہ مزید شدید ہو گیا لیکن اس کے باوجود میں نہ تو بوجھ اور ثقل محسوس کرتی، نہ ہی درد پاتی اور نہ ہی معمول کے طور پر میرے ہاں خون کی علامات و نشانات تھے۔ اللہ سبحانہ نے میری آنکھوں سے پردے اٹھا دیئے۔ اور میں نے زمین کے مشرقی مغربی حصوں کو دیکھ لیا نیز میں نے تین جھنڈے ملاحظہ کئے ان میں سے ایک جھنڈا تو مشرق میں گاڑا جا چکا تھا اور ایک مغرب میں نصب شدہ تھا نیز ان میں سے ایک علم کعبہ معظمہ کے اوپر گاڑا ہوا

https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/

واضح تھا۔ نیز میں نے ملائکہ کو فوج در فوج ملاحظہ کیا پھر میں نے پرندوں کو ملاحظہ کیا کہ انھوں نے فضائے آسمان کو ڈھانپ رکھا تھا۔ ان کے پاؤں اور رنگ سرسبز تھے۔ ان کی چونچیں یوں تھیں کہ جیسے یاقوت ہوتا ہے گویا کہ یہ یاقوت سے بھی زیادہ حسین وجمیل تھے اور یہ پرندے ایسی زبانوں کے ساتھ اللہ جل جلالہٗ کی تسبیح و تقدیس بیان فرمارہے تھے کہ جو متعدد و مختلف تھی پھر مجھے پیاس لگی تو اچانک ایک پرندہ میرے پاس اتر آیا۔ اس کے ہاتھ میں سفید موتیوں سے بھی زیادہ خوبصورت گلاس تھا جس کا رنگ سفید تھا۔ اس فرشتے نے مجھے یہ خوبصورت جام تھما دیا تو میں نے کیا دیکھا کہ وہ برف سے بھی کہیں زیادہ ٹھنڈا اور شہد سے بہت ہی بڑھ کر شیریں اور لذیذ تھا۔ میں نے یہ سارے کا سارا پانی اس لئے پی لیا کہ یہ میری جان کو اچھا اور عمدہ لگا تھا۔ اور بہت ہی خوشگوار لگا تھا۔ چنانچہ اس کے بعد میں نے اپنے پروردگار جل مجدہ کی حمد وثنا بیان کی۔ چنانچہ جس شخص کی کوئی حاجت یا ضرورت ہو تو اس کو مندرجہ ذیل الفاظ کے ساتھ دُعا کرنا چاہئے!!

دُعا قضا حاجت

یَا قَاضِیَ الْحَاجَاتِ	اے حاجات وضروریات کو
وَیَا مُجِیْبَ الدَّعْوَاتِ	پورا فرمانے والے اے دعائیں
وَیَا غَافِرَ الذَّنْبِ وَ	قبول ومنظور فرمانے والے
الْخَطِیْئَاتِ وَیَا	اے گناہوں وخطاؤں کی
کَاشِفَ الضُّرِّ	مغفرت فرمانے والے اے
وَالْبَلِیَّاتِ یَا	نقصان دہ اور بلاؤں کو ٹالنے
رَبَّ الْعَالَمِیْنَ	والے اے وہ ذات کہ جو رب
(ص ۲۷)	العالمین ہے۔

سیدہ حضرت آمنہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا ارشاد فرماتی ہیں کہ یہ سن کر آوازیں

https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/

تھم گئیں اور حرکات سکون اطمینان میں آگئیں جافرین نے سکون وقرار پکڑا۔ تو ادھر اچانک ایک سفید پرندہ اپنے دو پروں کے ساتھ اور ہمراہ میری پیٹھ پر سے گزرا اور حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کا میرے شکم الور سے تولد ہوا

القیام ذکرِ میلاد شریف کے وقت مؤدبانہ کھڑے ہوکر صلاۃ وسلام عرض کرنا

یعنی

اَلصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ
اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهٗ

اے میرے حبیب طٰہٰ آپ کی ذاتِ والا صفات پر صلوٰۃ وسلام ہو۔ اے میری کستوری اور مہکنے والی خوشبو آپ کی ذات گرامی قدر پر صلوٰۃ وسلام ہو۔ اے وہ ذات گرامی قدر کہ جو غریب کی اعانت وامداد فرمانے والے ہیں آپ پر سلام اے احمد اور اے محمد صلی اللہ علیک وسلم آپ کی ذاتِ بابرکات پر سلام۔ اے مجد وبزرگی اور عظمتوں والی ذاتِ گرامی قدر طٰہٰ آپ پر صلوٰۃ وسلام ہو۔ جو بھی مسلمان آپ کی زیارت سے مستفید ومستفیض ہوجائے وہ انتہائی خوش بخت اور سعادت مند بن جاتا ہے آپ کی ذاتِ بابرکات پر صلوٰۃ وسلام ہو۔ اے احمد اور اے تہامی صلی اللہ علیک وسلم آپ کی ذاتِ بابرکات پر صلوٰۃ وسلام عرض ہے اے خیر الانام آپ کی ذات پر صلوٰۃ وسلام، باب السلام میں سے آپ پر صلوٰۃ وسلام اللہ سبحانہٗ جل مجدہ نے آپ کی ذاتِ بابرکات کا اِسم گرامی رکھا ہے آپ پر سلام۔ اے خیر الخلائق صلی اللہ علیک وسلم آپ پر سلام۔ اے ہر ناطق سے افضل وبرتر آپ پر صلوٰۃ وسلام!! جب تک دنیا کا سلسلہ چلتا اور جاری رہے آپ پر صلوٰۃ وسلام جب تک بلائیں اور مصیبتیں ٹلتی رہیں آپ پر صلوٰۃ وسلام۔ رب رحیم کی جانب سے آپ پر صلوٰۃ وسلام اے وہ ذاتِ پاک

https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/

کہ جو خاتم الانبیاء والمرسلین ہے آپ پر سلام حضرت حبیب خدا صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی ولادت باسعادت ہوئی ہے تو آپ کے چہرہ انور کے مبارک گال گلاب کے پھولوں سے بھی بڑھ کر خوبصورت اور سرخ حسین ہیں نیز حضور پر نور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے مبارک ہونٹوں سے نور دروشنی پھوٹ رہی ہے۔

اُس ذاتِ اقدس کی پیدائش ہوئی ہے کہ جو اگر نہ ہوتے تو کوئی انسان نہ ہوتا اور نہ ہی کوئی چراگاہ ہوتی نہ کوئی پنگھوڑا اور کائنات کا حیوان ہوتا۔

اور جبرائیل علیہ الصلوٰۃ والسلام نے اپنے منعّہ رحعن (مضبوط محفوظ قلعے) میں زور زور سے پکار کرارشاد فرمانے لگے یہ ہیں ملیح اور حسین ترین چہرے والی ہستی اور یہ ہیں احمد مجتبیٰ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم وآپ کی ذات گرامی قدر

ترجمہ اشعار | یہ ہیں جناب حضرت مصطفیٰ کہ جن کی مبارک آنکھوں کو سرمہ لگا ہوا ہے یہ ہیں انتہائی خوبصورت ترین چہرہ انور والے جو کہ منفرد یکتا اور اکیلے ہیں۔

یہ ہیں مصطفیٰ کہ جو جمیل نعت والی ہستی اور مرتضیٰ مجتبیٰ ہیں یہ حبیب اللہ سید وآقا صلی اللہ علیہ وسلم ہیں بشارت و مبارک ہو سیدہ حضرت آمنہ امینہ رضی اللہ عنھا کو کہ آپ رضی اللہ عنھا نے حضور پر نور صلی اللہ علیہ وسلم کی ذاتِ اقدس کا حسن وجمال ملاحظہ فرمایا ہے۔

اور بلاشبہ یہ وہ جاہ ومنزلت ہے کہ جو عریض اور بہت ہی زیادہ ہے۔

چنانچہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات گرامی قدر میں نور ہے جیسے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے گال مبارکہ سے نور نے سوتے پھوٹ رہے ہیں اور ان میں گلاب جیسے پھول ہیں جیسے کہ حضور پُر نور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے مبارک بالوں میں سیاہ رات ہے۔

اور یہ ہے وہ ذات مصطفیٰ کہ جو اگر نہ ہوتے تو قبا کا ذکر نہ کیا جاتا ہمیشہ ہمیشہ اور نہ ہی لوگ محصّب کا ارادہ وقصد کرتے۔ اگر حضرت یوسف علیہ الصلوٰۃ

https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/

والسلام کا حسن وجمال کامل اور ہر لحاظ سے پورا ہوا تو اس مبارک میلاد والی ہستی حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ذاتِ اقدس کا حسن وجمال بہت ہی زیادہ اور اکثر ہے۔ اگر حضرت موسیٰ کلیم علیہ الصلوٰۃ والسلام کو تقرب اور نزدیکی حاصل ہوئی تھی تو تمام رسل عظام اور انبیاء کرام مجھے میری زندگی کی قسم طٰہٰ سے کسبِ فیض کرتے ہیں اور یوں سعید وخوش قسمت ہوتے ہیں۔

اگر سیدنا حضرت عیسیٰ مسیح علیہ الصلوٰۃ والسلام کو شرف عبادت حاصل ہوا تھا تو حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم آپ سے بھی جلیل القدر اور عظیم الشان رتبے والے ہیں۔

اے مختار ومصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کی ولادت وغیرہ میلاد آپ کے لئے بہت ہی ثنا ومدح اور تعریف ہے۔ اور بے شمار مدائح وثنا ہیں جو کہ بلند وبالا اور مرتفع ہیں اور آپ کا ذکر وہ ذکر ہے کہ جس کی از حد مدح وثنا اور تعریف وتوصیف کی جاتی ہے۔

اے کاش ایک طویل عرصہ تک میرے پاس حضور پرنور صلی اللہ علیہ وسلم کی میلاد مبارکہ کا تذکرہ ہوتا۔ اور اے کاش میری ساری زندگی میں محض حضور پرنور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی میلاد کا تذکرہ ہوتا اور جیسے کہ اخبار حقہ میں یہ روایت مستند ہے کہ سیدہ حضرت آمنہ امینہ نے حضور پرنور صلی اللہ علیہ وسلم کی ذاتِ گرامی قدر کو جنا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم انتہائی مسرور خوش اور مختون تھے۔

اے ذاکر ونعت خوان مصطفیٰ تم حضور پرنور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی مبارک حدیث پاک کو بار بار لوٹاؤ کیونکہ میں وہ عاشق ومحب مصطفیٰ ہوں کہ جو حضور پرنور صلی اللہ علیہ وسلم کی ذاتِ اقدس کے لئے اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد کی وجہ سے ایک لمحہ بھر بھی قرار وسکون حاصل نہیں کرسکتا ہوں۔

اللہ سبحانہ آپ کی ذات گرامی پر صلوٰۃ وسلام بھیجے جب تک دنیا میں

https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/

ہوائیں چلتی رہیں اور صبح صبح جھونکے لہراتے رہیں اور جب تک لوگ محصب کا قصد و ارادہ کر کے سفر پر گامزن ہوتے رہیں۔

اے مصطفیٰ آپ پر اللہ سبحانہ، صلوٰۃ والسلام بھیجے کہ جن کا نام نامی اور اسم گرامی اس کائناتِ عالم اور مخلوق کے درمیان احمد و محمد صلی اللہ علیہ وسلم ہے۔

سیدہ حضرت آمنہ رضی اللہ عنہا ارشاد فرماتی ہیں کہ جب میں نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ذات گرامی کو جنا تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اس کیفیت میں پیدا ہوئے کہ آپ کی مبارک آنکھوں میں سرمہ لگا ہوا اور جسد الوز پر تیل ملا ہوا تھا۔ آپ کے اطہر واقدس جسم پاک سے خوشبو و مہک آرہی تھی اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مختون تھے۔ نیز حضور پرنور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اللہ عزوجل کی بارگاہ اقدس میں سجدہ ریز تھے۔ حضور پرنور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنے دونوں مبارک ہاتھ آسمان کی طرف بلند فرمائے ہوئے تھے۔ آپ کے چہرہ الوز سے روشنی اور نور کے سوتے پھوٹ رہے تھے۔ چنانچہ حضرت جبرائیل علیہ الصلوٰۃ والسلام نے حضور پرنور صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات گرامی قدر کو اٹھالیا اور آپ کو ایک ریشمی کپڑے کے اندر لپیٹ لیا یہ مبارک کپڑا جنت سے لایا گیا تھا۔ اور حضرت جبرائیل حضور پرنور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ذاتِ گرامی کو لے کر زمین کے مشارق اور مغارب کا چکر لگایا حضرت سیدہ آمنہ امینہ رضی اللہ عنہا ارشاد فرماتی ہیں کہ میں نے ایک منادی کو یہ ندا و صدا لگاتے ہوئے سنا تم حضور پرنور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی مبارک ذات اقدس کو دیکھنے والوں کی نگاہوں سے مخفی و پوشیدہ رکھو۔

ترجمہ اشعار | خوش بختی اور خوش قسمتی آپہنچی اور سرور و فرحت واضح و آشکارا ہوگئی۔ وہ یوں کہ ربیع الاوّل شریف میں چودھویں کا چاند طلوع ہوگیا ہے۔

حضرت آمنہ بنت وہب رضی اللہ عنہا نے حدیث بیان فرماتے ہوئے ارشاد فرمایا ہے کہ جب وجودِ اکمل صلی اللہ علیہ وسلم کا نور ظاہر ہوا تو آپ صلی اللہ علیہ

https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/

وآلہٖ وسلم پیدا ہوتے ہی اللہ کی بارگاہ میں سجدہ ریز ہو گئے۔ اور ذاکرِ متہلل کی مانند آپ تضرع عاجزی والحاح میں مصروف تھے۔

حضرت آمنہ رضی اللہ عنھا ارشاد فرماتی ہیں میں نے ارادہ کیا کہ حضور پُرنور صلی اللہ علیہ وسلم کے جسدِ انور پر تیل لگاؤں لیکن میں نے آپ کے مبارک جسم پر تیل ملا ہوا اور لگا ہوا پایا۔ اور حضور پرنور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی مبارک پلکیں فطرتی قدرتی طور پر سرمئی تھیں ان کو سرمہ لگا ہوا تھا۔ نیز حضرت آمنہ امینہ رضی اللہ عنھا نے پردوں کے پیچھے سے ایک کہنے والے کو یہ کہتے ہوئے سنا۔ اے آمنہ اس مبارک صاحبزادے کو کائنات اور عالمین سے چھپا کر رکھیں اور لوگوں کے پاس زیادہ دیر مت رکھیں۔ تاکہ آپ عظیم الشان اور مبارک بے مثال نونہال کے ذریعے آسمان کے فرشتوں پر فخر و تہنیت اور ناز کر سکیں اور اے آمنہ بنت وھب آپ کبھی بھی حضور پُرنور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی ذاتِ اقدس کے غافل و سست نہ ہونا۔ حضرت آمنہ رضی اللہ عنھا فرماتی ہیں کہ اس واقعہ کے بعد میرے پاس حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے دادا تشریف لائے۔ اور ان کو ندا و صدا لگا کر ارشاد فرمایا گیا کہ ابھی آپ اندر نہیں جا سکیں گے حضرت آمنہ رضی اللہ عنھا کا بیان ہے کہ میں نے پھر سر اٹھایا تو ایک بادل ملاحظہ کیا کہ جو پھیلتا ہوا آیا اور میرے گھر کے اوپر سایہ کر لیا۔ اس بادل نے حضور پُرنور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی ذات گرامی کو کچھ عرصہ کے لئے مجھ سے پکڑ کر آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو اپنے ہاں رکھا۔ اور پھر حضور نبی محتشم صلی اللہ علیہ وسلم ایک ہی لمحہ میں میرے پاس لوٹا دیئے گئے پھر میں نے فرشتوں کو دیکھا کہ وہ میرے پاس بڑھے چلے آ رہے تھے۔ اور بیت اللہ شریف کے ستون وارکان متزلزل لرزتے کانپتے ہوئے معلوم ہوتے تھے۔ اور میں نے مکہ مکرمہ کے مبارک ٹکڑوں کو رقص کرتے ہوئے پایا جو کہ حضور پرنور کا نور مطلع ہوا تھا اور اس سے آوازیں نکل رہی تھیں نیز میں نے زمین کی تمام جگہوں اور مقاماتِ جمیعہ ملاحظہ کیئے تھے۔ اور بحر و بر میں تمام مقامات دلہنوں کی مانند متجلی

https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/

اور منور تھے۔ اور میں نے جو کچھ دیکھا اس سے خوفزدہ ہو گیا حتیٰ کہ میں بات چیت کرنے کی استطاعت بھی نہ رکھتا تھا۔ میں نے حضور نبی معظم صلی اللہ علیہ وسلم کی عالی قدر ذاتِ اقدس کو دودھ پلانے کا ارادہ کیا تو حضور نبی مکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنا چہرہ انور اور رخ مبارک پھیر لیا میں نے پھر کوشش کی اور حضور نے پھر بھی دودھ نوش نہ فرمایا۔ حتیٰ کہ اسی وقت ایک کہنے والے شخص نے یہ کہا ادھر آؤ اے آمنہ اور یہ لو حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی ذاتِ گرامی قدر کہ جو خیر الانام اور افضل ترین ہیں انہیں دودھ پلاؤ۔

سیدہ حضرت آمنہ امینہ رضی اللہ عنہا ارشاد فرماتی ہیں کہ میں نے ایک کہنے والے کو یہ کہتے ہوئے سنا۔ محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی ذاتِ بابرکات کو حضرت آدم کی صفوت، حضرت شیث کا مولد، حضرت نوح کی شجاعت، حضرت ابراہیم کا حلم، حضرت اسماعیل کی زبان، حضرت اسحاق کی رضا، حضرت صالح کی فصاحت حضرت ادریس کی رفعت، حضرت لقمان کی حکمت، حضرت یعقوب کی بشارت حضرت یوسف علیہ الصلوٰۃ والسلام کا جمال، حضرت ایوب کا صبر، حضرت موسیٰ کی قوت، حضرت یونس کی تسبیح، حضرت یوشع کا جہاد، حضرت داؤد کا نغمہ، حضرت سلیمان کی ھیبت و شوکت، حضرت دانیال کی محبت والفت، حضرت الیاس کا وقار، حضرت یحییٰ کی عصمت، حضرت زکریا کا قبول، حضرت عیسیٰ کا زہد و تقویٰ حضرت خضر کا علم عطا فرماؤ۔ صلی اللہ علیہ وسلم

اور اے فرشتو! حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کی ذاتِ بابرکات کو انبیاء کرام اور مرسلین عظام علیہم الصلوٰۃ والسلام کے اخلاق کے سمندروں میں غوطے دو۔ کیونکہ حضور سرور سروران صلی اللہ علیہ وسلم سید الاوّلین اور سید الآخرین صلی اللہ علیہ وسلم ہیں۔ پھر میں نے ایک بادل کو دیکھا کہ جو آگے بڑھتا چلا آرہا تھا۔ اور ایک کہنے والا یہ کہہ رہا تھا۔ کہ حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے نصرت وامداد کی چابیاں اپنے پاس رکھ لی ہیں بیت اللہ شریف کی کنجیاں آپ کے

https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/

دستِ اقدس میں ہیں نیز میں نے ایک فرشتے کو ملاحظہ کیا کہ جو آگے بڑھا اور اس نے حضور پُرنور صلی اللہ علیہ وسلم کے مبارک کانوں میں کچھ کلام اور گفتگو فرمائی۔ پھر اس فرشتے نے حضور پُرنور صلی اللہ علیہ وسلم کی ذاتِ گرامی قدر کے بوسے لیئے۔ اور عرض کیا اے میرے حبیب محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم آپ کو بشارت و مبارک ہو۔ کیونکہ آپ اولادِ آدم علیہ الصلوٰۃ والسلام کے آقا و سید ہیں اور تمام بنو آدم کے باپ و والد!! آپ کی ذاتِ والاصفات کے ذریعے ہی اللہ سبحانہٗ نے رسولوں علیہم الصلوٰۃ والسلام کو ختم فرمادیا ہے۔ اور اوّلین و آخرین کے تمام علوم آپ کو عطا فرما دیئے گئے ہیں نیز سیدہ حضرت آمنہ رضی اللہ عنہا نے ایک کہنے والے کو یہ کہتے ہوئے سنا۔ اے آمنہ حضور پُرنور صلی اللہ علیہ وسلم کے مبارک مکان کا دروازہ تین ایام تک ہرگز نہ کھولنا حتیٰ کہ سات آسمانوں کے فرشتے حضور پُرنور صلی اللہ علیہ کی ذاتِ اقدس کی زیارت حاضری سے فارغ ہو جائیں۔ حضرت آمنہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ میں نے حضور پُرنور صلی اللہ علیہ وسلم کی ذاتِ اقدس کے لئے مکان کے اندر بچھونا بچھایا اور حضور سرورِ سروراں صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا دروازہ بند کرلیا۔ اور میں فرشتوں کی جانب دیکھتی کہ وہ حضور پُرنور صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ جہاں پناہ میں قطار اندر قطار اور فوج در فوج حاضر ہو رہے تھے۔

ترجمہ اشعار | حضور پُرنور صلی اللہ علیہ وسلم کی ذاتِ مشرف ربیع الاوّل میں تولّد ہوئی اور آپ کی میلادِ مبارکہ کی خوشی میں کائنات رقص کناں ہے جب، کہ ستارے متجلی اور نور سے بھرپور ہیں آپ کے پاس جمال و حسن کی دلہن ایک انتہائی عمدہ اور قیمتی حلّہ پہن کر حاضر ہوگئی۔ اور اس قیمتی حلّے کے اندر یوں کوئی شخص آپ سے قبل منور اور متجلی نہ تھا۔ ادھر حضرت آمنہ امینہ رضی اللہ عنہا ارشاد فرمارہی تھیں کہ میں نے حضور نبی معظم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ذاتِ اقدس کا جمال اور حسن دیکھا جیسے چودھویں کا چاند اپنے بھرپور جوبن پر چمکتا دمکتا اور آب و تاب رکھتا ہے۔ اور میں نے آسمان کے فرشتوں کو آراستہ پیراستہ دیکھا ادھر

https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/

کائنات رقص کناں تھی۔ نیز میرے گھر کے اندر بہت ہی رونق و حسن و جمال تھا۔ میں نے دریافت کیا یہ کیا ہے تو آسمان کی بلندیوں سے مجھے فرمایا گیا تم حضور نبی معظم صلی اللہ علیہ وسلم کی عظمت و فضیلت کے بارے دریافت نہ کرو۔ کیونکہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی عظمت بہت ہی بلند اور اعلیٰ و ارفع ہے۔

اے آمنہ آپ حضور نبی معظم صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات اقدس کو ملائکہ آسمان سے کبھی بھی مخفی و پوشیدہ نہ رکھنا حضور پرنور صلی اللہ علیہ وسلم کی حیات طیبہ کی قسم ایسا ہرگز ہرگز نہ کرنا۔ بلاشبہ حضور پرنور صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات گرامی قدر وہ مشرف مفضل اور کرم و نوازش والی ذات اطہر ہے۔ کہ جو کائنات اور انام سے فائق برتر اور بڑھ کر ہیں۔ اور آپ بلاشبہ قدر اعلیٰ کے مالک آپ ہیں اے اونٹنیوں اور سوار یو اگر تم بوقت عشاء ادھر خیموں کے نزدیک سے گزرو اور انتہائی عمدہ عقیق کے قریب پہنچو تو میں تمہیں نصیحت کرتا ہوں کہ وہاں پر ضرور قیام پذیر ہونا اور تمہیں مبارک و بشارت ہو کیونکہ اس محفوظ اور مصؤن مقام پر ایسے چاند اور بدر کامل صلی اللہ علیہ وسلم ہیں کہ جو کئی چودھویں کے چاندوں سے فائق ہیں اور بہت ہی زیادہ چمکیلے آب و تاب رکھنے والے ہیں۔

میرے پروردگار اللہ حضور پرنور صلی اللہ علیہ وسلم کی ذاتِ اقدس پر ابداً دائماً صلوٰۃ والسلام نازل فرمائے جب تک کہ پرندے اونچی بلند آواز سے بہ چہچہاتے پکارتے رہیں۔

وقتِ ولادت معجزات کا ظہور

سیدہ حضرت آمنہ رضی اللہ عنہا ارشاد فرماتی ہیں کہ حضور پرنور صلی اللہ علیہ وسلم کی ولادت باسعادت کی مبارک رات فارس کی آگ بجھ گئی حالانکہ اس سے قبل ایک ہزار برس سے یہ آگ کبھی نہ بجھی تھی۔ نیز ایوانِ کسریٰ پھٹ گیا اور اس کے کنگرے ادھر ادھر بکھر کر ریزہ ریزہ ہو گئے چنانچہ کسریٰ کے چودہ ۱۴ کنگرے گر پڑے۔ بحیرۃ ساوہ طبریہ خشک ہو گیا جادو باطل ہو گیا کہانت ختم ہوئی آسمان کی حفاظت اور نگہداشت فرمائی گئی شیاطین کو ادھر جانے سے روک دیا گیا۔ کہ

https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/

وہ اندر داخل ہو کر آواز سن سکیں چنانچہ دنیا کے تمام بت منہ کے بل اوندھے گر پڑے نیز ابلیس عدو اللہ کا تخت بھی منہ کے بل اوندھا گر پڑا یہ سب کچھ حضرت محمد مصطفی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ذات گرامی قدر کی تعظیم و تکریم اور توقیر کے باعث ہوا چنانچہ جب حضرت احمد مجتبیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کی ولادت باسعادت ہوئی اور حضور نبی محتشم صلی اللہ علیہ وسلم اپنی والدہ ماجدہ سے جدا ہوئے تو حضور پُرنور صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے گھٹنوں کے بل زمین پر ورود مسعود فرمایا۔ اس وقت حضور پُرنور نبی الانبیاء صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی مبارک آنکھ کھلی ہوئی تھی۔

حلیمہ سعدیہ کا آنکھوں دیکھا بیان

اور حضور نبی معظم صلی اللہ علیہ وسلم آسمان کی طرف نگاہیں بلند فرمائے ہوئے تھے چنانچہ حضور پُرنور صلی اللہ علیہ وسلم کی آیائیں اور دائیاں (دودھ پلانے والی خواتین) حیران و متعجب ہوئیں۔ اور انہوں نے سیدنا حضرت عبدالمطلب رضی اللہ عنہ کے پاس پیغام ارسال فرمایا۔ اور آپ رضی اللہ عنہ کو اس امر کی اطلاع دی۔ اور سیدنا حضرت عبدالمطلب رضی اللہ عنہ نے جب حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات گرامی قدر کے مبارک جسم پر سے کپڑا اٹھایا تو اس وقت حضور نبی الانبیاء صلی اللہ علیہ وسلم اپنی مبارک انگلیاں چوس رہے تھے اور آپ ان سے دودھ نوش فرما رہے تھے چنانچہ اس وقت کے اہل عرب کا دستور تھا کہ جب ان میں کوئی مولود جنم لیتا تو وہ اس کے لئے دایاں اور دودھ پلانے والی خواتین تلاش کرتے تھے اور بچہ جننے والی ماں اس بچے کو دودھ نہیں پلایا کرتی تھی۔ اور جب حضور پُرنور صلی اللہ علیہ وسلم کی ولادت باسعادت ہوئی تو دودھ پلانے والی تمام خواتین سے یہ مسئلہ دریافت کیا گیا کہ کون ہے جو حضور پُرنور کو دودھ پلائے چنانچہ ان میں سے ہر ایک یہ کہتی کہ میں حضور اقدس کو دودھ پلاتی ہوں۔ نیز چونکہ تقدیر اور قضاء الٰہی کے مطابق فیصلہ ہو چکا تھا اور حکمت کے عین مطابق حکم ہو چکا تھا کہ اس دُرِّ یتیم صلی اللہ علیہ وسلم اور نفیس

https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/

کریمہ کو محض حلیمہ سعدیہ رضی اللہ عنہا ہی دودھ پلائیں گی۔

چنانچہ سیدہ حضرت حلیمہ سعدیہ رضی اللہ عنہا ارشاد فرماتی ہیں کہ جس سال حضور پُرنور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی ذات اقدس ولادت باسعادت ہوئی تو اس سال لوگ سخت تکلیف اور شدت عظیمہ میں مبتلا تھے۔ آپ کی ولادت باسعادت سے قبل کا سال قحط والا سال تھا۔ نیز یہ کہ ہم تمام لوگوں سے زیادہ فقروافلاس میں مبتلا تھے۔ نیز مشکلات میں مبتلا تھے نیز حضرت حلیمہ سعدیہ رضی اللہ عنہا کا بیان ہے کہ میں قبیلہ بنو سعد کی خواتین کے ہمراہ نکل کر روانہ ہوئی تاکہ دودھ پلانے والے بچے لاؤں۔ اور میں دوسری خواتین کے ہمراہ سواری کے خچر پر سوار تھی یہ خچر بہت ہی کمزور اور نحیف و نزار تھا۔ اس وقت ہمارے گھر کے اندر دودھ کا قطرہ تک نہ تھا۔ نیز ہم رات بھر سو بھی نہیں سکتے تھے کیونکہ ہمارے بچے روتے تھے۔ اور شور مچاتے جس سے ہم رات بھر جاگتے رہتے تھے۔ اور نہ ہی میرے سینے کے اندر اس قدر دودھ تھا کہ جس سے میرا بچہ سیر شکم ہو جاتا۔ اور جب ہم مکہ مکرمہ میں داخل ہوئے اللہ سبحانہٗ اس کو مشرف و مکرم بنائے تو دائیاں اور خواتین اس امر کے لئے روانہ ہو گئیں کہ وہ دودھ پینے والے بچوں کو تلاش کریں۔ ادھر میں اور میرے ہمراہ ساتھ دایاں باقی رہ گئیں۔ اور ہماری ملاقات سیدنا حضرت عبدالمطلب رضی اللہ عنہ سے ہوئی۔ اور عبدالمطلب رضی اللہ عنہ نے فرمایا۔ میرے پاس ایک چھوٹا بچہ ہے اور اے دودھ پلانے والیو! تم ادھر آؤ تاکہ اس بچے کو دیکھ لو۔ اور جس آپا کی مرضی ہو یا اس کے مقدر میں ہو اس کو یہ بچہ لے لینا چاہیئے۔ حضرت حلیمہ رضی اللہ عنہ ارشاد فرماتی ہیں کہ ہم سب آپا خواتین حضرت عبدالمطلب رضی اللہ عنہ کے ہمراہ چلی گئیں۔ اور ہم دودھ پلانے والی سب خواتین نے جب حضور پُرنور صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات گرامی قدر کو دیکھا تو ہم میں سے ہر خاتون کہنے لگی کہ میں حضور پُرنور صلی اللہ علیہ وسلم کی ذاتِ گرامی اقدس واطہر کو دودھ پلاؤں گی۔ اور جب یہ عورتیں حضور پُرنور صلی اللہ علیہ وسلم کی

https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/

بارگاہ اقدس میں آگے بڑھ کر حاضر ہوئیں تو حضور پرُ نور ان میں سے ہر آیا سے روگردانی اور اعراض فرمالیا کرتے لیکن جونہی میں حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں آگے بڑھی تو اور جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے ملاحظہ فرمایا تو آپ مسکرائے اور میری جانب بڑھے۔ چنانچہ میں نے حضور سرور سروران صلی اللہ علیہ وسلم کو اپنی گود میں رکھ دیا پھر سرور سروران صلی اللہ علیہ وسلم کی ذاتِ گرامی قدر کو اپنا پستان آپ کے منہ مبارک میں دیا۔ اور سب سے پہلے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے دایاں پستان اپنے منہ مبارک میں لیا۔ اور دودھ نوش فرمایا اور جب میں نے حضرت مصطفیٰ کو بایاں پستان پیش کیا تو حضور نبی مکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے اعراض اور روگردانی اختیار فرمالی۔ کیونکہ اِس وقت حضور نبی معظم صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات بابرکات کو اس حقیقت کا علم تھا کہ یہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے رضاعی بھائی کا حصہ ہے۔ چنانچہ بقول حضرت حلیمہؓ "حضور اقدس سے میری محبت و الفت اور زیادہ بڑھ گئی اور میں حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم میں مزید رغبت و شوق کا اظہار کرنے لگی۔ اور جب میں نے اس امر سعادت کا ارادہ کرلیا کہ میں حضور پرُ نور صلی اللہ علیہ وسلم کی ذاتِ اقدس کو لے کر بڑھوں تو سیدنا حضرت عبدالمطلب رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا۔ بلا شبہ حضرت محمد مصطفیٰ احمد مجتبیٰ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم یتیم ہیں اور آپ کے والد گرامی کا وصال ہو چکا ہے۔ حضرت حلیمہ فرماتی ہیں کہ میں نے حضور نبی معظم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے والد گرامی کے وصال کے متعلق سُنا تو حضرت عبدالمطلب سے عرض کیا کہ آپ مجھے مہلت دیجئے تاکہ میں اس امر کے بارے اپنے خاوند حارث کے ساتھ صلاح مشورہ کرسکوں سیدہ حضرت حلیمہ سعدیہ رضی اللہ عنھا ارشاد فرماتی ہیں کہ بعد ازاں میں اپنے خاوند کے پاس بغرض صلاح مشورہ حاضر ہو گئی۔ اور انہیں اس امر کی کہانی بیان کی تو مجھے میرے خاوند نے کہا کہ ضرور آپ انہیں لے آئیں ہو سکتا ہے کہ اللہ سبحانہٗ ان میں سے برکت و میمنت بنا دے اور ہم یوں سعادت مند و خوش نصیب ہو سکیں پھر میں حضور پرُ نور صلی اللہ علیہ وسلم

https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/

ذات بابرکات کے پاس واپس لوٹی میں نے حضرت سرور سروران صلی اللہ علیہ وسلم کو پکڑ لیا۔ اور حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو اپنی گود میں رکھا۔ اور میں نے حضور نبی محتشم صلی اللہ علیہ وسلم کی ذاتِ بابرکات کو دودھ پلانا شروع کر دیا۔ اور جب صبح ہوئی تو میرے خاوند نے میرے سامنے سواری کے اِس خچر کو بڑھایا۔ اس وقت دودھ پلانے والی آیا خواتین کے پاس ستر خچر تھے ان میں سے میرا خچر سب سے زیادہ ناتواں اور نحیف و نزار تھا۔ میں اس کے اوپر سوار ہو گئی اور حضور پُرنور صلی اللہ علیہ و آلہٖ وسلم کو اپنے سامنے و آگے بٹھلایا کہ اچانک اس قدر چست اور پھر تیلا ہو گیا اور تمام خچروں سے آگے بڑھ کر سبقت و فوقیت لے گیا۔ لوگ یہ سب کچھ دیکھ کر متعجب و حیران ہو گئے کہ یہ تمام دوسرے خچروں سے سبقت و فوقیت لے گیا چنانچہ میں حضرت محمد الرسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی ذاتِ گرامی قدر سے بہت خوش و مسرور ہوئی۔

اے حلیمہ سعدیہ آپ کو فضائل و مناقب مبارک و بشارت ہو کیونکہ آپ تو الطافِ عمیمہ حاصل کرنے میں فائز المرام اور کامران ہو گئی ہیں نیز تمہارے جملہ امور مستقیمہ ہو کر سنور گئے ہیں اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی خلقتِ عظیمہ عالیہ کس قدر شیریں ولذیذ ہے۔ آپ کو بشارت و مبارک ہو آپ اے حلیمہ طیب و عمدہ اور خوشبودار ہو گئی ہیں آپ کو سرور خوشیاں اور مبارکبادیاں بخت میں ملی ہیں اور آپ نے تو حضور پُرنور صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات بابرکات کے باعث ہر قسم کی آرزوئیں اور تمنائیں حاصل کر لی ہیں۔ حضور پُرنور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی ذاتِ اقدس ایسی جلیل القدر نبی و رسول ہے کہ جنھوں نے ہر قسم کے معانی حاصل فرمالئے ہیں اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے خوشگوار طلوع و ظہور پاک کے باعث آپ دونوں جہانوں کی نعمتیں حاصل کرنے میں کامیاب ہو گئی ہیں۔ لہٰذا اے حلیمہ سعدیہ آپ کو بشارت ہو کہ آپ انتہائی عمدہ اور پاکیزہ مرتبہ پر فائز و متعین ہو چکی ہیں رضی اللہ عنہا اللہ سبحانہٗ نے آپ کو توفیق بخشی اور

https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/

آپ نے حضور پرنور صلی اللہ علیہ وسلم کو دودھ پلانے کی سعادت پائی ہے اور خیرالخلق صلی اللہ علیہ وسلم کی آیا بنی ہیں یوں آپ نے حضور پرنور صلی اللہ علیہ وسلم کی شفاعت حاصل کرلی اور آپ دوسروں کی شافعہ ہوں گی۔ نیز حضور پرنور صلی اللہ علیہ وسلم کے عالی قدر اوصاف میں سے حسنِ قناعت بھی ہے مبارک اور بشارت ہو کہ آپ جنتِ نعیم میں مقیم ہوں گی۔

اے حلیمہ! آپ کو بشارت و مبارک ہو کہ آپ طیب خوشبودار اور عمدہ ہوگئی ہیں آپ نے حضرت مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کی عالی قدر ذات کی پرورش کی سعادت پائی کہ جو ہادی اور ایسی ہستی ہیں کہ جن کا فدیہ دیا گیا ہے۔ اور حضور پرُنور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ایسی ہستی ہیں کہ جنہوں نے مکارم کا لباس زیب تن فرما رکھا ہے۔ جب حضور پرُنور صلی اللہ علیہ وسلم اپنے جوبن پر ہوں اور ظہور فرمائیں تو چاند کا حسن و جمال آپ کی خوبصورتی لازوال کے مقابلے میں ہیچ ہوتا ہے۔ کیونکہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے چہرہ انور میں اوصافِ کریمہ عالیہ مخفی فرمائے ہوئے تھے

آپ کو بشارت مبارک ہو اے حلیمہ کہ آپ طیب و پاکیزہ ہوگئی ہیں۔

حضور پرُنور صلی اللہ علیہ وسلم کے جمال و حسن کی علامات اور عمدہ آیات اس کائنات میں بے حد و حساب ہیں اور آپ کے مکارم اخلاق کی آیات یہاں پڑھ کر تلاوت ہوتی ہیں آپ ایسے حبیب معظم صلی اللہ علیہ وسلم ہیں کہ جن کی ذاتِ اقدس کو عمدگی تواصل کے ساتھ حاصل ہے۔ نیز آپ کے وہ مفاخر و مناقب جو عیاں و ظاہر ہوئے وہ عظیم ہیں۔

اے حلیمہ! آپ طیب عمدہ اور خوش رہیں آپ کو بشارت و مبارک ہو حضور پرُنور صلی اللہ علیہ وسلم ایسے نبی محتشم و معظم ہیں کہ جن کا نور حسن ظاہر واضح اور عیاں ہے اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم ایسے حبیب ہیں کہ جن کی مہک و خوشبو اس دنیا میں اور کائنات کے کونے کونے میں پھیلی ہوئی ہے حضور پرُنور صلی اللہ

https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/

علیہ وسلم کے عالی قدر اوصاف ہیں آپ کے مدائح و تعریفات پڑھی جاتی ہیں اور حضور پُرنور کی برکت عالیہ سے اے حلیمہ آپ مقیمہ ہوئی ہیں لہذا آپ کو بشارت و مبارک ہو آپ عمدہ و طیب اور اچھی طرح خوشگواری و خوشی محسوس فرمائیں جس شخص نے یہ سعادت حاصل کی کہ وہ حضور پُرنور صلی اللہ علیہ وسلم کی عالی قدر ذات اقدس پر صلوٰۃ وسلام بھیجے اُس کا مقدر اور ملجأ و ماوی دارالخلد ہے۔ اس کے ہاں اللہ کی بے پناہ اور بکثرت نعمتیں لپک کر آئیں گی اور جنتوں باغوں میں حوریں اس کی نوکرانیاں اور لونڈیاں ہوں گی اے حلیمہ آپ کو مبارک و بشارت ہو کہ آپ طیبہ عمدہ اور خوش ہوئی ہیں۔

سیدہ حضرت حلیمہ رضی اللہ عنہا ارشاد فرماتی ہیں کہ میں جب کبھی بھی کسی درخت یا کسی پتھر کے نزدیک سے گزرتی یا کسی پختہ مکان کے پاس سے میرا گزر ہوتا تو وہ مجھے یہ الفاظ کہتا اے حلیمہ سعدیہ آپ کو بشارت اور مبارک ہو۔ اور میں نے جب حضور پُرنور صلی اللہ علیہ وسلم کی ذاتِ اقدس واطہر سے ایسے معجزات کا صدور دیکھا تو میں متعجب اور حیران ہو گئی بلکہ میں بہت خوش ومسرور ہوئی۔ نیز حضور پرنور صلی اللہ علیہ وسلم کے نورِ پاک کے باعث میں گھٹا ٹوپ سخت اندھیروں میں بھی دیکھنے کی قوت رکھتی تھی کیونکہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی برکت سے سخت گھپ اندھیرے چھٹ گئے۔ اور میں حضور پرنور صلی اللہ علیہ وسلم کے انوار و تجلیات میں سفر کرتی ہوئی اپنے گھر میں پہنچی تو اس وقت میرے ارد گرد دور دراز تک روشنی اور نور پھیلا ہوا تھا۔ اور جب خاندانِ بنو سعد نے حضور پُرنور صلی اللہ علیہ وسلم کی ذاتِ گرامی قدر کے انوار و تجلیات کی طرف دیکھا تو بے اختیار پکار اُٹھے اے حلیمہ یہ آب و تاب اور چمک دمک رکھنے والا نور اور روشنی کیسی ہے؟

ترجمہ اشعار | جب سیدہ حضرت حلیمہ سعدیہ رضی اللہ عنہا کی ذاتِ اقدس کے لئے یہ امر پایۂ تحقیق کو پہنچ گیا کہ حضور نبی معظم صلی اللہ علیہ وسلم کے انوار و

https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/

تجلیات چمکنے دمکنے والے ہیں تو آپ بے پناہ خوش ہوئیں پھر کھڑی ہوئیں اور آپ نے حضور پُرنور صلی اللہ علیہ وسلم کو اپنے مبارک گلے کے ساتھ لگایا جو کہ خیر الانام صلی اللہ علیہ وسلم اور ہمارے نبی معظم صلی اللہ علیہ وسلم ہیں۔

اے حلیمہ سعدیہ رضی اللہ عنھا آپ یہ ارشاد فرماتی ہیں کہ ہم پر سے مشقت اور تکلیف وغیرہ سب زائل ہو گئے ہیں اور ہمارے پاس سارے جہان کی خوشیاں و فرحتیں آپہنچی ہیں اسے ہمارے کامرانی کامیابی اور ہماری انتہائی عمدہ خوش بختی! کہ ہم نے حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات اقدس کی بدولت اپنی آرزوئیں اور تمنائیں حاصل کر لی ہیں

وجود مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کا نور بلاشبہ شمس ضحیٰ ہے۔ اور معنی صفا ہے آپ کا نور مبارک عطا اور بخشش کا خزانہ اور وفا کا راز و بھید ہے جو کہ ہمارے ہاں دودھ نوش فرمانے والے بچے کی حیثیت سے تشریف لائے ہیں صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

حضرت حلیمہ رضی اللہ عنھا کے لئے بشارت اور مبارک ہو۔ کہ جو سعادت مند اور خوش نصیب ہو گئی ہیں اور حضرت حلیمہ رضی اللہ عنھا خطرناک خوفناک امور سے بچ گئی ہیں اس لئے کہ اللہ کریم نے حضرت حلیمہ سعدیہ رضی اللہ عنھا کے ہمراہ وعدہ فرمایا ہے کہ آپ ہمارے افضل خیر اور عمدہ نبی معظم حضرت احمد مجتبیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کو دودھ پلائیں گی۔

اللہ سبحانہ نے اپنے حبیب معظم صلی اللہ علیہ وسلم کی قدر و منزلت ہمارے درمیان بلند و بالا فرمائی ہے۔ اور آپ کی ذات اقدس کے فخر و ناز کا ہمارے درمیان اعلان فرمایا ہے اسے خوش قسمتی حضور پُرنور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ذات گرامی قدر کا ذکر پاک بار بار دہرایا گیا ہے اور سبھی عاشق مصطفیٰ ہیں وہ فائز المرام و کامیاب ترین ہی تو ہیں!

اگر تمہارا ارادہ خوش قسمتی و خوش بختی کے حصول کا ہو تو حضور پُرنور صلی اللہ

https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/

علیہ وآلہ وسلم کی محبت کے ساتھ لذت و سرور حاصل کیجئے بس خوش بختی اور خوش قسمتی اس امر میں ہے۔ کہ حضور پُرنور صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات گرامی قدر کے ساتھ از حد الفت و محبت رکھی جائے۔ اے اللہ! تیری ذات اقدس سے یہ التجا اور دعا ہے کہ جب یوم حساب ہو تو ہم سب محبین مخلصین کو حضور پُرنور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی شفاعتِ عظمیٰ سے خوش نصیب و خوش بخت بنانا آمین

سیدہ حضرت حلیمہ سعدیہ رضی اللہ عنھا ارشاد فرماتی ہیں کہ حضور پُرنور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم اس قدر جلدی اور سرعت سے قد مبارک کے لحاظ سے بڑھنے لگے کہ بچوں میں سے کوئی بھی اس قدر تیزی اور سرعت سے نہیں بڑھتا اور جب حضور پُرنور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی ذات گرامی قدر کی عمر مبارکہ چھ ماہ ہوئی تو میں نے سب سے پہلے حضور پُرنور صلی اللہ علیہ وسلم کا مندرجہ ذیل کلام اور گفتگو سنی کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم ارشاد فرما رہے تھے۔

اَللّٰهُ اَكْبَرُ كَبِيْرًا	اللہ بہت بڑا اور کبیر ہے۔ اور
وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ	سب تعریفیں اللہ سبحانہٗ کیلئے
كَثِيْرًا وَسُبْحَانَ اللّٰهِ	ہیں اور صبح و شام ہم سبحان اللہ
بُكْرَةً وَّاَصِيْلًا	کہتے ہیں (ص ۳۴)

جب حضور سرور سروران صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی عمر مبارکہ چار برس ہوگئی تو ہم حضور نبی الانبیاء صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی ذات گرامی کو ہمراہ لے کر آپ کی والدہ ماجدہ رضی اللہ عنھا کی خدمت میں لائے۔ اور ہمیں اس وقت حضور نبی معظم صلی اللہ علیہ وسلم کی ذاتِ اقدس کی سب سے زیادہ فکر اور آپ کا غم تھا۔ نیز ہم نے کہا کہ اگر حضرت آمنہ حضور پُرنور صلی اللہ علیہ وسلم کو ہمارے پاس چھوڑ دیں تو ہم آپ کی ذاتِ اقدس کے متعلق ڈرتے ہیں اور جب تک۔ ہم سے ہو سکا ہم حضور پُرنور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی ذات اقدس کی تربیت و پرورش بھی کریں گے۔ تاہم اس طرح ہمارا مقصد اور مطلوب محض یہ ہے کہ ہم حضور پُرنور صلی اللہ علیہ وسلم کی ذاتِ گرامی قدر کی برکت

https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/

کے متمنی ہیں چنانچہ حضرت آمنہ امینہ رضی اللہ عنھا نے حضور پُرنور صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات کو ہمارے ہمراہ لوٹا دیا۔ جب کچھ دنوں کا عرصہ بیت چکا تو حضور پُرنور صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھ سے دریافت فرمایا: اے میری والدہ میں اپنے بھائیوں کو دن کے وقت نہیں دیکھتا؟ تو میں نے حضور نبی معظم صلی اللہ علیہ وسلم کو عرض کیا آپ کے رضائی بھائی بھیڑ بکریاں ہمارے گھروں اور مکانوں کے ارد گرد لے جا کر چراتے ہیں تو حضور نبی معظم صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے ارشاد فرمایا: آپ مجھے بھی ان کے ہمراہ بھیج دیں تاکہ میں وہاں پر بکریاں چرالاؤں حضرت حلیمہ سعدیہ رضی اللہ عنھا کا بیان ہے کہ میں نے ڈورے میں پرویا ہوا ایک گھونگا لیا اور اس کو حضور پُرنور صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات اقدس کے گلے میں ڈال دیا تاکہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات گرامی قدر نظر بد سے محفوظ و مصئون رہے۔ پھر حضور پُرنور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ایک عصا اور لاٹھی پکڑی آپ ادھر یوں تشریف لے چلے کہ جیسے سادگی سے راعی چلتے ہیں اور جب آپ چراگاہ سے ادھر گھر میں بوقتِ عشاء واپس تشریف لائے تو میں حضور پُرنور صلی اللہ علیہ وسلم کی کیفیت اور حالت کے بارے میں دریافت کرتی تھی۔ تو آپ کے ساتھ آپ کے رضاعی بھائی مجھے بتلاتے کہ ہم حضور پُرنور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ذاتِ اقدس سے عجیب و غریب اور حیران کن نشانیاں ملاحظہ کرتے تھے۔ مثلاً اگر حضور پُرنور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کسی خشک جگہ پر تشریف لے چلتے تو یہ بیابان اور خشک جگہ اسی وقت سرسبز و شاداب ہو جاتی تھی۔ اور حضور پُرنور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جب کبھی کسی درخت کے پاس سے گزرتے یا کسی پتھر کے نزدیک سے تشریف لے چلتے تو وہ درخت اور پتھر لازمی طور پر حضور پُرنور صلی اللہ علیہ وسلم کو سلام عرض کرتا اسی طرح ایک دن یوں ہوا کہ ہمارے ساتھ سرور سروراں باہر چراگاہ میں تھے حضرت حلیمہ فرماتی ہیں کہ میں نے دیکھا کہ حضور پُرنور صلی اللہ علیہ وسلم کے بھائی گھبراہٹ اور جلدی سے دوڑتے ہوئے تشریف لا رہے تھے۔ اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم زور زور سے پکار رہے تھے اے

https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/

میری ماں اے میرے والد!! میرے قریشی بھائی کو جا کر سنبھالو کیونکہ آپ کو تو دو افراد نے پکڑ لیا ہے۔ اور انہوں نے حضور پُرنور صلی اللہ علیہ وسلم کا بطن مبارک چاک کر دیا ہے۔ حضرت حلیمہ سعدیہ رضی اللہ عنہا ارشاد فرماتی ہیں کہ ہم یہاں سے نکل کر روانہ ہو گئے اور ہم نے حضور نبی معظم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ذات گرامی قدر کا رنگ متغیر و متبدل پایا حضرت حلیمہ فرماتی ہیں کہ میں نے دریافت فرمایا اے میرے صاحبزادے آپ، کو کیا ہو گیا ہے؟ تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔ اے میری ماں، میرے پاس دو شخص آئے کہ جن کے جسم پر سفید رنگ کے کپڑے تھے۔ ان کے ہمراہ سونے کا ایک طشت تھا کہ جو برف سے بھرا ہوا تھا انہوں نے میرے بطن کو شق کیا اور اس کے اندر سے عالقہ سودا (سیاہ رنگ کا گوشت) نکالا۔ پھر انہوں نے اس کو پھینک دیا۔ اور فرمانے لگے اے حبیب اللہ یہ آپ کی ذات میں حظ الشیطان تھا کہ جس کو نکال دیا گیا ہے پھر انہوں نے میرے قلب اطہر اور مبارک دل کو دھویا۔ اور اس کے اوپر بھی وہی برف لگائی۔ تاہم اس سے مجھے درد والم نہیں ہوتا تھا۔ پھر انہوں نے اس کے اوپر نور کی مہر لگائی تو میں خاتم اور مہر کی ٹھنڈک اپنے دل کے اندر پا رہا تھا۔ اور یہ ٹھنڈک میری اطراف وجوانب میں پائی جاتی تھی۔ پھر بنو سعید تمام کے تمام آگے بڑھے یہ حضور پُرنور صلی اللہ علیہ وسلم کی ذاتِ اقدس کو بوسے دے رہے تھے اور آپ کی حالت کے بارے دریافت کر رہے تھے۔ تو حضور پُرنور صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں اپنی حالت اور کیفیت کے بارے مطلع فرمانا شروع کر دیا چنانچہ قوم یہ سن کر متعجب اور حیران ہو گئی پھر مجھے ارشاد فرمایا گیا اے قوم حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات گرامی کو واپس لے چلیں اور آپ کو اپنے دادا کے پاس پہنچائیں۔ کیونکہ آپ کی ذات کے بارے ہمیں خوف اور ڈر ہے۔ حضرت حلیمہ رضی اللہ عنہا بیان فرماتی ہیں کہ ہم حضور پُرنور صلی اللہ علیہ وسلم کو لے کر آپ کی والدہ ماجدہ کے پاس پہنچے تو حضرت آمنہ نے پوچھا آپ۔ حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم کو

https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/

اس قدر جلدی کیوں واپس لائے ہیں؟ حالانکہ آپ تو حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات اقدس کو ہمراہ رکھنے پر بہت حریص اور متمنی تھے؟ تو حضرت حلیمہ اور آپ کے خاوند نے حضرت آمنہ رضی اللہ عنہا کو ساری بات کہہ سنائی۔ تو حضرت آمنہ رضی اللہ عنہا ارشاد فرمانے لگیں کیا آپ حضور پرنور صلی اللہ علیہ وسلم کی جلیل القدر ذات گرامی کے بارے میں ڈر رہے کہ آپ کو العیاذ باللہ شیطان کوئی ضرر تکلیف پہنچائے گا۔ ہرگز نہیں شیطان آپ کا بال بیکا بھی نہیں کر سکتا ہے اور بلاشبہ میرے اس صاحبزادے کی بے مثل اور منفرد شان وشوکت ہے جو کہ عظیم اور جلیل القدر ہے۔ لہٰذا اے حلیمہ آپ یہ خیال دل سے جانے دیجئے اور واپس لوٹ جائیں سیدہ حضرت حلیمہ سعدہ رضی اللہ عنہا ارشاد فرماتی ہیں کہ جب حضور نبی معظم صلی اللہ علیہ وسلم کی عمر مبارکہ چھ برس ہوئی تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی والدہ ماجدہ کا مقام ابواء میں وصال ہو گیا۔ اور ابواء مکہ مکرمہ مدینہ منورہ کے درمیان ایک گاؤں تھا۔ پھر حضور پرنور صلی اللہ علیہ وسلم کے دادا حضرت عبدالمطلب رضی اللہ عنہ نے حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی کفالت اور پرورش فرمائی۔ بعد ازاں جب حضور نبی معظم صلی اللہ علیہ وسلم کی عمر مبارکہ آٹھ برس کی ہوئی تو اس وقت حضور پرنور صلی اللہ علیہ وسلم کے دادا سیدنا حضرت عبدالمطلب رضی اللہ عنہ کا وصال ہو گیا۔ پھر آپ کے چچا حضرت ابوطالب رضی اللہ عنہ نے آپ کی پرورش اور کفالت کی اور جب حضور پرنور صلی اللہ علیہ وسلم کی عمر مبارکہ دس برس ہو گئی تو اللہ کی بارگاہ سے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی ذاتِ اقدس کو فخر و وقار حاصل ہوا۔ اور جب حضور پرنور صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لے چلتے تو سفید رنگ کا بادل آپ کے اوپر سایہ کرتا۔ یہ بادل اس مقام پر کھڑا ہو جاتا کہ جہاں پر حضور پرنور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کھڑے ہوتے۔ اور وہاں وہاں چلنے لگتا کہ جہاں جہاں حضور پرنور صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لے چلتے تھے۔ اور جب حضور پرنور صلی اللہ علیہ وسلم کی عمر مبارکہ چالیس برس پوری ہو گئی تو اللہ سبحانہ نے حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم رحمۃ للعالمین

نبی پاک کی والدہ ماجدہ اور جد امجد کا انتقال

https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/

مبعوث فرمایا۔

صَلَّی اللّٰہ علیہ وسلم وعلیٰ آلہٖ وکُلِّ تابِعٍ علیٰ مَنْوَالِہٖ اٰمین

ترجمہ اشعار | مولیٰ الوریٰ مبدیٰ معید ہمیں ہر آن اور ہر گھڑی کافی ہے یعنی ہمارا وہ پروردگار کہ جو احسان اکرام اور امتنان والا اور اس دن معافی بخشنے والا ہے کہ جب یوم وعید آئیگا۔ اللہ سبحانہ حیّ، علیم، واجد، باقی، غنی اور ماجد ہے۔ وہ عادل الٰہ، واحد، برّ، رؤف ورحیم ہے اپنے بندوں کے ساتھ اے وہ ذاتِ اقدس کہ جس سے جب دُعا کی جاتی ہے تو وہ اس کو شرف قبولیت عطا فرماتا ہے۔ ہم پر سے یہ حجاب اٹھا دے۔ اور اپنی جناب میں ہمارے وصل کے ساتھ اپنی بارگاہ ہماری التجاؤں دعاؤں کو حسن نے ہمیں حسنیٰ عطا فرمادے بلکہ اس سے بھی زیادہ عطا فرمادے اے اللہ نوازل میں قدیم ہے اور تو ہمیشہ ہمیشہ لطیف ہی رہا ہے ہم پر سے اس وبال اور مصیبت کو ختم فرمادے کہ جو ہمارے اوپر نازل شدہ ہے یعنی سخت ترین اور اشد ترین مصائب و آلام کو ہم سے ٹال دے۔

اے اللہ جو کہ سلام ہے ہماری طرف سے حضور پر نور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر صلوٰۃ وسلام نازل فرمادے اور اے سلام یوم جزا کو ہمیں سلامتی عطا فرمادے ایسے امور سے کہ جن سے ہم خائف اور ڈرنے والے ہیں اے مجید اور بزرگ!

اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی آل صحابہ کرام سرداروں پر کہ جو حضور پر نور صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات بابرکات کے ذریعے سفید و سیاہ سب لوگوں کے آقا بن گئے

خصوصاً صحابہ کرام ــــــ کے حاسدوں کافروں کو مٹانے والے اللہ کی تلوار حضرت خالد ابن ولید رضی اللہ عنہ پر حضور کی متابعت میں بے پناہ صلوٰۃ وسلام ہو۔

https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/

استغفارۃ الشیخ العلمی

شیخ علمی کا اللہ سے استغفار فرمانا

شیخ علمی کا ایک قصیدہ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

ترجمہ اشعار | میں اللہ سبحانہ، سے اپنے گناہوں اور لغزشوں سے گناہوں کی توبہ کرتا ہوں میں اپنے وجود، اپنے علم اور عمل سے استغفار کرتا ہوں۔

میں اللہ سے استغفار کرتا ہوں کہ میں اللہ سبحانہ کی مدح وثنا کو شمار نہیں کرسکتا ہوں اللہ سبحانہ پاک ہے اور روزِ ازل سے اس مدح وثنا کی جاتی ہے۔

میں اللہ سبحانہ سے استغفار کرتا ہوں جو ہمارا بلند وجلیل خالق ہے خصوصاً تشبیہ، ضد اور مثل سے پاک وطاہر ہے میں اللہ سبحانہ سے استغفار کرتا ہوں اپنے قول سے اور میرے ساتھ میرا ولی وسرپرست ہے اور جو کچھ میرے پاس ہے اور میں اپنے خیلوں سے استغفار کرتا ہوں میں اپنے تمام وجود سے استغفار کرتا ہوں۔ اور حالتِ کسل وسستی میں مجھ سے جو غلطیاں اور خطائیں ہوئیں ان سے مغفرت طلب کرتا ہوں۔ میں اپنے بالوں اور اپنی کھال سے استغفار کرتا ہوں اور ایسے تصور وسوچ کے حاضر ہونے سے کہ جو میری امیدوں پر پانی پھیر دے۔ اور ان سے دور کرنے والا ہو۔

میں اللہ سے استغفار کرتا ہوں ایسے امور سے کہ جن کو میں جانتا نہیں ہوں۔ خطایا گناہوں سے خواہ وہ جان بوجھ کر کئے گئے ہوں اور لغزشوں خطاؤں سے توبہ کرتا ہوں۔ میں توبہ واستغفار کرتا ہوں ایسی عمر اور زندگی سے کہ جو یوں ہی ساری بیکار گزر جائے۔ اور جس عمر کا کل مستقبل میں کوئی نفع نہ ہو جب کہ ہم پریشانی واضمحلال کے وقت اپنے دل کے پھرنے وتقلب سے استغفار وبخشش

https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/

طلب کرتا ہوں۔

میں اپنی خطاء دو گناہ اور غصے سے اللہ سبحانہٗ کی ذاتِ اقدس سے استغفار کرتا ہوں اور اپنی رضاء حکم و عدل سے بھی بخشش کا طلب گار ہوں۔
میں ایسی بات اور قول سے استغفار کرتا ہوں کہ جب وہ پھر جائے اس میں فاسد خیالات ہوں اور میں جھوٹی امیدیں باندھتا پھروں۔ میں اس حال سے استغفار کرتا ہوں کہ جو جب وارد ہو جائے اور اس کے ساتھ دواعی نفس جلدی سے مل جائیں۔ میں ایسے ستر اور راز سے استغفار کرتا ہوں کہ عمد و خلل کے ظاہر اس کے برعکس و متضاد ہوں۔ میں ایسے ظن فاسد سے استغفار کرتا ہوں کہ جو صاحب ظنِ فاسد کو کل گناہ اور وبال سے ذلیل و رسوا کر دے گا۔ میں اللہ سبحانہٗ سے اپنے ایسے ذکر سے استغفار اور بخشش کا طلبگار ہوں کہ جس کے اندر خیالاتِ فاسد کھٹکیں اور اس کے اندر مختلف نقائص و علل شامل ہوں۔ میں اپنی ایسی نگاہ و نظر کے بارے اللہ سبحانہٗ سے استغفار کرتا ہوں کہ جو نگاہ جب کبھی کچھ ملاحظہ کرے اور وہ جلدی و تیزی کے ساتھ عبرت حاصل نہ کرے میں اپنے اس ستر و ضمیر سے استغفار کرتا ہوں کہ جو اللہ سبحانہٗ مہیمن جل اللہ کے سوا کسی دوسرے کو اس کی مثل دیکھے میں اللہ سبحانہٗ سے اپنے ایسے کانوں کے متعلق استغفار کرتا ہوں کہ جو جب کوئی آواز سنے تو اس کا معنیٰ حقیقی نہ سمجھنے پائے۔ میں اپنے اس کلام اور نطق سے استغفار کرتا ہوں کہ جو ذکر الٰہی کے بغیر ظاہر و عیاں ہو اور اس میں یوں ہی لغو لڑائی و جھگڑا نمایاں ہو۔ میں اپنے اِس سانس اور جان کے بارے اللہ سبحانہٗ سے استغفار کرتا ہوں اگر یہ دونوں خیر و عدل کے راستوں پر گامزن نہ ہوں۔ میں اپنی طبیعت اور طمع سے اس امر کا استغفار کرتا ہوں جب کہ یہ دونوں تلبیس و حیل سے محفوظ و مصئون نہ ہو میں اپنے اس خُلق اور خَلق سے اللہ کی بارگاہ میں استغفار کرتا ہوں کہ جو حسنِ قول اور حسنِ عمل کے ساتھ آراستہ پیراستہ نہ ہوں میں اپنے اس ہاتھ کے بارے میں اللہ سبحانہٗ سے استغفار کرتا ہوں کہ جو غیر حق اللہ میں جھوٹ پکڑے

https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/

اور یوں نظام عالم میں خلل انداز ہو۔ میں اپنے اس پاؤں سے اللہ کی بارگاہ سے استغفار کرتا ہوں کہ جب وہ زمین کے اندر پھیلے اور غیر اللہ کی خاطر چلے یوں مجھے ذلیل و خوار کر دے۔ میں اللہ سے استغفار کرتا ہوں ایسے امور سے کہ جو میرے دل کے اندر کھٹکیں اور اولین و پہلے آقاؤں سرداروں کی سیرت اور اخلاق کے برعکس ہوں۔

میں اللہ سبحانہ سے بخشش اور غفران کا طلب گار ہوں کہ جو ہمیں شدید مصائب اور جرم تکالیف سے نجات دلائے۔ میں اللہ سبحانہ سے استغفار کرتا ہوں ان ستاروں کی تعداد کے برابر کہ جو روز سالف ازل سے گزر رہے ہیں۔

میں اللہ سبحانہ سے روئے زمین کے قطروں کے برابر استغفار کرتا ہوں جو کہ تمام کے تمام ہوں۔ اور دنیا پر موجود تمام چیونٹیوں انسانوں اور آنکھوں کی تعداد کے برابر مغفرت و بخشش کا طلب گار ہوں۔ میں ہواؤں کی تعداد کے برابر استغفار کرتا ہوں۔ اور موسلادھار بارش کے بادلوں کی تعداد کے برابر استغفار کرتا ہوں۔

میں اللہ سبحانہٗ سے استغفار کرتا ہوں تمام اور جمیع مخلوق کی تعداد کے برابر اور روئے زمین کے میدانوں پہاڑوں پر یہاں جس قدر انسان سانس لیتے ہیں اس کی مقدار کی تعداد میں استغفار کرتا ہوں میں سمندروں کی تعداد اور مقدار میں اللہ سبحانہٗ سے استغفار کرتا ہوں اور اس تعداد میں جس قدر مخلوق، موجیں اور چوٹیاں ہیں ان کی مقدار میں طلب بخشش کرتا ہوں۔

میں ہواؤں کی کل اور مجموعی تعداد کے برابر استغفار کرتا ہوں اور ان بادلوں کی تعداد کے برابر استغفار کرتا ہوں کہ زبردست اور موسلادھار بارش کی صورت میں ہم پر برسیں و نازل ہوں۔ میں اس مقدار میں اللہ سبحانہٗ سے استغفار کرتا ہوں کہ جس تعداد میں روز ازل سے اہل عناد و اہل کفر کے ساتھ بہادر سواروں

https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/

کی جانب سے جہاد ہوا۔

میں اللہ سبحانہٗ سے اس مقدار اور تعداد کے برابر استغفار کرتا ہوں کہ جب تک حاجی صاحبان ارض حجاز میں گناہوں کی مغفرت کرانے اور خطائیں بخشوانے کے لئے ارض حجاز میں حاضر ہوتے رہا کریں۔ میں اللہ سبحانہٗ سے درختوں کی تعداد کے مساوی استغفار کرتا ہوں اور اِن دنیا کے تمام درختوں و نباتات کے دانوں، کلیوں اور خوشوں کے برابر میں اللہ سبحانہ جل جلالہ سے پرندوں کی تعداد، کل جانوروں، تمام شہد کی مکھیوں کی تعداد اور چکوروں کی تعداد کی مثل و مانند۔

میں اللہ سبحانہ سے علوم کی تعداد کے برابر استغفار کرتا ہوں جب کہ علوم کو برّ و عمل کی زیادتی کے ساتھ دگنا اور دوہرا کر دیا جائے۔ میں کیڑے مکوڑوں کی کل تعداد اور برّ و بحر کی تمام مچھلیوں اور جانوروں کی مجموعی مقدار کے برابر اللہ سبحانہٗ سے استغفار کرتا ہوں میں اللہ سبحانہٗ سے اپنے قول و عمل سے استغفار کرتا ہوں اگر یہ قول و عمل تمام علتوں اور بیماریوں سے پاک و صاف نہ ہو۔ میں اللہ سبحانہٗ سے تمام وجہ د کائنات کے برابر استغفار کرتا ہوں جب میں اس کو اس ـــ کے ازل کی جانب سے دیکھوں اے اللہ قصیدہ نظم کرنے والے کی مغفرت فرما اور اسکو پڑھنے والے کی مغفرت فرما دے اس پر اپنا خصوصی لطف و کرم فرما۔ اور اس کے سننے والے پر مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم کے عالی قدر واسطہ سے خصوصی سخاوت اور کرم فرما

تیرے چھوٹے بندے علمیؔ نے فقیرانہ حالت میں تجھ سے وعدہ پورا کیا ہے۔ اور وہ تیری جود و سخا کا امیدوار ہے اے میرے امیدوں کی آماجگاہ۔

اے اللہ علمی پر خصوصی احسان و اکرام فرما دے اور اِن کے اوپر کئی گنا نعمتیں نازل فرما دے۔ اور اے اللہ ان کو ہر طرح کی ذلت و نکبت اور عذاب سے محفوظ رکھ۔ حضور پرنور صلی اللہ علیہ وسلم کی آل، محبین اور پڑوسیوں پر نیز آپ

https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/

کے تمام بھائیوں پر مسلسل لگاتار برسنے والا فیض بے اندازہ نازل فرما۔

اسی طرح ایسے تمام مسلمانوں پر بھی کہ کتب انبیاء کرام پر ایمان لائے اللہ کی رحمت ہو۔ اے گناہوں کی بخشش و مغفرت فرمانے والے۔

پھر صلوٰۃ ہو مختار اور ہمارے آقا صلی اللہ علیہ وسلم پر کہ جود وجود کے خزانے ہیں اور مخلوق و رسل کا ملجا و ماویٰ ہیں۔ محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی ذاتِ اقدس مجتبیٰ ہیں کہ جو قبیلہ مضر میں سے مبعوث ہوئے اور جو سب سے زیادہ واضح راستوں سے ہمارے لئے سراپا رحمت بن کر تشریف لائے۔ اسی طرح حضور پُرنور صلی اللہ علیہ وسلم پر رحمٰن کی جانب سے صلوٰۃ وسلام ہو جو صلوٰۃ والسلام اللہ سبحانہ کی عالی بارگاہ میں آپ کو اعلیٰ ترین درجہ و مرتبہ تک پہنچا دے۔

نیز اللہ سبحانہ، حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ، حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ، زوجِ بتول علی رضی اللہ عنہ سے راضی ہو۔ نیز حضور پُرنور صلی اللہ علیہ وسلم کی آل پاک صحابہ کرام اور تابعین عظام سب کے سب پر صلوٰۃ و سلام ہو نیز میرے والد میرے شیوخ اور ہر ولی پر صلوٰۃ وسلام ہو۔ اور اے اللہ ہمیں توحید پر قائم رکھنا اور صدق فی القول نیز اخلاق فی العمل یعنی بات چیت میں صدق اور عمل میں اخلاص عطا فرما دے۔

یہ استغفارِ مقبولہ مصنف کا کیا ہوا ختم ہوا ہے۔

امیر الشعراء احمد الشوقی رحمۃ اللہ علیہ کا
قصیدہ نہج البُردہ
امیر الشعراء احمد شوقی مصری رحمۃ اللہ علیہ

بان وعَلَم کے درمیان ٹکڑوں پر اور ٹیلوں کے درمیان وہ عظیم الشان محبوب تشریف فرما ہے کہ جس نے اشہرِ حرم کے درمیان میرا خون بہانا جائز

https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/

اور درست قرار دیا ہے۔

جب محبوب نے آواز نکالی تو مجھے میرے نفس نے میرے ساتھ یہ گفتگو اور کلام کرتے ہوئے بتلایا۔ اے ہائے افسوس اور خرابی آپ کا پہلو اور نفس تو پھینکے ہوئے تیر کے ساتھ نشان زدہ اور زخمی ہے۔ میں نے اس کے ساتھ مشقت کی اور اس تیر کو اپنے جگر کے اندر چھپالیا کیونکہ محبوبوں کے لگائے ہوئے زخم میرے نزدیک تکلیف دہ اور اذیت ناک نہیں ہوتے ہیں۔

اے وہ شخص کہ جو مجھے محبوب کی محبت میں لعن طعن کرتا ہے حالانکہ محبت والفت مقدر میں بن گئی ہے اگر تم پر وجد طاری ہوتا تو تم بھی معتدل مزاج نہ رہ سکتے اور نہ ہی مجھے لعن طعن کیا کرتے۔ محبت وعشق کے سلسلہ میں مجھے کچھ سنائی نہیں دیتا۔ بہت سے دل کھونے والے عاشقین محبین ایسے ہوتے ہیں کہ جن کا دل بہرہ بے پروا ہو کر لعن طعن خاطر میں نہیں لاتا۔

اے وہ شخص کہ جس کی آنکھیں اونگھ کر اظہار غفلت وسستی کر رہی ہیں تم نے کبھی بھی عشق اور محبت کا مزہ نہیں چکھا ہے۔ اور محبت کی حفاظت میں سخت عشق ومحبت کے باعث تم رات بھر جاگتے رہے ہو لہٰذا اب سو جاؤ۔

اے جان ونفس تمہاری دنیا پر رونے والی کو مخفی رکھتی اور چھپاتی ہے اگرچہ اس میں سے تمہارے لئے مسکرانے والا حسن وجمال ظاہر بھی ہو جائے۔ اخلاق کے معاملہ میں اے نفس تمہاری اصلاح کا معاملہ محض اور صرف حضور پُرنور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی عالی قدر ذات اقدس ہی ہے۔ لہٰذا تم اپنے نفس اور جان کو اخلاق عالیہ سے سیدھا و مستقیم کیجئے تو تم خود سیدھے اور درست ہو جاؤ گے۔ اور نفس اگر نیک وخیر ہو تو اس کا انجام و عاقبت بھی بہترین اور درست ہو گی۔

اگر میرا گناہ مغفرت اور بخشش کے لائق نہ ہو تو بھی مجھے اللہ سبحانہ کی ذات پر امید ہے کہ اللہ جل مجدہ مجھے بہترین اور عمدہ ترین ٹھکانہ بخشے گا۔

جب مجھ پر مصائب وآلام اور خطرات کا ہجوم سخت وزبردست ہو جاتا ہے تو

https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/

میں اپنی امید اور رجاءِ دنیا و آخرت کی مشکلات آسان طریقہ سے حل کرنے والی ہستی پر ڈال دیتا ہوں جن کی برکت سے دارین کے غم دور ہوں گے صلی اللہ علیہ وسلم جب عاجزی کی جبین نیاز جھکاتا ہوں تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ جہاں پناہ سے ہی شفاعت کی عزت کی بھیک طلب کرتا ہوں اور حضور پُر نور صلی اللہ علیہ وسلم کی نظرِ کرم کا سوال ہی کرتا ہوں۔

اگر کوئی صاحبِ تقوی اور نیک و صالح شخص کوئی نیکی لے کر آگے بڑھے گا تو میں حضور پُر نور صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہِ جہاں پناہ میں ندامت کے آنسو پیش کرونگا چنانچہ میں نے امیر الانبیاء صلی اللہ علیہ وسلم کے مقدس دروازے کو لازم پکڑ رکھا ہے۔ اور جو اللہ کے دروازے کی چابی کو مضبوطی سے پکڑے وہ مال غنیمت اور بے اندازہ کرم و بخشش حاصل کرلیگا بلاشبہ حضرت محمد اللہ سبحانہٗ کے مخصوص و منتخب مصطفیٰ ہیں۔ اور اللہ سبحانہٗ کی رحمت ہیں۔ آپ اللہ سبحانہٗ کا مطلوب و مقصود ہیں اس کی ساری مخلوق میں سے اور تمام کائناتِ عالم و دنیا سے۔

اور حضور پُر نور صلی اللہ علیہ وسلم کی عالی قدر ذاتِ اقدس کو ارشاد فرمایا گیا "اقرا" یعنی آپ پڑھیں یہ ارشاد اور فرمان صادر فرمانے والی ہستی اللہ تعالیٰ جل جلالہ تھا۔ اور آپ سے پہلے یوں کسی کو منہ یا زبان کے ساتھ نہ فرمایا گیا کہ پڑھو اور تلاوت کرو۔

وہاں حضور پُر نور صلی اللہ علیہ وسلم کی ذاتِ اقدس نے اللہ کی طرف بلایا اور آپ کے مقدس لغموں کے ساتھ اہل مکہ کے کان بھر کر مملوٗ ہو گئے۔

حضور پُر نور صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات اقدس ہادیِ اعظم کی بشارتیں اور ظہور کی اخبار جاری و ساری ہوئیں اور آپ کی ولادت باسعادت مشرق و مغرب میں مینارۂ نور کی طرح ہدایت و رشد پھیلانے والی ہے۔

یارسول اللہ! آپ تشریف لائے تو اس وقت کے لوگ بے لگام اور بکھرے ہوئے تھے۔ اور ان کے اردگرد بے شمار و لاتعداد پتھر لکڑی

https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/

کے گھڑے ہوئے بت تھے۔

آپ کی عالی قدر ذاتِ اقدس کو اللہ سبحانہٗ نے معراج و اسرار کرایا رات کے تھوڑے سے وقت میں جب کہ تمام ملائکہ ورسل مسجد اقصیٰ میں جمع ہوئے اور آپ ان کے امام بنے۔ اور جب ان تمام لوگوں پر بے حد و حساب خطرات آپہنچے تو انھوں نے اپنے آقا و مولیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کی عالی قدر ذاتِ اقدس کے دامن میں پناہ لے لی جیسے کہ شہاب اور چھوٹے ستارے چودھویں کے چاند کے سائے تلے یا کہ جیسے لشکر علم اور جھنڈے کے گرد مجتمع ہوتا ہے۔

ان تمام انبیاء کرام علیہم الصلوٰۃ والسلام نے آپ کی اقتداء میں نماز ادا فرمائی جن کی شان و شوکت بہت اعلیٰ بالا اور ارفع ہے۔ اور حبیب اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی امامت میں نماز ادا کرنے میں سعادت مند ہوئے۔ یا رسول اللہ علیہ وسلم آپ آسمانوں پر تشریف لائے۔ یا آسمانوں پر سے زیادہ بلند ہوں اور رفعتوں تک آپہنچے آپ منور موتی اور عمدہ ترین بلند چوٹیوں تک آپہنچے۔

حضور پُرنور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی معراج جسمانی جیسے بے مثل کمالاتِ عالیہ خالقِ باری کی مشیّت اور صنعت سے قرار پائے۔ اور اللہ کی قدرت و طاقت شک و شبہ سے پاک اور تہمتوں سے منزہ ہے۔ حتیٰ کہ آپ صلی اللہ علیک وسلم ایسی بلندی رفعت اور آسمان تک آپہنچے کہ جہاں پر پر دبازو سے اُڑ کر رسائی حاصل نہیں کی جاسکتی ہے۔ اور نہ ہی یہاں قدموں کے بل چل کر پہنچا جاسکتا ہے فرمایا گیا کہ ہر نبی اپنے رتبہ اور مقام تک ہی ہے۔ اور یا رسول اللہ صلی اللہ علیک وسلم یہ ہے عرش کہ آپ نے اس تک یا اس سے بھی بڑھ کر رفعتیں پالیں اے اللہ حضور پُرنور کی آرزو میں قبائل بیدار اور ہوشیار ہوگئے یعنی آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی تشریف آوری کے باعث اقوام و ملل عدم و موت کی نیند سے بیدار ہوگئیں۔

ہمارے متعلق تیرے حکم اور امر و قضاء کی رائے تیری حکمت اور دانائی

https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/

کے باعث ہی ہے۔ تو اپنے چہرہ انور سے ایک عمدہ قاضی اور منتقم کی مشیت سے ہم پر کرم اور نوازش فرما دے۔

اور اے اللہ حضور رسول العالمین صلی اللہ علیہ وسلم کا واسطہ وسیلہ ہم پر خصوصی لطف و کرم فرما دے۔ اور اے اللہ حضور کی امت کو حسف و مسخ نیز زہر آلودگی وغیرہ سے محفوظ و مصؤن فرما دے۔

اے اللہ تو نے حضور پر نور صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات بابرکات کے وسیلہ جلیلہ سے مسلمانوں کی ابتدا اچھی طرح و عمدہ طریقے سے فرمائی ہے۔ لہذا تو اپنے فضل و کرم کو مکمل فرما۔ اور حضور پُر نور صلی اللہ علیہ وسلم کی ذاتِ والاصفات کو حسنِ اختتام اور بہترین انجام عطا فرما دے۔

حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی مدح میں شیخ برعی رضی اللہ عنہ کا ایک قصیدہ

اے اللہ نبی مجتبیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ذاتِ اقدس پر صلوٰۃ وسلام نازل فرما جب تک کہ بیان کی قمری بیابان میں چہچہاتی اور گاتی رہے۔ تاقیامت

اے اللہ نبی اکرم اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی آل پاک پر صلوٰۃ وسلام نازل فرمانا جب تک کہ بطحار کی فضاؤں میں بجلی کوندتی رہے یا مخفی رہے اور پھر چمکے۔

اے اللہ حضور نبی معظم اور آپ کی آل پاک پر صلوٰۃ وسلام نازل فرما جب تک کہ حاجی صاحبان اور زائرین تیرے مبارک گھر میں حج و زیارت کا قصد کریں۔

اے اللہ حضور نبی معظم صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ کی آل پاک پر صلوٰۃ وسلام نازل فرما۔ جب تک کہ صاحب کرم و بخشش کسی مہمان کو مرحبا کہنا رہے۔

https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/

اے اللہ حضور نبی اکرم اور آپ کی آل پاک پر اس وقت تک صلوٰۃ وسلام نازل فرما جب تک کہ فضاء کا ستارہ دوسرے ستارے کے سامنے آتا رہے۔ اللہ کی قسم اے ذکر مصطفیٰ سے لذت و سرور پانے والو تم حضور پرنور صلی اللہ علیہ وسلم پر صلوٰۃ وسلام ارسال کرو جیسے کہ اس نے فرض اور واجب قرار دے دیا ہے۔

تم نبی مختار صلی اللہ علیہ وسلم پر صلوٰۃ وسلام بھیجو کیونکہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم تمہارے شفیع ہیں اس روز حشر کو آپ نجات دلائیں گے جب کہ ہر بچہ اور چھوٹی عمر والا نوجوان اٹھایا جائیگا۔ تم اس ذات والاصفات پر صلوٰۃ وسلام بھیجو کہ جن کے اوپر بادل نے سایہ کیا اور ہرنی نے آپ کی بارگاہ میں عاجزی انکساری کے ساتھ دہائی دے کر فریاد کی اونٹ کے بچے نے شوق و محبت کے ساتھ اپنے دکھ درد آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں عرض کیئے۔ تم اس ذاتِ اقدس واعلیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہِ اقدس میں صلوٰۃ وسلام عرض کرو کہ جن کے واسطے وسیلے سے تم جنت میں داخل ہو گے جو کہ دار السلام ہے۔ اور یوں تم اپنے مقصد و مطلب و غرض کو پالو گے۔

تم حضور پرنور پر صلوٰۃ وسلام پیش کرو اور آپ کیلئے طلب ترحم کرو کہ جن کی برکت اور وسیلے سے تم ایک پانی پینے کے گھاٹ اور مشرب حوضِ کوثر پر وارد ہو گے۔

اے ذاتِ ذوالجلال! آپ کی ذاتِ اقدس پر صلوٰۃ وسلام ہو کہ جن کی طلعت کی روشنی اور نور کے باعث ہر طرح کے اندھیرے اور ظلمتیں چھٹ گئیں اور آپ کے نور مقدس سے سارا عالم بقعۂ نور بن گیا۔

دوست محمد شاکر سیالوی عفی عنہ

ترجمہ: یکم صفر المظفر ۱۴۰۶ ہجری

https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/

مولد العروس

للعالم العلامة والحبر الفهامة

الإمام ابن الجوزي

نفعنا الله به والمسلمين آمين

(١)

دار الكتب الشعبية
بيروت - لبنان

https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/

بِسْمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحْمَٰنِ ٱلرَّحِيمِ

ٱلْحَمْدُ لِلَّهِ ٱلَّذِي أَبْرَزَ مِنْ غُرَّةِ عَرُوسِ ٱلْحَضْرَةِ صُبْحًا مُسْتَنِيرًا . وَأَطْلَعَ فِي أَفْلَاكِ ٱلْكَمَالِ مِنْ بُرُوجِ ٱلْجَمَالِ شَمْسًا وَقَمَرًا مُنِيرًا . وَٱخْتَارَ فِي ٱلْقِدَمِ سَيِّدَ ٱلْكَوْنَيْنِ حَبِيبًا وَنَجِيبًا وَسَفِيرًا . وَأَخَذَ لَهُ ٱلْعُهُودَ عَلَىٰ سَائِرِ مَخْلُوقَاتِ ٱلْوُجُودِ تَعْظِيمًا لَهُ وَتَوْقِيرًا . وَجَعَلَ لِجَلَالِ جَمَالِ كَمَالِ بَهَاءِ غُرَّتِهِ بُطُونًا ٱخْتَارَهَا لِحَمْلِهِ وَظُهُورًا . وَجَعَلَهَا لِصَوْنِ صَدَفَةِ دُرَّةِ بَهْجَةِ مُهْجَةِ لُؤْلُؤَةِ نَفْسِهِ ٱلنَّفِيسَةِ بُحُورًا وَجَعَلَ مِنْهَا عَذْبًا فُرَاتًا وَمِلْحًا أُجَاجًا حِكْمَةً مِنْهُ وَتَقْدِيرًا . وَٱجْتَبَاهُ وَحَمَاهُ مِنَ ٱلدَّنَسِ وَٱلرِّجْسِ وَطَهَّرَهُ تَطْهِيرًا وَنَقَلَهُ فِي ٱلْأَصْلَابِ مِنْ آدَمَ إِلَىٰ نُوحٍ وَشِيثٍ وَإِبْرَاهِيمَ وَإِسْمَاعِيلَ وَكُلِّ نَبِيٍّ غَدَا بِهِ مُسْتَجِيرًا . وَمَا مِنْهُمْ إِلَّا مَنْ أَخَذَ عَلَيْهِ ٱلْعَهْدَ وَٱلْمِيثَاقَ لَيُؤْمِنَنَّ بِهِ وَلَيَنْصُرَنَّهُ وَكَانَ ذَٰلِكَ فِي ٱلْكِتَابِ مَسْطُورًا . فَآدَمُ لِأَجْلِهِ تَابَ ٱللَّهُ عَلَيْهِ وَإِدْرِيسُ بِسَبَبِهِ رَفَعَهُ ٱللَّهُ إِلَيْهِ . وَنُوحٌ فِي ٱلْفُلْكِ بِهِ تَوَسَّلَ وَهُودٌ فِي دُعَائِهِ عَلَيْهِ عَوَّلَ . وَٱلْخَلِيلُ بِهِ تَشَفَّعَ . وَإِسْمَاعِيلُ بِهِ تَضَرَّعَ . وَمُوسَىٰ أَعْلَمَ قَوْمَهُ بِمُكَالَمَتِهِ وَسَأَلَ رَبَّهُ أَنْ يَكُونَ مِنْ أُمَّتِهِ وَلَهُ وَزِيرًا . وَعِيسَىٰ بَشَّرَ بِوُجُودِهِ وَطَلَبَ ٱلْمُهْلَةَ إِلَىٰ زَمَانِهِ لِيَكُونَ لَهُ نَصِيرًا . وَٱلْأَخْبَارُ بِهِ أَخْبَرَتْ . وَٱلْكُهَّانُ بِهِ أَعْلَنَتْ . وَٱلْجِنُّ بِرِسَالَتِهِ آمَنَتْ . وَٱلْآيَاتُ بِٱسْمِهِ نَطَقَتْ وَنَارُ فَارِسَ

https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/

مِنْ نُورِهِ اخْمِدَتْ . وَالْأَسِرَّةُ بِمُلُوكِهَا تَزَلْزَلَتْ . وَالتِّيجَانُ مِنْ رُؤُوسِ أَرْبَابِهَا تَسَاقَطَتْ . وَبُحَيْرَةُ طَبَرِيَّا عِنْدَ ظُهُورِهِ وَقَفَتْ . وَكَمْ مِنْ عَيْنٍ نَبَعَتْ وَفَارَتْ . وَانْشَقَّ إِيوَانُ كِسْرٰى وَشُرُفَاتُهُ تَسَاقَطَتْ . وَمَلَائِكَةُ السَّبْعِ سَمٰوَاتٍ بِمَوْلِدِهِ تَبَاشَرَتْ وَالسَّمَاءُ شَرَفًا لَهُ حُرِسَتْ . وَالشُّهُبُ إِكْرَامًا لَهُ لِمُسْتَرِقِ السَّمْعِ رُجِمَتْ . وَإِبْلِيسُ صَاحَ وَنَادٰى عَلٰى نَفْسِهِ وَيْلًا وَثُبُورًا . ٣

أَعَلِمْتَ مَنْ رَكِبَ الْبُرَاقَ عَشِيًّا وَتَلَاهُ جِبْرِيلُ الْأَمِينُ نَدِيًّا
حَتّٰى سَمَا فَوْقَ السَّمَاءِ قُدُومًا وَدَنَا وَكَلَّمَ رَبَّهُ تَكْلِيمًا

(صَلُّوا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوا تَسْلِيمًا)

وَمَنِ الْمُخَصَّصُ بِالنُّبُوَّةِ أَوَّلًا وَأَبُوهُ آدَمُ طِينَةٌ لَمْ يَكْمُلَا
وَمَنِ الَّذِي نَالَ الْعُلَا حَتّٰى عَلَا شَرَفًا وَحَازَ الْفَخْرَ وَالتَّفْخِيمَا

(صَلُّوا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوا تَسْلِيمًا)

ذَاكَ ابْنُ آمِنَةَ الْبَشِيرُ الْمُنْذِرُ اَلصَّادِقُ الْمُزَّمِّلُ الْمُدَّثِّرُ
اَلسَّابِقُ الْمُتَقَدِّمُ الْمُتَأَخِّرُ حَاوِي الْمَفَاخِرِ آخِرًا وَقَدِيمًا

(صَلُّوا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوا تَسْلِيمًا)

إِخْتَارَهُ رَبُّ السَّمٰوَاتِ الْعُلَا وَاخْتَصَّهُ بِالْمَكْرُمَاتِ وَفَضَّلَا
وَهَدَاهُ بِالْوَحْيِ الشَّرِيفِ مُفَصَّلًا سُؤْلًا وَذِكْرًا مِنْ لَدَيْهِ حَكِيمًا

(صَلُّوا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوا تَسْلِيمًا)

هُوَ صَفْوَةُ الْبَارِي وَخَاتَمُ رُسْلِهِ وَأَمِينُهُ الْمَخْصُوصُ مِنْهُ بِفَضْلِهِ

https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/

لَا دَرَّ دَرُّ الشِّعْرِ إِنْ لَمْ أُمْلِــهِ فِي مَدْحِ أَحْمَدَ لُؤْلُؤًا مَنْظُومًا
(صَلُّوا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوا تَسْلِيمًا)

يَامَنْ بَرَاهُ اللهُ نُورًا لِلْوَرٰى فَأَقَامَ فِيهِمْ مُنْذِرًا وَمُبَشِّرًا
هَاغَرْسُ جُودِكَ فِي الْعَرَاءِ وَفِي الثَّرٰى وَغَدًا سَيَجْمَعُنَا الْمَعَادُ عُمُومًا
(صَلُّوا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوا تَسْلِيمًا)

مِنِّي السَّلَامُ عَلَيْكَ مَاهَبَّ الصَّبَا وَتَعَانَقَتْ عَذَبَاتُ بَانَاتِ الرُّبَا
وَتَنَاوَحَتْ وُرْقُ الْحَمَائِمِ فِي رُبَا وَأَضَاءَ نُورُكَ فِي السَّمَاءِ نُجُومًا
(صَلُّوا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوا تَسْلِيمًا)

وَعَلَيْكَ صَلَّى اللهُ غَالِبَ أَمْرِهِ تَعْدَادَ مَوْجُودِ الْوُجُودِ بِأَسْرِهِ
بِاللهِ يَامُتَلَذِّذِينَ بِذِكْرِهِ مَنْ كَانَ مِنْكُمْ ظَاعِنًا وَمُقِيمًا
(صَلُّوا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوا تَسْلِيمًا)

فَلَمَّا وُلِدَ صَاحِبُ النَّامُوسِ ★ بَدَا فِي الْحَضْرَةِ كَالْعَرُوسِ. بِوَجْهٍ يَحْكِي الْقَمَرَ ظُهُورًا. وَشَعْرٍ يُشْبِهُ فِي سَوَادِهِ دَيْجُورًا. وَجَبِينٍ أَطْلَعَ مِنْهُ ضِيَاءً وَنُورًا وَقَدْ أَمْسَى الْجَمَالُ بِهِ قَرِيرًا. وَأَنْفٍ أَحْسَنَ مِنْ حَدِّ الْحُسَامِ مَشْهُورًا. وَشَفَتَيْنِ كَالْعَقِيقِ وَثَغْرٍ حَكَىٰ لُؤْلُؤًا مَنْثُورًا. وَجَبِينٍ كَالْفِضَّةِ أَبْدَتْ بَهَاءً وَنُورًا. وَصَدْرٍ أَضْحَىٰ بِالْإِيمَانِ مَعْمُورًا. وَيَدَيْنِ فَجَّرَ مِنْهُمَا مَاءُ النَّعِيمِ تَفْجِيرًا وَقَدَمِ صِدْقٍ أَنَّ لَهُ فِي سَعْيِ السَّعَادَةِ تَأْثِيرًا. وَاضْطَرَبَ الْكَوْنُ عِنْدَ وِلَادَتِهِ وَكَانَ مَخْمُورًا. وَنَشَرَ السَّعْدُ عَلَى الْوُجُودِ نُشُورًا وَأَصْبَحَ مَوْطِنُ الْإِيمَانِ مَعْمُورًا وَجَاءَ بَشِيرُ الْوَحْيِ إِلَىٰ أَهْلِ الْأَكْوَانِ وَقَرَأَ قَارِئُ الْوَصْلِ وَنَادٰى فِي الْأَقْطَارِ جَمًّا غَفِيرًا

https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/

يَا أَيُّهَا النَّبِيُّ إِنَّا أَرْسَلْنَاكَ شَاهِدًا وَمُبَشِّرًا وَنَذِيرًا . وَدَاعِيًا إِلَى اللهِ بِإِذْنِهِ وَسِرَاجًا مُنِيرًا . وَبَشِّرِ الْمُؤْمِنِينَ بِأَنَّ لَهُمْ مِنَ اللهِ فَضْلًا كَبِيرًا وَلَا تُطِعِ الْكَافِرِينَ وَالْمُنَافِقِينَ وَدَعْ أَذَاهُمْ وَتَوَكَّلْ عَلَى اللهِ وَكَفَى بِاللهِ وَكِيلًا .

شعر ٥

صُبْحُ الْهُدَى مَلَأَ الْوُجُودَ سُرُورًا لَمَّا بَدَا وَجْهُ الْحَبِيبِ مُنِيرًا
أَطْلَعْتَ يَا شَهْرَ الرَّبِيعِ مُشَرَّفًا قَمَرًا يَفُوقُ مَعَ الْكَمَالِ بُدُورًا
شَهْرُ الرَّبِيعِ أَتَى بِمَوْلِدِ أَحْمَدٍ وَلَقَدْ أَتَانَا بِالْهَنَاءِ بَشِيرًا
وَتَرَنَّمَ الْأَطْيَارُ عِنْدَ ظُهُورِهِ فَرَحًا وَمَالَ الْغُصْنُ مِنْهُ بُدُورًا
وَأَتَى النَّسِيمُ مُبَشِّرًا وَمُعَطِّرًا بِقُدُومِ أَحْمَدَ فِي الْأَنَامِ نَذِيرًا
وَالْحُورُ فِي غُرَفِ الْجِنَانِ تَبَاشَرَتْ وَقَضَتْ بِمِيلَادِ النَّبِيِّ نُذُورًا
لَمَّا بَدَا وَجْهُ الْحَبِيبِ تَلَأْلَأَتْ كُلُّ الْبِقَاعِ وَقَدْ نَطَقْنَ شُكُورًا
وَرَأَتْهُ آمِنَةٌ يُسَبِّحُ سَاجِدًا عِنْدَ الْمِيلَادِ إِلَى السَّمَاءِ مُشِيرًا
وَانْشَقَّ إِيوَانُ لِكِسْرَى جَهْرَةً وَغَدَا حَزِينًا فِي الْأَنَامِ كَسِيرًا
وَتَسَاقَطَ الْأَصْنَامُ عِنْدَ مِلَادِهِ وَتَصَعَّدَ الْكُهَّانُ مِنْهُ زَفِيرًا
لَمَّا تَشَفَّعَ آدَمُ مِنْ ذَنْبِهِ غَفَرَ الْإِلَهُ لَهُ وَكَانَ غَفُورًا
وَكَذَاكَ نُوحٌ فِي السَّفِينَةِ قَدْ نَجَا بِمُحَمَّدٍ فَاسْأَلْ بِذَاكَ خَبِيرًا
لَوْلَاهُ مَا كَانَ الْكَلِيمُ مُخَاطِبًا فِي الطُّورِ لَمَّا أَنْ أَرَادَ أُمُورًا
لَوْلَاهُ مَا رُفِعَ الْمَسِيحُ إِلَى السَّمَا وَلَيَنْزِلَنَّ مُجَاهِدًا وَنَذِيرًا
وَالْأَنْبِيَاءُ جَمِيعُهُمْ قَدْ بَشَّرُوا بِوِلَادِ أَحْمَدَ مَوْرِدًا وَصُدُورًا
طَفِئَتْ بِهِ نَارُ الْمَجُوسِ تَذَلُّلًا وَغَدَا بِهِ صَيِّبُ الْغَمَامِ مَطِيرًا

https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/

أَخْبَارُ أَحْمَدَ فِي الْكِتَابِ تَوَاتَرَتْ وَلَقَدْ أَبَاحَ بِسِرِّ ذَاكَ بُحَيْرَا
بُشْرَاكُمُ يَا أُمَّةَ الْهَادِي فَقَدْ نِلْتُمْ بِطٰهٰ جَنَّةً وَحَرِيرًا
صَلَّى عَلَيْهِ اللّٰهُ رَبِّي دَائِمًا مَا دَامَتِ الدُّنْيَا وَزَادَ كَثِيرًا

وَفِي لَيْلَةِ مَوْلِدِهِ ﷺ انْشَقَّ إِيوَانُ كِسْرٰى وَرُمِيَ بِالْمِحَنِ وَالنَّوَائِبِ★وَمُنِعَتِ الشَّيَاطِينُ مِنَ الصُّعُودِ إِلَى السَّمَاءِ وَصُمَّتْ آذَانُهُمْ عَنْ سَمَاعِ الْعُلَا وَيُقْذَفُونَ مِنْ كُلِّ جَانِبٍ دُحُورًا وَلَهُمْ عَذَابٌ وَاصِبٌ★كُلُّ ذٰلِكَ لِحُرْمَةِ هٰذَا النَّبِيِّ الْكَرِيمِ وَالرَّسُولِ الْعَظِيمِ★الَّذِي أَنْزَلْتَ عَلَيْهِ فِي مُحْكَمِ كِتَابِكَ الْعَزِيزِ إِنَّا زَيَّنَّا السَّمَاءَ الدُّنْيَا بِزِينَةٍ الْكَوَاكِبِ. يَا لَهُ مِنْ نَبِيٍّ كُلَّمَا حَنَّ إِلَيْهِ الْمُشْتَاقُ وَقَطَعَ السَّبَاسِبَ وَسَارَ عَلٰى ظُهُورِ النَّجَائِبِ وَكُلَّمَا حَدَا الْحَادِي وَلَاحَتِ الْأَعْلَامُ وَالْمَضَارِبُ. بَادَرَ الْكَئِيبُ الْمُسْتَهَامُ وَقَدْ زَادَ بِهِ الْوَجْدُ إِلٰى لُقْيَا الْحَبَائِبِ. يَقُولُ.

٦

حُدَاةَ الْعِيسِ رِفْقًا بِالنَّجَائِبْ فَقَلْبِي سَارَ فِي إِثْرِ الرَّكَائِبْ
وَجِسْمِي ذَابَ مِنْ أَلَمٍ وَوَجْدٍ وَمِنْ شَوْقِي إِلٰى لُقْيَا الْحَبَائِبْ
فَهَلْ لِي مِنْ سَبِيلٍ لِلتَّلَاقِي فَدَمْعِي قَدْ غَدَا مِثْلَ السَّحَائِبْ
لَئِنْ سَمَحَ الزَّمَانُ بِطِيبِ وَصْلٍ وَبُلِّغْتُ الْمَقَاصِدَ وَالْمَآرِبْ
لَأَلْثُمُ ذٰلِكَ التُّرْبَ افْتِخَارًا وَأَرْوِيهِ بِأَدْمُعِي السَّوَاكِبْ
وَأَحْظٰى بِالْعَقِيقِ وَسَاكِنِيهِ وَمَنْ قَدْ حَلَّ فِي تِلْكَ الْمَضَارِبْ
قِبَابٌ قَدْ حَوَتْ بَدْرًا مُنِيرًا إِذَا مَا مَالَ فِي تِلْكَ النَّوَائِبْ
فَلَوْ أَنَّا عَمِلْنَا كُلَّ يَوْمٍ لِأَحْمَدَ مَوْلِدًا قَدْ كَانَ وَاجِبْ

https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/

تَحِنُّ لَهُ بُدُورُ الْحُسْنِ طَوْعًا سُجُودًا فِي الْمَشَارِقِ وَالْمَغَارِبْ
عَلَيْهِ مِنَ الْمُهَيْمِنِ كُلَّ وَقْتٍ صَلَاةٌ مَا بَدَا نُورُ الْكَوَاكِبْ

